باسمہ تعالیٰ و تقدّس

ابتدائی طلبہ کے لیے فن صرف کی آسان کتاب

# دِرَاسَۃُ الصَّرف

﴿از﴾

مولانا ساجد علی مصباحی

استاذ الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور

باہتمام

مجلس برکات، الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور

اعظم گڑھ، یوپی

اشاعت اول : ــــــ ۱۴۳۰ھ/۲۰۰۹ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## سلسلۂ اشاعت نمبر ........................


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | دِرَاسَۃُ الصَّرف |
| مؤلف | : | مولانا ساجد علی مصباحی |
| کمپوزنگ | : | حافظ ملت کمپیوٹر سینٹر، الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور |
| اشاعت اول | : | ۱۴۳۰ھ/۲۰۰۹ء |
| صفحات | : | ۷۲ |
| قیمت | : | .............. |
| باہتمام | : | مجلس برکات، الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور |
| ناشر | : | مجلس برکات، الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور |
| مطبع | : | |

ملنے کے پتے:

(۱) مجلس برکات، الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ (یوپی) پن 276404

(۲) مجلس برکات، 149، گراؤنڈ فلور، کٹرا گوکل شاہ بازار، مٹیا محل جامع مسجد، دہلی پن 110006

***MAJLIS-E-BARAKAAT, 149, GROUND FLOOR, KATRA GOKULSHAH MARKET, MATIYA MAHAL JAMA MASJID DELHI PIN 110006***

# کلمۃُ المجلس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حامدًا و مصلّیا

تمدنی وسائل کی ترقی سے پہلے انسانی زندگی مشکلات کی خوگر تھی، کھانے پینے، رہنے سہنے، دُور آنے جانے میں لوگ وہ ساری سختیاں بخندہ پیشانی گوارا کرتے جن کے تصور سے ہی آج پسینہ آتا ہے۔ تعلیم و تعلم کی دنیا بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔ پہلے جو دشواریاں تھیں آج ان کا عُشرِ عَشیر بھی نہ رہا۔ تعلیمی میدان میں بھی اربابِ ہمت کی تیز گام مساعی کا کارواں برابر جادہ پیما رہا۔

طلبہ کے مزاج وحالات اور زمانے کی ضروریات کو سامنے رکھ کر علوم وفنون کو بہت سے شعبوں میں تقسیم کیا گیا۔ پھر ہر شعبے کے لیے ایک مخصوص نصاب بنا۔ پھر اس نصاب پر بار بار نظر ثانی اور ترمیم وتسہیل کا عمل ہوتا رہا جو دنیا کے ہر ملک میں آج بھی جاری ہے، مگر ہندوستان کے مدارس عربیہ میں یہ عمل ماہرین کی بے توجہی، یا مطلوبہ وسائل کی حد درجہ کمی کے باعث بڑی سست رفتاری کا شکار رہا، اور آج بھی ہے۔

دو سال قبل **تنظیم المدارس** کا قیام عمل میں آیا تو اس طرف کچھ پیش رفت ہوئی۔ اسی کا ایک حصہ یہ تجویز بھی ہے کہ ابتدا میں طلبہ کو نحو وصرف وغیرہ کے قواعد خود ان کی زبان میں سکھائے جائیں، تاکہ قواعد کے ساتھ دوسری زبان کا بار اُن کے اوپر نہ رہے۔ پھر جب وہ بنیادی قواعد سے آشنا ہو کر عربی زبان پر کسی قدر قابو پالیں تو عربی میں قواعد، یا دیگر فنون کی تعلیم زیادہ مشکل نہ رہے گی۔

اس تجویز کے تحت صَرف کی پہلی کتاب ''**دراسۃُ الصَّرف**'' **مولانا ساجد علی مصباحی** استاذ **الجامعۃ الاشرفیہ**، مبارک پور کی توجہ ومحنت سے تیار ہو چکی ہے جو میزان ومنشعب کے تمام قواعد پر مشتمل ہونے کے ساتھ کثیر تمرینات کی بھی حامل ہے، جن سے بعونہ تعالیٰ قواعد کی معرفت میں پختگی بھی آئے گی اور زبان سے آشنائی میں بھی اضافہ ہوگا۔

نحو کی پہلی کتاب کے طور پر ''**دراسۃُ النَّحو**'' کو شاملِ نصاب کیا گیا جو حضرت **مفتی سید افضل حسین مونگیری** علیہ الرحمہ سابق صدر المدرسین جامعہ منظر اسلام، بریلی شریف نے بہت اختصار اور جامعیت کے ساتھ تحریر کی تھی۔

دوسری کتاب ''**قواعد النحو**'' **مولانا ساجد علی مصباحی** نے تیار کی ہے جو نحو میر اور ہدایۃ النحو کے تقریباً تمام قواعد کا احاطہ کرتی ہے۔ زبان وبیان بھی سہل وشستہ ہے جس کے باعث طلبہ کے لیے استفادہ بہت آسان ہے۔ حجم بھی زیادہ نہیں کہ ختم کرانا دوبھر ہو۔ ساتھ ہی مشقی سوالات اور تمرینات کا بھی اضافہ ہے جن کے باعث **إن شاء اللہ الرَّحمٰن** قواعد کی یادداشت اور اجرا میں پختگی اور آسانی ضرور ہوگی۔

صَرف ونحو اور بعض دیگر فنون کی کچھ اور کتابیں بھی زیر ترتیب، یا قریب التکمیل، یا زیر طبع ہیں۔ امید ہے کہ اہلِ علم انھیں نگاہ استحسان سے دیکھیں گے اور دعاؤں سے نوازیں گے۔ خصوصی گزارش یہ ہے کہ کوئی چیز قابلِ اصلاح نظر آئے تو ضرور مطلع فرمائیں، تاکہ اگلی اشاعت میں تصحیح ہو سکے۔ **واللہ لایضیع أجر المحسنین**●

**محمد احمد مصباحی**
نگرانِ مجلس برکات
و صدر المدرسین الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور

۲۰؍ رمضان المبارک ۱۴۳۰ھ
۱۱؍ ستمبر ۲۰۰۹ء جمعۂ مبارکہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد لله الذي يُصرِّف الأفعال إلى ما يشاء. و يجعل الأسماء دالّة على الأشياء. و يفتح أبواب الخير والسعادة لمن يشاء. والصلاة و السّلام على مصدر الفيض سيد الأنبياء. و على كل من اتّبع أمره و نهيه إلى يوم الجزاء.

# باب اول

## درس ①

**صرف کا معنیٰ:** ''صَرف'' کو''تصریف'' بھی کہا جاتا ہے۔لغت میں اس کا معنیٰ ہے: پھیرنا، ہٹانا، بدلنا،خرچ کرنا،بیان کرناوغیرہ۔

**صرف کی تعریف:** صرف وہ اصول وقوانین ہیں جن کی روشنی میں کلمات کے احوال معلوم ہوتے ہیں کہ وہ کیسے بنتے ہیں،ان کے اوزان کیا ہیں اوران میں کسی قسم کی تبدیلی کیسے ہوتی ہے۔

**صرف کا موضوع:** علم میں جس چیز کے احوال سے بحث اور گفتگو ہوتی ہے وہی چیز اس علم کا موضوع قرار پاتی ہے۔صرف کاموضوع **کلمه** ہے باعتبار ہیئت ووزن۔

**صرف کے واضع:** صرف کے واضع مُعاذ بن مُسلم ہَرّاء کوفی ہیں۔اورایک قول یہ ہے کہ اس کے واضع امیر المومنین حضرت علی کرّم اللّٰہ تعالی وجھه الکریم ہیں۔

**صرف کی غرض و غایت:** علم صرف حاصل کرنے کی غرض وغایت یہ ہے کہ ہم صحیح طور سے کلمات بول سکیں اور لکھنے میں اصولی غلطی نہ ہو۔

**لفظ:** جوبات آدمی کے منہ سے نکلتی ہےاس کولفظ کہتے ہیں۔اس کی دوقسمیں ہیں:(۱)موضوع(۲)مہمل۔

**موضوع** معنیٰ دارلفظ کو کہتے ہیں۔جیسے کِتَابٌ (کوئی کتاب)• دِیْنُكَ (تیرادین)۔

**مهمل** بے معنیٰ لفظ کو کہتے ہیں۔جیسے جَسَقٌ۔ کہ اس کا کوئی معنیٰ نہیں ہے۔

لفظِ موضوع کی دوقسمیں ہیں: (۱)مفرد (۲)مرکب۔

**مفرد** اس لفظِ موضوع کو کہتے ہیں جودوسرے لفظ سے مل کر نہ بنا ہو۔جیسے رَجُلٌ (کوئی مرد)• سَمِعَ (اس نے سنا)• مِنْ (سے)__اسی کو **کلمه** بھی کہتے ہیں۔

**مرکب** اس لفظِ موضوع کو کہتے ہیں جودو، یا اس سے زیادہ کلمات سے مل کر بنا ہو۔جیسے نَصرُ اللّٰہِ[۱]• عَذَابٌ اَلِیْمٌ[۲]• کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ[۳]• ھُمْ نَائِمُوْنَ[۴]۔

---

(۱)اللہ کی مدد۔ (۲)ایک دردناک عذاب۔(۳)تم پرروزے فرض کیے گئے۔(۴)وہ لوگ سورہے ہیں۔

## تمرین

(۱) ''صرف'' کی تعریف کیجیے اور اس کے واضع کا نام بتایئے۔ (۲) ''صرف'' کا موضوع اور اس کی غرض و غایت بیان کیجیے۔
(۳) موضوع و مہمل کی تعریف کیجیے اور مثالیں بھی پیش کیجیے۔ (۴) مفرد و مرکب کی تعریف مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

## درس ②

کلمہ کی تین قسمیں ہیں: (۱) فعل (۲) اسم (۳) حرف۔

**فعل** وہ کلمہ ہے جس سے کوئی معنیٰ سمجھ میں آئے اور اس کے ساتھ زمانہ بھی ہو۔ جیسے فَعَلَ (اس ایک مذکر نے کیا)۔ یَسْمَعُ (وہ ایک مذکر سنتا ہے، یا سنے گا)۔ اِرْکَبْ (تو سوار ہو)۔

زمانہ کی تین قسمیں ہیں: (۱) ماضی (۲) حال (۳) مستقبل۔

**ماضی:** گزرا ہوا زمانہ۔ جیسے أَمْسِ (گزرا ہوا کل)۔

**حال:** موجودہ زمانہ۔ جیسے اَلْیَوْم (آج)۔

**مستقبل:** آنے والا زمانہ۔ جیسے غَدًا (آنے والا کل)۔

**اسم** وہ کلمہ ہے جس سے کوئی معنیٰ سمجھ میں آئے اور اس کے ساتھ زمانہ نہ ہو۔ جیسے اَلْکُرَّاسَۃُ (کاپی)۔ قَلَمٌ (کوئی قلم)۔

**حرف** وہ کلمہ ہے جس سے کوئی معنیٰ سمجھ میں نہ آئے جب تک کہ اسے دوسرے کلمہ سے نہ ملائیں۔ جیسے مِنْ (سے)۔ إِلٰی (تک)۔

فعل، اسم اور حرف تینوں کی مثال ایک ساتھ یوں دے سکتے ہیں: اٰمَنَ بِاللّٰہِ[1]۔ اس میں اٰمَنَ فعل، ب حرف اور اللہ اسم ہے۔

فعل کی تین قسمیں ہیں: (۱) ماضی (۲) مضارع (۳) امر۔

**فعل ماضی** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا ہونا، یا کرنا سمجھا جائے۔ جیسے ذَھَبَ (وہ گیا)۔ فَعَلَ (اس نے کیا)۔

**فعل مُضارِع** وہ فعل ہے جس سے موجودہ زمانے میں، یا آنے والے زمانے میں کسی کام کا ہونا، یا کرنا سمجھا جائے۔ جیسے یَذْھَبُ (وہ جاتا ہے/ وہ جائے گا)۔ یَفْعَلُ (وہ کرتا ہے/ وہ کرے گا)۔

**فعل امر** وہ فعل ہے جس سے کسی کام کے کرنے کا حکم معلوم ہو۔ جیسے اِذْھَبْ (تو جا)۔ اِفْعَلْ (تو کر)۔

فعل (خواہ ماضی ہو، یا مضارع، یا امر) دو طرح کا ہوتا ہے: (۱) لازم (۲) متعدی۔ پھر ان کی دو صورتیں ہوتی ہیں: (۱) مثبت (۲) منفی ـــــ لیکن فعل امر ہمیشہ مثبت ہوتا ہے۔

---

(۱) وہ اللہ پر ایمان لایا۔

**فعل لازم** وہ فعل ہے جو صرف فاعل کے ملنے سے پورا ہو جائے۔ جیسے مَاتَ خَالِدٌ (خالد مرا)۔ يَذْهَبُ الْوَلَدُ (لڑکا جاتا ہے)۔ اِجْلِسْ (تو بیٹھ)۔

**فعل متعدی** وہ فعل ہے جو فاعل اور مفعول دونوں سے مل کر پورا ہو۔ جیسے فَتَحَ عَلِيٌّ بَابًا (علی نے ایک دروازہ کھولا)۔ يَنْصُرُ الْمُسْلِمُ أَخَاهُ (مسلمان اپنے بھائی کی مدد کرتا ہے)۔ اِحْفَظِ الدَّرْسَ (تو سبق یاد کر)۔

**فاعل**: فعل جس کی صفت ہو اس کو فاعل کہتے ہیں۔ جیسے نَزَلَ الْقُرْآنُ (قرآن نازل ہوا)۔ سَمِعَ الْوَلَدُ الدَّرْسَ (لڑکے نے سبق سنا) ــــ پہلی مثال میں اَلْقُرْآنُ اور دوسری مثال میں الوَلَدُ فاعل ہے۔

**مفعول**: فعل جس پر واقع ہو اس کو مفعول کہتے ہیں۔ جیسے ضَرَبَ الْوَلَدُ الْكَلْبَ (لڑکے نے کتے کو مارا) ــــ اس مثال میں اَلْكَلْبَ مفعول ہے۔

**فعل مثبت** وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا ہونا، یا کرنا معلوم ہو۔ جیسے قَدِمَ الْإِمَامُ (امام آیا)۔ يَعْدِلُ السُّلْطَانُ (بادشاہ انصاف کرتا ہے)۔ اِغْسِلِ الثَّوْبَ (تو کپڑا دھو)۔

**فعل منفی** وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا نہ ہونا، یا نہ کرنا معلوم ہو۔ جیسے مَا ذَهَبَ الْفِيلُ (ہاتھی نہیں گیا)۔ لَا يَفْهَمُ الْجَاهِلُ (جاہل نہیں سمجھتا ہے)۔

فعل متعدی مثبت ہو، یا منفی، اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں: (۱) معروف (۲) مجہول۔ اور فعل لازم ہمیشہ معروف ہوتا ہے۔

**فعل معروف** وہ فعل ہے جس کی نسبت فاعل کی طرف ہو، یعنی اس کا فاعل معلوم ہو۔ جیسے خَلَقَ اللّٰهُ (اللہ نے پیدا کیا)۔ يَجْلِسُ الْعَالِمُ (عالم بیٹھتا ہے، یا بیٹھے گا)۔

**فعل مجہول** وہ فعل ہے جس کی نسبت مفعول کی طرف ہو، یعنی اس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ جیسے فُتِحَ الْبَابُ (دروازہ کھولا گیا)۔ يُحْبَسُ السَّارِقُ (چور قید کیا جاتا ہے، یا قید کیا جائے گا)۔

## تمرین

(۱) کلمہ کی تینوں قسموں کی تعریفیں مثالوں کے ساتھ سنائیے۔

(۲) مندرجہ ذیل جملوں میں فعل ماضی، مضارع اور امر کو پہچانیے، پھر یہ بتائیے کہ وہ لازم ہے، یا متعدی۔ معروف ہے، یا مجہول۔ مثبت ہے، یا منفی۔

زَهَقَ الْبَاطِلُ (باطل مٹ گیا)۔ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا (اللہ سود گھٹاتا ہے)۔ خَلَقَ اللّٰهُ الْأَرْضَ (اللہ نے زمین پیدا کی)۔ بُعِثَ مُوْسٰى إِلٰى فِرْعَوْنَ (موسیٰ علیہ السلام فرعون کے پاس بھیجے گئے)۔ لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ (مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا)۔ مَا عَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ طَعَامًا قَطُّ (اللہ کے رسول نے کبھی کسی کھانے کو عیب نہیں لگایا)۔ لَا يَنْجَحُ الْكَسْلَانُ أَبَدًا (کاہل کبھی کامیاب نہیں ہوگا)۔ اِحْفَظْ دَرْسَكَ (تو اپنا سبق یاد کر)۔ يَلْعَبُ الْوَلَدُ بِالْكُرَةِ (لڑکا گیند کھیل رہا ہے)۔ يُطْحَنُ الْقَمْحُ فِي الرَّحٰى (گیہوں چکی میں پیسا جاتا ہے)۔ اِجْلِسْ وَاقْرَأْ (بیٹھ اور پڑھ)۔

# درس ③

**صیغه**: حروف کو ایک خاص طریقے پر ترتیب دینے سے جو شکل بنتی ہے اسے ''صیغہ'' کہتے ہیں۔

**واحد** وہ کلمہ ہے جس سے ایک چیز سمجھی جائے۔ جیسے رَجُلٌ (ایک مرد)۔

**تثنیه** وہ کلمہ ہے جس سے ایک طرح کی دو چیزیں سمجھی جائیں۔ جیسے رَجُلَانِ (دو مرد)۔

**جمع** وہ کلمہ ہے جس سے ایک طرح کی کئی چیزیں سمجھی جائیں۔ جیسے رِجَالٌ (بہت سے مرد)۔

**حرکت** زبر، زیر، پیش (ـَ ـِ ـُ) کو کہتے ہیں۔ اور اکٹھا تینوں کو **حرکات ثلاثه** کہتے ہیں۔

**متحرّک** حرکت والے لفظ کو کہتے ہیں۔ **فتحه** زَبر کو کہتے ہیں۔ **کسره** زِیر کو کہتے ہیں۔ **ضمّه** پیش کو کہتے ہیں۔ **مفتوح** وہ حرف ہے جس پر زبر ہو۔ **مکسور** وہ حرف ہے جس پر زیر ہو۔ **مضموم** وہ حرف ہے جس پر پیش ہو۔ **سُکون** جزم کو کہتے ہیں۔ **ساکن** وہ حرف ہے جس پر جزم ہو۔

ان سب کی مثال ہے سَمِعْتُ (میں نے سنا)___ اس میں پہلا حرف مفتوح، دوسرا مکسور، تیسرا ساکن اور چوتھا مضموم ہے۔

فعل ماضی اور فعل مضارع میں سے ہر ایک کے چودہ صیغے آتے ہیں۔ تین مذکر غائب کے لیے، تین مؤنث غائب کے لیے، تین مذکر حاضر کے لیے، تین مؤنث حاضر کے لیے، ایک واحد متکلم کے لیے چاہے وہ مذکر ہو، یا مؤنث۔ اور ایک صیغہ جمع متکلم (متکلم مع الغیر) کے لیے چاہے وہ سب مذکر ہوں، یا مؤنث۔ یا بعض مذکر ہوں اور بعض مؤنث۔ ان سب کی مثال آگے ''گردان'' میں آ رہی ہے۔

ان صیغوں میں ''واحد مذکر غائب'' بنانے کا کوئی قاعدۂ کلّیہ نہیں ہے۔ صرفیوں نے تینتالیس ابواب مقرر کر دیے ہیں اور ہر باب سے ماضی معروف و مضارِع معروف کا ایک ایک صیغہ واحد مذکر غائب بتا دیا ہے۔ تو جو مصدر جس باب کا ہوگا اس مصدر کے ماضی معروف و مضارع معروف کا صیغہ واحد مذکر غائب اسی باب کے ماضی معروف و مضارع معروف کے صیغہ واحد مذکر غائب کے وزن پر آئے گا۔ اور باقی صیغوں کے بنانے کے قواعد ہیں جو صیغوں کی بناوٹ پر غور کرنے سے معلوم ہو جاتے ہیں۔

**ثلاثی مجرد**: تین حرفی کلمہ جس میں کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے عَلِمَ۔

**ثلاثی مزید**: تین حرفی کلمہ جس میں کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے أَعْلَمَ ___ اس میں پہلا حرف زائد ہے۔ ثلاثی مجرد سے ماضی تین وزن پر آتا ہے: فَعَلَ - فَعِلَ - فَعُلَ اور مضارع بھی تین وزن پر آتا ہے:

یَفْعَلُ ، یَفْعِلُ ، یَفْعُلُ۔ ماضی اور مضارع کو ملانے سے کل نو صورتیں ہوتی ہیں۔ لیکن زبانِ عرب میں عموماً صرف چھ شکلیں مستعمل ہیں۔ انھیں کو چھ ابواب کہتے ہیں۔

اس جگہ انھیں ابواب کے ماضی معروف و مضارع معروف کا ایک ایک صیغہ واحد مذکر غائب لکھا جارہا ہے اور آگے ہر ایک کی پوری گردان صیغوں کی تفصیل کے ساتھ آئے گی۔ (إن شآء اللّٰہ تعالی)۔

واضح رہے کہ جو حرف فَعَلَ -یا- یَفْعَلُ کے ف کے مقابل ہو اسے فَ کلمہ، جو ع کے مقابل ہو اسے عَ کلمہ، جو لَ کے مقابل ہو اسے لام کلمہ کہا جاتا ہے۔ مثلاً نَصَرَ میں نَ فا کلمہ، صَ عین کلمہ، رَ لام کلمہ ہے۔ اسی طرح اِفْعَلْ، فَاعِلٌ، مَفْعُوْلٌ، فَعِیْلٌ، اَفْعَلَ وغیرہ کے ف، ع، ل کے مقابل حروف کو سمجھیں۔ مثلاً یَسْمَعُ، اِفْتَحْ ضَارِبٌ، مَنْصُوْرٌ، کَرِیْمٌ، اَسْلَمَ کو مذکورہ کلمات کے مقابل رکھ کر دیکھیں جو فَ، ع، لَ کے مقابل ہوں انھیں فَ، عَ، لَ کلمہ سمجھیں۔

| باب | ماضی | مضارع | بروزن | | علاماتِ ابواب: عینِ ماضی | علاماتِ ابواب: عینِ مضارع | باب کا اشاریہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اول | نَصَرَ | یَنْصُرُ | فَعَلَ | یَفْعُلُ | مفتوح | مضموم | ن |
| دوم | ضَرَبَ | یَضْرِبُ | فَعَلَ | یَفْعِلُ | مفتوح | مکسور | ض |
| سوم | سَمِعَ | یَسْمَعُ | فَعِلَ | یَفْعَلُ | مکسور | مفتوح | س |
| چہارم | فَتَحَ | یَفْتَحُ | فَعَلَ | یَفْعَلُ | مفتوح | مفتوح | ف |
| پنجم | کَرُمَ | یَکْرُمُ | فَعُلَ | یَفْعُلُ | مضموم | مضموم | ک |
| ششم | حَسِبَ | یَحْسِبُ | فَعِلَ | یَفْعِلُ | مکسور | مکسور | ح |

معانی: نَصَرَ: اس نے مدد کی۔ ضَرَبَ: اس نے مارا۔ سَمِعَ: اس نے سنا۔ فَتَحَ: اس نے کھولا۔ کَرُمَ: وہ شریف ہوا، بزرگ ہوا۔ حَسِبَ: اس نے گمان کیا۔

لغات، یا دوسری کتابوں میں اِن ابواب کی طرف اشارہ کرنے کے لیے کلمات کے سامنے ان ابواب کے ماضی معروف کا پہلا حرف (ن-ض-س-ف-ک-ح) لکھ دیا جاتا ہے۔ اس سے پڑھنے والا سمجھ جاتا ہے کہ وہ کلمہ کس باب سے ہے۔ اور ماضی و مضارع میں اس کے عین کلمہ پر کیا حرکت ہوگی۔

## تمرین

(۱) حروفِ اصلیہ اور حروفِ زائدہ کی تعریف مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ (۲) صیغہ کی تعریف کیجیے، پھر یہ بتائیے کہ فعل ماضی، یا فعلِ مضارع کے کتنے صیغے ہوتے ہیں اور ان کی تفصیل کیا ہے؟ (۳) ثلاثی مجرد سے استعمال ہونے والے مذکورہ چھ ابواب کون ہیں اور ان کی علامتیں کیا ہیں؟

# درس ④

جن ابواب کا بیان ہوا ان میں کسی کے ماضی معروف کا عین کلمہ مفتوح ہے اور کسی کا مکسور اور کسی کا مضموم۔ یہی حال مضارع معروف کے عین کلمہ کا بھی ہے۔ اس لیے اس کتاب میں ماضی معروف و مضارع معروف کی گردانیں تینوں طرح سے لکھی جائیں گی۔ لیکن اس سے پہلے ماضی اور اس کے صیغوں کی پہچان کے لیے یہاں دو نقشے دیے جاتے ہیں، تاکہ آپ تمام صیغوں کو اچھی طرح پہچان کر یاد کرسکیں۔

| واحد | تثنیہ | جمع | صیغہ | |
|---|---|---|---|---|
| فَعَلَ | فَعَلَا | فَعَلُوْا | مذکر | غائب |
| فَعَلَتْ | فَعَلَتَا | فَعَلْنَ | مؤنث | |
| فَعَلْتَ | فَعَلْتُمَا | فَعَلْتُمْ | مذکر | حاضر |
| فَعَلْتِ | فَعَلْتُمَا | فَعَلْتُنَّ | مؤنث | |
| فَعَلْتُ | فَعَلْنَا | | مذکر ومؤنث | متکلم |

| صیغہ | واحد | تثنیہ | جمع | واحد | تثنیہ | جمع | صیغہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | فَعَلَ | فَعَلَا | فَعَلُوْا | فَعَلَتْ | فَعَلَتَا | فَعَلْنَ | مؤنث غائب |
| مذکر حاضر | فَعَلْتَ | فَعَلْتُمَا | فَعَلْتُمْ | فَعَلْتِ | فَعَلْتُمَا | فَعَلْتُنَّ | مؤنث حاضر |
| مذکر ومؤنث متکلم | فَعَلْتُ | —— | | —— | فَعَلْنَا | | مذکر ومؤنث متکلم |

صیغوں کو پہچان کر بتائیں: فَعَلُوْا - فَعَلْتُمْ - فَعَلْنَ - فَعَلْتُنَّ - فَعَلَا - فَعَلَتَا - فَعَلْتُمَا - فَعَلْنَا - فَعَلَ - فَعَلَتْ - فَعَلْتَ - فَعَلْتِ - فَعَلْتُ —— قَتَلْنَ - قَتَلْنَا - قَتَلَا - قَتَلُوْا - قَتَلَتَا - قَتَلْتُ - قَتَلْتُنَّ - قَتَلْتُمَا - قَتَلَ - قَتَلْتَ - قَتَلَتْ - قَتَلْتِ - قَتَلْتُمْ -

# فعل ماضی کے صیغوں کی پہچان اور ان کی علامتیں

ہر فعل کے لیے کسی کا فاعل ہونا ضروری ہے خواہ اسم ظاہر ہو، یا اسم ضمیر۔ جیسے خَطَبَ الْمُعَلِّمُ[1] اور الْمُتَعَلِّمُ كَتَبَ[2]۔ پہلی مثال میں خَطَبَ فعل ہے اور الْمُعَلِّمُ اسم ظاہر، فاعل ہے۔ دوسری مثال میں الْمُتَعَلِّمُ

(۱) معلم نے تقریر کی۔ (۲) متعلم نے لکھا۔

مبتدا ہے اور کَتَبَ میں پوشیدہ ھو ضمیر، فاعل ہے- یہ ضمیر، مبتدا کی طرف راجع بھی ہے-
فعل ماضی کے دو صیغوں (واحد مذکر غائب- اور- واحد مؤنث غائب) میں ضمیر فاعل مُستتِر (پوشیدہ) ہوتی ہے اور باقی بارہ صیغوں میں ضمیر فاعل بارز (ظاہر) ہوتی ہے ـــــ ذیل کے نقشے سے اس کو اچھی طرح ذہن نشیں کرلیں-

| گردان | صیغے | پہچان اور علامتیں |
|---|---|---|
| فَعَلَ | واحد مذکر غائب | سب علامتوں سے خالی، اس میں ھُوَ ضمیر مستتِر فاعل ہے- |
| فَعَلَا | تثنیہ مذکر غائب | الف ضمیر بارز، علامتِ تثنیہ اور فاعل ہے- |
| فَعَلُوْا | جمع مذکر غائب | واو ضمیر بارز، علامتِ جمع اور فاعل ہے- |
| فَعَلَتْ | واحد مؤنث غائب | تْ ساکن علامتِ تانیث ہے اور ھِیَ ضمیر مستتِر فاعل ہے- |
| فَعَلَتَا | تثنیہ مؤنث غائب | ت علامتِ تانیث اور الف ضمیر بارز، علامتِ تثنیہ اور فاعل ہے- |
| فَعَلْنَ | جمع مؤنث غائب | نَ مفتوح ضمیر بارز، علامتِ جمع مؤنث غائب اور فاعل ہے- |
| فَعَلْتَ | واحد مذکر حاضر | تَ مفتوح ضمیر بارز، علامتِ واحد مذکر حاضر اور فاعل ہے- |
| فَعَلْتُمَا | تثنیہ مذکر حاضر | تُ مضموم ضمیر بارز فاعل، میم حرف عماد اور الف علامتِ تثنیہ ہے- |
| فَعَلْتُمْ | جمع مذکر حاضر | تُ مضموم ضمیر بارز فاعل، میم علامتِ جمع مذکر حاضر ہے- |
| فَعَلْتِ | واحد مؤنث حاضر | تِ مکسور ضمیر بارز، علامتِ واحد مؤنث حاضر اور فاعل ہے- |
| فَعَلْتُمَا | تثنیہ مؤنث حاضر | تُ مضموم ضمیر بارز فاعل، میم حرف عماد اور الف علامتِ تثنیہ ہے- |
| فَعَلْتُنَّ | جمع مؤنث حاضر | تُ مضموم ضمیر بارز فاعل ''نون مشدّد'' علامتِ جمع مؤنث حاضر ہے- |
| فَعَلْتُ | واحد (مذکر و مؤنث) متکلم | تُ مضموم ضمیر بارز، علامتِ واحد متکلم اور فاعل ہے- |
| فَعَلْنَا | تثنیہ (مذکر و مؤنث) متکلم<br>جمع (مذکر و مؤنث) متکلم | نَا ضمیر بارز، علامتِ متکلم مع الغیر اور فاعل ہے- |

فَعَلَ اور فَعَلَتْ کے بعد کبھی فاعل مذکور ہوتا ہے تو اُس وقت اِن صیغوں میں ضمیر مُستتِر نہیں ہوتی ہے-

جیسے فَعَلَ الرَّجُلُ[1] • فَعَلَتِ الْمَرْأَةُ[2]-

(۱) مرد نے کیا- (۲) عورت نے کیا-

# گردان فعل ماضی مثبت معروف

| گردان | | | معنیٰ | صیغہ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَعَلَ | فَعِلَ | فَعُلَ | اُس (ایک مذکر) نے کیا | واحد | مذکر | غائب |
| فَعَلَا | فَعِلَا | فَعُلَا | اُن دو (مذکروں) نے کیا | تثنیہ | // | // |
| فَعَلُوْا | فَعِلُوْا | فَعُلُوْا | اُن سب (مذکروں) نے کیا | جمع | // | // |
| فَعَلَتْ | فَعِلَتْ | فَعُلَتْ | اُس (ایک مؤنث) نے کیا | واحد | مؤنث | // |
| فَعَلَتَا | فَعِلَتَا | فَعُلَتَا | اُن دو (مؤنثوں) نے کیا | تثنیہ | // | // |
| فَعَلْنَ | فَعِلْنَ | فَعُلْنَ | اُن سب (مؤنثوں) نے کیا | جمع | // | // |
| فَعَلْتَ | فَعِلْتَ | فَعُلْتَ | تو (ایک مذکر) نے کیا | واحد | مذکر | حاضر |
| فَعَلْتُمَا | فَعِلْتُمَا | فَعُلْتُمَا | تم دو (مذکروں) نے کیا | تثنیہ | // | // |
| فَعَلْتُمْ | فَعِلْتُمْ | فَعُلْتُمْ | تم سب (مذکروں) نے کیا | جمع | // | // |
| فَعَلْتِ | فَعِلْتِ | فَعُلْتِ | تو (ایک مؤنث) نے کیا | واحد | مؤنث | // |
| فَعَلْتُمَا | فَعِلْتُمَا | فَعُلْتُمَا | تم دو (مؤنثوں) نے کیا | تثنیہ | // | // |
| فَعَلْتُنَّ | فَعِلْتُنَّ | فَعُلْتُنَّ | تم سب (مؤنثوں) نے کیا | جمع | // | // |
| فَعَلْتُ | فَعِلْتُ | فَعُلْتُ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) نے کیا | واحد | مذکر و مؤنث | متکلم |
| فَعَلْنَا | فَعِلْنَا | فَعُلْنَا | ہم (دو مذکروں، یا دو مؤنثوں، سب مذکروں، یا سب مؤنثوں) نے کیا | تثنیہ و جمع | // | // |

اس گردان اور اس کی تفصیل سے آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ فَعِلْتُ دو صیغوں کے قائم مقام ہے: (۱) واحد مذکر متکلم (۲) واحد مؤنث متکلم۔

اسی طرح فَعِلْنَا چار صیغوں کے قائم مقام ہے: (۱) تثنیہ مذکر متکلم (۲) تثنیہ مؤنث متکلم (۳) جمع

مذکر متکلم (۴) جمع مؤنث متکلم ـــ اگران سب کو الگ الگ شمار کیا جائے تو کل اٹھارہ صیغے ہوں گے، لیکن چوں کہ متکلم کے دو صیغوں سے چھ صیغوں کا معنیٰ سمجھ لیا جاتا ہے، اس لیے کل چودہ صیغے ہی شمار میں آتے ہیں۔ مزید غور کریں تو فَعَلْتُمَا دو صیغوں کی جگہ استعمال ہوتا ہے: (۱) تثنیہ مذکر حاضر (۲) تثنیہ مؤنث حاضر۔ اگر اسے بھی دو کی جگہ ایک ہی شمار کریں تو لفظاً صرف تیرہ ہی صیغے ہوں گے۔

## تمرین

(۱) فعل ماضی کے کن صیغوں میں ضمیرِ فاعل بارز ہوتی ہے اور کن صیغوں میں مُستتر؟

(۲) بارز ضمیروں کو مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

(۳) مندرجہ ذیل مصادر میں ہر ایک سے فعل ماضی مثبت معروف کی گردان معنیٰ کے ساتھ سنائیے۔

| مصدر اور معنیٰ | فعل ماضی معروف واحد غائب اور معنیٰ | مصدر اور معنیٰ | فعل ماضی معروف واحد غائب اور معنیٰ |
|---|---|---|---|
| السُّکُوْتُ (ن) خاموش رہنا | سَکَتَ ۔ وہ خاموش رہا | الدُّخُوْلُ (ن) داخل ہونا | دَخَلَ ۔ وہ داخل ہوا |
| اَلْحِفْظُ (س) حفاظت کرنا-یاد کرنا | حَفِظَ ۔ اس نے حفاظت کی-اس نے یاد کیا | الرُّکُوْبُ (س) سوار ہونا | رَکِبَ ۔ وہ سوار ہوا |
| اَلْقُرْبُ (ک) نزدیک ہونا | قَرُبَ ۔ وہ نزدیک ہوا | اَلْبُعْدُ (ک) دور ہونا | بَعُدَ ۔ وہ دور ہوا |

(۴) درج ذیل افعال کے صیغے اور معانی بتائیے۔

سَکَتُّ • دَخَلْتُمْ • حَفِظْتَا • رَکِبَا • قَرُبَ • سَکَتِّ • بَعُدْتُمَا • حَفِظْنَا • بَعُدْنَ • قَرُبْتُمَا • دَخَلْتُنَّ • سَکَتُوْا • حَفِظْتُ • رَکِبْتُ • دَخَلْتُمَا • رَکِبْتُمْ • دَخَلْتَ • سَکَتَا • حَفِظْتُمَا • بَعُدُوْا • رَکِبْتِ • سَکَتَ • دَخَلْنَ • قَرُبَتَا • حَفِظْتُنَّ • قَرُبْتُ • رَکِبْنَا • بَعُدَتْ •

(۵) نیچے لکھے گئے جملوں کی عربی بنائیے۔

وہ دو (مذکر) داخل ہوئے • وہ خاموش ہوئی • ہم سب (مذکروں) نے حفاظت کی • وہ سب دور ہوئے • وہ دو (مؤنث) قریب ہوئیں • تم سب (مذکروں) نے حفاظت کی • اس (ایک مذکر) نے یاد کیا • میں سوار ہوا • وہ سب داخل ہوئیں • تو قریب ہوا • تو دُور ہوئی • تم دو (مؤنثوں) نے یاد کیا • تم دو (مذکروں) نے حفاظت کی • تم سب (مؤنثوں) نے حفاظت کی •

## درس ⑤

**ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ:** فعلِ ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ فعلِ ماضی معروف کے پہلے حرف (فاکلمہ) کو ضمہ دیں اور دوسرے حرف (عین کلمہ) کو کسرہ دیں، اگر اس پر فتحہ، یا ضمّہ ہو، ورنہ ویسے ہی رہنے دیں اور تیسرے حرف (لام کلمہ) کو اپنے حال پر چھوڑ دیں۔ ماضی مجہول بن جائے گا۔ جیسے فَعَلَ سے فُعِلَ (وہ کیا گیا)۔ سَمِعَ سے سُمِعَ (وہ سنا گیا)۔

اب آسانی کے لیے وزن کی تفصیل اور دو گردانیں لکھی جارہی ہیں۔

# گردان فعل ماضی مثبت مجہول

| وزن | گردان | معنیٰ | گردان | معنیٰ | صیغہ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فُعِلَ | كُتِبَ | وہ لکھا گیا | نُصِرَ | اس (ایک مذکر) کی مدد کی گئی | واحد | مذکر | غائب |
| فُعِلَا | كُتِبَا | وہ دو لکھے گئے | نُصِرَا | ان دو (مذکروں) کی مدد کی گئی | تثنیہ | // | // |
| فُعِلُوْا | كُتِبُوْا | وہ سب لکھے گئے | نُصِرُوْا | ان سب (مذکروں) کی مدد کی گئی | جمع | // | // |
| فُعِلَتْ | كُتِبَتْ | وہ لکھی گئی | نُصِرَتْ | اس (ایک مؤنث) کی مدد کی گئی | واحد | مؤنث | // |
| فُعِلَتَا | كُتِبَتَا | وہ دو لکھی گئیں | نُصِرَتَا | اُن دو (مؤنثوں) کی مدد کی گئی | تثنیہ | // | // |
| فُعِلْنَ | كُتِبْنَ | وہ سب لکھی گئیں | نُصِرْنَ | اُن سب (مؤنثوں) کی مدد کی گئی | جمع | // | // |
| فُعِلْتَ | كُتِبْتَ | تو لکھا گیا | نُصِرْتَ | تجھ (ایک مذکر) کی مدد کی گئی | واحد | مذکر | حاضر |
| فُعِلْتُمَا | كُتِبْتُمَا | تم دو لکھے گئے | نُصِرْتُمَا | تم دو (مذکروں) کی مدد کی گئی | تثنیہ | // | // |
| فُعِلْتُمْ | كُتِبْتُمْ | تم سب لکھے گئے | نُصِرْتُمْ | تم سب (مذکروں) کی مدد کی گئی | جمع | // | // |
| فُعِلْتِ | كُتِبْتِ | تو لکھی گئی | نُصِرْتِ | تجھ (ایک مؤنث) کی مدد کی گئی | واحد | مؤنث | // |
| فُعِلْتُمَا | كُتِبْتُمَا | تم دو لکھی گئیں | نُصِرْتُمَا | تم دو (مؤنثوں) کی مدد کی گئی | تثنیہ | // | // |
| فُعِلْتُنَّ | كُتِبْتُنَّ | تم سب لکھی گئیں | نُصِرْتُنَّ | تم سب (مؤنثوں) کی مدد کی گئی | جمع | // | // |
| فُعِلْتُ | كُتِبْتُ | میں لکھا گیا / میں لکھی گئی | نُصِرْتُ | مجھ ایک (مذکر، یا مؤنث) کی مدد کی گئی | واحد | مذکر ومؤنث | متکلم |
| فُعِلْنَا | كُتِبْنَا | ہم دو لکھے گئے / ہم دو لکھی گئیں<br>ہم سب لکھے گئے / ہم سب لکھی گئیں | نُصِرْنَا | ہم دو (مذکروں، یا مؤنثوں) کی مدد کی گئی<br>ہم سب (مذکروں، یا مؤنثوں) کی مدد کی گئی | تثنیہ وجمع | // | // |

## تمرین

(۱) ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ بتائیے اور مثال دیجیے۔

(۲) مندرجہ ذیل مصادر میں ہر ایک سے فعل ماضی مثبت مجہول کی گردان سنائیے اور معنیٰ بھی بتائیے۔

| مصدر اور معنیٰ | فعل ماضی مجہول واحد غائب اور معنیٰ | مصدر اور معنیٰ | فعل ماضی مجہول واحد غائب اور معنیٰ |
|---|---|---|---|
| اَلتَّرْكُ (ن) چھوڑنا | تُرِكَ ۔ وہ چھوڑا گیا | اَلطَّلَبُ (ن) ڈھونڈنا | طُلِبَ ۔ وہ ڈھونڈا گیا |
| اَلْجَرْحُ (ف) زخمی کرنا | جُرِحَ ۔ وہ زخمی کیا گیا | اَلْقَطْعُ (ف) کاٹنا | قُطِعَ ۔ وہ کاٹا گیا |
| اَلْمَعْرِفَةُ (ض) پہچاننا | عُرِفَ ۔ وہ پہچانا گیا | اَلْحَبْسُ (ض) قید کرنا | حُبِسَ ۔ وہ قید کیا گیا |

(۳) نیچے لکھے گئے افعال کے صیغے اور معانی بتائیے۔

طُلِبَا • حُبِسْنَا • جُرِحُوْا • تُرِكْنَ • عُرِفْتُمْ • قُطِعَتْ • طُلِبْتُمَا • حُبِسْتَ • نُصِرْتُنَّ • كُتِبَتَا • قُطِعَ • تُرِكْتِ • عُرِفْتُ • جُرِحْتُمَا • طُلِبْنَ • جُرِحْنَا • قُطِعُوْا • طُلِبْتُ • حُبِسْتُمَا • تُرِكَا • عُرِفَ • جُرِحَتْ • نُصِرْتِ • كُتِبْتُمَا • عُرِفَتَا • حُبِسْنَ • تُرِكَتْ • قُطِعْتُمْ •

(۴) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

ہم سب پہچانے گئے • وہ سب کاٹی گئیں • تم سب زخمی کیے گئے • وہ سب کاٹے گئے • وہ ڈھونڈی گئی • وہ دونوں چھوڑے گئے • میں پہچانا گیا • تم سب (مؤنثوں) کی مدد کی گئی • تو ڈھونڈا گیا • تم دونوں زخمی کی گئیں • تو کاٹی گئی • تم دونوں قید کیے گئے • وہ دونوں پہچانی گئیں • وہ لکھا گیا •

# درس (٦)

**ماضی منفی بنانے کا قاعدہ:** فعل ماضی مثبت کے شروع میں مَا نافیہ بڑھا دیں ماضی منفی بن جائے گا۔ اگر مثبت معروف کے شروع میں بڑھائیں گے تو منفی معروف بنے گا اور اگر مثبت مجہول کے شروع میں بڑھائیں گے تو منفی مجہول بنے گا۔ جیسے فَعَلَ سے مَا فَعَلَ (اس نے نہیں کیا)● سُمِعَ سے مَاسُمِعَ (وہ نہیں سُنا گیا)۔
اور کبھی ماضی مثبت کے شروع میں لا بڑھا کر ماضی منفی بناتے ہیں۔ اس کے لیے ان تین شرطوں میں سے کسی ایک کا پایا جانا ضروری ہے:

(۱) لا دوسرے ماضی کے ساتھ مکرر ہو۔ جیسے: فَلَاصَدَّقَ وَ لَا صَلّٰی (نہ اس نے تصدیق کی نہ نماز پڑھی)۔
(۲) ماضی مقام دعا میں آئے۔ جیسے: لَا اَهْلَكَهُمُ اللّٰهُ (خدا انھیں ہلاک نہ کرے)۔
(۳) ماضی جوابِ قسم بنے۔ جیسے: وَ اللّٰهِ لَا شَرِبْتُ (خدا کی قسم میں نے نہیں پیا)۔

## گردان فعل ماضی منفی معروف ومجہول

| صیغہ | | معروف | معنیٰ | وزن | مجہول | معنیٰ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | مَافَعَلَ | اُس (ایک مذکر) نے نہیں کیا | مَافُعِلَ | مَاظُلِمَ | اس ایک (مذکر) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | تثنیہ | مَافَعَلَا | اُن دو (مذکروں) نے نہیں کیا | مَافُعِلَا | مَاظُلِمَا | ان دو (مذکروں) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | جمع | مَافَعَلُوْا | اُن سب (مذکروں) نے نہیں کیا | مَافُعِلُوْا | مَاظُلِمُوْا | ان سب (مذکروں) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| مؤنث غائب | واحد | مَافَعَلَتْ | اُس (ایک مؤنث) نے نہیں کیا | مَافُعِلَتْ | مَاظُلِمَتْ | اس (ایک مؤنث) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | تثنیہ | مَافَعَلَتَا | اُن دو (مؤنثوں) نے نہیں کیا | مَافُعِلَتَا | مَاظُلِمَتَا | اُن دو (مؤنثوں) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | جمع | مَافَعَلْنَ | اُن سب (مؤنثوں) نے نہیں کیا | مَافُعِلْنَ | مَاظُلِمْنَ | اُن سب (مؤنثوں) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| مذکر حاضر | واحد | مَافَعَلْتَ | تو (ایک مذکر) نے نہیں کیا | مَافُعِلْتَ | مَاظُلِمْتَ | تجھ (ایک مذکر) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | تثنیہ | مَافَعَلْتُمَا | تم دو (مذکروں) نے نہیں کیا | مَافُعِلْتُمَا | مَاظُلِمْتُمَا | تم دو (مذکروں) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | جمع | مَافَعَلْتُمْ | تم سب (مذکروں) نے نہیں کیا | مَافُعِلْتُمْ | مَاظُلِمْتُمْ | تم سب (مذکروں) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| مؤنث حاضر | واحد | مَافَعَلْتِ | تو (ایک مؤنث) نے نہیں کیا | مَافُعِلْتِ | مَاظُلِمْتِ | تجھ (ایک مؤنث) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | تثنیہ | مَافَعَلْتُمَا | تم دو (مؤنثوں) نے نہیں کیا | مَافُعِلْتُمَا | مَاظُلِمْتُمَا | تم دو (مؤنثوں) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | جمع | مَافَعَلْتُنَّ | تم سب (مؤنثوں) نے نہیں کیا | مَافُعِلْتُنَّ | مَاظُلِمْتُنَّ | تم سب (مؤنثوں) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| متکلم مذکر ومؤنث | واحد | مَافَعَلْتُ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) نے نہیں کیا | مَافُعِلْتُ | مَاظُلِمْتُ | مجھ ایک (مذکر، یا مؤنث) پر ظلم نہیں کیا گیا |
| | تثنیہ وجمع | مَافَعَلْنَا | ہم (دو مذکروں، یا دو مؤنثوں، یا سب مذکر، یا سب مؤنثوں) نے نہیں کیا | مَافُعِلْنَا | مَاظُلِمْنَا | ہم دو (مذکروں، یا مؤنثوں) پر ظلم نہیں کیا گیا<br>ہم سب (مذکروں، یا مؤنثوں) پر ظلم نہیں کیا گیا |

# تمرین

(۱) نیچے لکھے گئے مصادر سے فعل ماضی منفی معروف کی گردان معنیٰ کے ساتھ سنائیے۔

| مصدر اور معنیٰ | ماضی منفی معروف واحد غائب اور معنیٰ | مصدر اور معنیٰ | ماضی منفی معروف واحد غائب اور معنیٰ |
|---|---|---|---|
| اَلْخُرُوْجُ (ن) نکلنا | مَا خَرَجَ ۔ وہ نہیں نکلا | اَلْفَهْمُ (س) سمجھنا | مَا فَهِمَ ۔ اس نے نہیں سمجھا |
| اَلْجُلُوْسُ (ض) بیٹھنا | مَا جَلَسَ ۔ وہ نہیں بیٹھا | اَلْعِلْمُ (س) جاننا | مَا عَلِمَ ۔ اس نے نہیں جانا |
| اَلْغَسْلُ (ض) دھونا | مَا غَسَلَ ۔ اس نے نہیں دھویا | اَلذَّهَابُ (ف) جانا | مَا ذَهَبَ ۔ وہ نہیں گیا |

(۲) درج ذیل مصادر سے فعل ماضی منفی مجہول کی گردان معنیٰ کے ساتھ سنائیے۔

| مصدر اور معنیٰ | ماضی منفی مجہول واحد غائب اور معنیٰ | مصدر اور معنیٰ | ماضی منفی مجہول واحد غائب اور معنیٰ |
|---|---|---|---|
| اَلْمَغْفِرَۃُ (ض) بخشنا | مَا غُفِرَ ۔ وہ نہیں بخشا گیا | اَلدَّفْعُ (ف) دور کرنا | مَا دُفِعَ ۔ وہ نہیں دور کیا گیا |
| اَلْحَمْلُ (ض) اٹھانا، لے جانا | مَا حُمِلَ ۔ وہ نہیں اٹھایا گیا | اَلْمَنْعُ (ف) روکنا | مَا مُنِعَ ۔ وہ نہیں روکا گیا |
| اَلْكَسْرُ (ض) توڑنا | مَا كُسِرَ ۔ وہ نہیں توڑا گیا | اَلرَّفْعُ (ف) اٹھانا | مَا رُفِعَ ۔ وہ نہیں اٹھایا گیا |

(۳) مندرجہ ذیل افعال کے صیغے اور معانی بتائیے۔

مَاخَرَجْنَ • مَاجَلَسُوْا • مَاغَسَلْتِ • مَاذَهَبْتُ • مَاعَلِمَا • مَافَهِمَ • مَاتَرَكْتَ • مَارَفَعْتُمَا • مَامَنَعْتُنَّ • مَادَفَعْنَا • مَاكَسَرْتُمَا • مَاحَمَلْتَا • مَابَعُدْتُمْ • مَاقَرُبَتْ • مَارُفِعْتُنَّ • مَانُصِرْتُمْ • مَاظُلِمَتْ • مَامُنِعُوْا • مَادُفِعْتُمَا • مَارُفِعْنَا • مَاكُسِرَ • مَاحُمِلاَ • مَاغُفِرْنَ • مَاعُلِمْتَ • مَاحُمِلْتِ • مَاجُرِحْتُ • مَاتُرِكْتُمَا • مَانُصِرْنَا •

(۴) مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

میں نے مدد کی • اس (مؤنث) نے لکھا • ان دو (مذکروں) نے توڑا • ان سب (مؤنثوں) نے کاٹا • میں نے نہیں کیا • تو سوار ہوا • وہ دونوں نہیں بیٹھیں • تم سب نے نہیں سمجھا • وہ سب نہیں پہچانے گئے • تم دونوں نہیں مارے گئے • وہ نہیں نکلی • اس (مذکر) نے ظلم نہیں کیا • ہم نہیں روکے گئے • تم دونوں نہیں پہچانی گئیں • تو سوار نہیں ہوئی • وہ سب زخمی نہیں کی گئیں • تم سب نہیں بخشی گئیں • وہ سب چلے گئے • وہ دونوں قریب ہوئے • تم دونوں نہیں مارے گئے • وہ نہیں سمجھا گیا • تو نہیں روکی گئی • وہ دونوں دور ہوئیں • تو نے نہیں ڈھونڈھا • ان سب (مؤنثوں) نے کاٹا • تم سب نہیں نکلے • ہم نہیں چھوڑے گئے •

## درس ⑦

فعلِ مضارع کی تعریف پہلے پڑھ چکے۔ اب یہاں اس کے بنانے کا قاعدہ بیان کیا جاتا ہے۔

**فعل مضارع بنانے کا قاعدہ:** فعلِ مضارع فعلِ ماضی سے بنتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ماضی کا پہلا حرف ساکن کر کے اس سے پہلے علامتِ مضارع لائیں، پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب وحاضر، واحد مؤنث غائب، واحد متکلم، جمع متکلم) میں آخری حرف کو ضمہ دیں اور سات صیغوں (چار تثنیہ، دو جمع مذکر غائب وحاضر، ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر میں "نون اعرابی" بڑھادیں۔ فعل مضارع بن جائے گا۔

**علامت مضارع** چار ہیں: أ، ت، ي، ن جن کا مجموعہ أَتَيْنَ ہے۔

ان علامتوں میں **ي** چار صیغوں کے لیے، **ت** آٹھ صیغوں کے لیے، **ا** ایک صیغہ کے لیے اور **ن** ایک صیغہ کے لیے ہے۔ تفصیل نیچے دیکھیں۔

## گردان فعل مضارع مثبت معروف

| واحد | تثنیہ | جمع | صیغہ | |
|---|---|---|---|---|
| يَفْعَلُ | يَفْعَلَانِ | يَفْعَلُوْنَ | مذکر | غائب |
| تَفْعَلُ | تَفْعَلَانِ | يَفْعَلْنَ | مؤنث | غائب |
| تَفْعَلُ | تَفْعَلَانِ | تَفْعَلُوْنَ | مذکر | حاضر |
| تَفْعَلِيْنَ | تَفْعَلَانِ | تَفْعَلْنَ | مؤنث | حاضر |
| أَفْعَلُ | نَفْعَلُ | | مذکر و مؤنث | متکلم |

## نوٹ

دراصل یہ صرف گیارہ صیغے ہیں جو چودہ (بلکہ اٹھارہ) صیغوں کی جگہ استعمال ہوتے ہیں۔ تَفْعَلُ دو صیغوں کی جگہ- تَفْعَلَانِ تین صیغوں کی جگہ-أَفْعَلُ دو صیغوں کی جگہ- نَفْعَلُ چار صیغوں کی جگہ-باقی سات کلمات ایک ایک جگہ۔

**پہچانیں:**

| | |
|---|---|
| يَفْعَلُ - تَفْعَلُ - أَفْعَلُ - نَفْعَلُ | ان صیغوں میں فاعل کی ضمیریں پوشیدہ ہیں۔اور یہ ضمیر بارز اور نون اعرابی سے خالی ہیں۔ |
| يَفْعَلَانِ - تَفْعَلَانِ - يَفْعَلُوْنَ - تَفْعَلُوْنَ - تَفْعَلِيْنَ | ان صیغوں کے آخر میں رفع کے بدلے نون اعرابی ہے اور ن سے پہلے (ا-و-ی) ضمیر بارز ہیں، وہی فاعل ہیں۔ |
| يَفْعَلْنَ - تَفْعَلْنَ | ان کے آخر میں نون بنائی ہے جو ہر حال میں برقرار رہتا ہے، وہی ضمیر بھی ہے۔ |

آگے مزید تفصیل دیکھیں اور غور کر کے ذہن نشیں کریں:

| صیغہ | | | لفظ | علامات | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | حرف مضارع | ضمیر فاعل | | نون | |
| | | | | | بارز | مستتر | اعرابی | بنائی |
| غائب | مذکر | واحد | يَفْعَلُ | ی | — | هو | — | — |
| | | تثنیہ | يَفْعَلَانِ | ی | ا | — | مکسور | — |
| | | جمع | يَفْعَلُوْنَ | ی | و | — | مفتوح | — |
| | مؤنث | واحد | تَفْعَلُ | ت | — | هي | — | — |
| | | تثنیہ | تَفْعَلَانِ | ت | ا | — | مکسور | — |
| | | جمع | يَفْعَلْنَ | ی | ن | — | — | مفتوح |
| حاضر | مذکر | واحد | تَفْعَلُ | ت | — | أَنْتَ | — | — |
| | | تثنیہ | تَفْعَلَانِ | ت | ا | — | مکسور | — |
| | | جمع | تَفْعَلُوْنَ | ت | و | — | مفتوح | — |
| | مؤنث | واحد | تَفْعَلِيْنَ | ت | ی | — | مفتوح | — |
| | | تثنیہ | تَفْعَلَانِ | ت | ا | — | مکسور | — |
| | | جمع | تَفْعَلْنَ | ت | ن | — | — | مفتوح |
| متکلم | مذکر و مؤنث | واحد | أَفْعَلُ | ا | — | أَنَا | — | — |
| | | تثنیہ و جمع | نَفْعَلُ | ن | — | نَحْنُ | — | — |

# گردان فعلِ مضارع مثبت معروف

| گردان | | | معنیٔ حال | معنیٔ استقبال | صیغہ | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَفْعَلُ | يَفْعِلُ | يَفْعُلُ | وہ کرتا ہے | وہ کرے گا | واحد | مذکر | غائب |
| يَفْعَلَانِ | يَفْعِلَانِ | يَفْعُلَانِ | وہ دونوں کرتے ہیں | وہ دونوں کریں گے | تثنیہ | // | // |
| يَفْعَلُوْنَ | يَفْعِلُوْنَ | يَفْعُلُوْنَ | وہ سب کرتے ہیں | وہ سب کریں گے | جمع | // | // |
| تَفْعَلُ | تَفْعِلُ | تَفْعُلُ | وہ کرتی ہے | وہ کرے گی | واحد | مؤنث | // |
| تَفْعَلَانِ | تَفْعِلَانِ | تَفْعُلَانِ | وہ دونوں کرتی ہیں | وہ دونوں کریں گی | تثنیہ | // | // |
| يَفْعَلْنَ | يَفْعِلْنَ | يَفْعُلْنَ | وہ سب کرتی ہیں | وہ سب کریں گی | جمع | // | // |
| تَفْعَلُ | تَفْعِلُ | تَفْعُلُ | تو کرتا ہے | تو کرے گا | واحد | مذکر | حاضر |
| تَفْعَلَانِ | تَفْعِلَانِ | تَفْعُلَانِ | تم دونوں کرتے ہو | تم دونوں کرو گے | تثنیہ | // | // |
| تَفْعَلُوْنَ | تَفْعِلُوْنَ | تَفْعُلُوْنَ | تم سب کرتے ہو | تم سب کرو گے | جمع | // | // |
| تَفْعَلِيْنَ | تَفْعِلِيْنَ | تَفْعُلِيْنَ | تو کرتی ہے | تو کرے گی | واحد | مؤنث | // |
| تَفْعَلَانِ | تَفْعِلَانِ | تَفْعُلَانِ | تم دونوں کرتی ہو | تم دونوں کرو گی | تثنیہ | // | // |
| تَفْعَلْنَ | تَفْعِلْنَ | تَفْعُلْنَ | تم سب کرتی ہو | تم سب کرو گی | جمع | // | // |
| أَفْعَلُ | أَفْعِلُ | أَفْعُلُ | میں کرتا ہوں/ میں کرتی ہوں | میں کروں گا/ میں کروں گی | واحد | مذکر ومؤنث | متکلم |
| نَفْعَلُ | نَفْعِلُ | نَفْعُلُ | ہم کرتے ہیں/ ہم کرتی ہیں | ہم کریں گے/ ہم کریں گی | تثنیہ وجمع | // | // |

آپ کو یاد ہوگا کہ فعلِ ماضی کی طرح فعلِ مضارع میں بھی "عین کلمہ" کبھی مضموم، کبھی مفتوح اور کبھی مکسور ہوتا ہے۔ اس لیے اس کی گردان بھی تینوں طرح لکھی گئی ہے، تاکہ یاد کرنے اور سمجھنے میں آسانی ہو۔

اس گردان میں غور کرنے سے چند باتیں خوب واضح ہو جاتی ہیں:

❶ ی چار صیغوں کے شروع میں آتی ہے:

| صیغہ | واحد مذکر غائب | تثنیہ مذکر غائب | جمع مذکر غائب | جمع مؤنث غائب |
|---|---|---|---|---|
| مثال | يَفْعَلُ | يَفْعَلَانِ | يَفْعَلُوْنَ | يَفْعَلْنَ |

❷ ت آٹھ صیغوں کے شروع میں آتی ہے:

| مثالیں | واحد | تثنیہ | جمع | |
|---|---|---|---|---|
| | تَفْعَلُ | تَفْعَلَانِ | — | مؤنث غائب |
| | تَفْعَلُ | تَفْعَلَانِ | تَفْعَلُوْنَ | مذکر حاضر |
| | تَفْعَلِيْنَ | تَفْعَلَانِ | تَفْعَلْنَ | مؤنث حاضر |

۳ **أ** ایک صیغہ کے شروع میں آتا ہے: واحد متکلم-أَفْعَلُ۔

۴ **ن** بھی ایک صیغہ کے شروع میں آتا ہے: جمع متکلم-نَفْعَلُ۔

۵ پانچ صیغوں میں آخری حرف مضموم ہوتا ہے:

| صیغہ | واحد مذکر غائب | واحد مؤنث غائب | واحد مذکر حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|
| مثال | يَفْعَلُ | تَفْعَلُ | تَفْعَلُ | أَفْعَلُ | نَفْعَلُ |

۶ چار صیغوں کے آخر میں ''نون مکسور'' اور تین صیغوں کے آخر میں ''نونِ مفتوح'' کا اضافہ ہوتا ہے۔ اس کو اصطلاح میں **نونِ اعرابی** کہتے ہیں۔

| صیغہ | تثنیہ مذکر غائب | تثنیہ مؤنث غائب | تثنیہ مذکر حاضر | تثنیہ مؤنث حاضر | جمع مذکر غائب | جمع مذکر حاضر | واحد مؤنث حاضر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثال | يَفْعَلَانِ | تَفْعَلَانِ | تَفْعَلَانِ | تَفْعَلَانِ | يَفْعَلُوْنَ | تَفْعَلُوْنَ | تَفْعَلِيْنَ |

۷ دو صیغوں میں ماضی کی طرح نون باقی رہتا ہے: جمع مؤنث غائب (يَفْعَلْنَ) اور جمع مؤنث حاضر (تَفْعَلْنَ)۔ اس کو اصطلاح میں **نون ضمیر**، یا **نونِ بنائی** کہتے ہیں۔

**فائدہ**: یاد رہے کہ ''نونِ ضمیر'' ہمیشہ باقی رہتا ہے اور ''نونِ اعرابی'' بعض حالتوں میں گر جاتا ہے۔ اس کا تفصیلی بیان إن شآء الله تعالی آگے آئے گا۔

## تمرین

(۱) فعل مضارع بنانے کا قاعدہ بتائیے اور گردان سنائیے۔

(۲) فعل مضارع کی کون سی علامت کس صیغہ کے لیے آتی ہے؟ مثالوں کی روشنی میں تفصیل سے بتائیے۔

(۳) کن صیغوں میں ''نون اعرابی'' لاتے ہیں اور کن صیغوں میں ''نون ضمیر''؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

(۴) درج ذیل مصادر سے فعل ماضی اور فعل مضارع کی گردان معنیٰ کے ساتھ سنائیے۔

| مصدر | معنیٰ | ماضی واحد مذکر غائب | معنیٰ | مضارع واحد مذکر غائب | معنیٰ حال | معنیٰ استقبال |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْكِتَابَةُ (ن) | لکھنا | كَتَبَ | اس نے لکھا | يَكْتُبُ | وہ لکھتا ہے | وہ لکھے گا |
| اَلْقِرَاءَةُ (ف) | پڑھنا | قَرَأَ | اس نے پڑھا | يَقْرَأُ | وہ پڑھتا ہے | وہ پڑھے گا |
| اَلْأَكْلُ (ن) | کھانا | أَكَلَ | اس نے کھایا | يَأْكُلُ | وہ کھاتا ہے | وہ کھائے گا |
| اَلشُّرْبُ (س) | پینا | شَرِبَ | اس نے پیا | يَشْرَبُ | وہ پیتا ہے | وہ پیے گا |
| اَلصَّبْرُ (ض) | صبر کرنا | صَبَرَ | اس نے صبر کیا | يَصْبِرُ | وہ صبر کرتا ہے | وہ صبر کرے گا |
| اَلرُّجُوْعُ (ض) | لوٹنا | رَجَعَ | وہ لوٹا | يَرْجِعُ | وہ لوٹتا ہے | وہ لوٹے گا |

(۵) نیچے لکھے گئے افعال کا ترجمہ کیجیے اور صیغے بتائیے۔

يَشْرَبُوْنَ • تَصْبِرُوْنَ • يَرْجِعْنَ • تَذْهَبْنَ • تَقْرَأُ • تَكْتُبِيْنَ • أَشْرَبُ • تَصْبِرَانِ • نَرْجِعُ • يَأْكُلَانِ • تَكْتُبَانِ • تَأْكُلُ • يَقْرَأُ • يَبْعُدْنَ •

تَقْطَعُوْنَ • يَفْهَمَانِ • تَظْلِمَانِ • تَقْرُبْنَ • نَمْنَعُ • تَطْلُبِيْنَ • يَغْسِلُ • أَحْمِلُ • دَفَعْنَ • جَلَسْتُ • رَكِبْتِ • دَخَلُوْا • كَتَبْتُ • رَجَعْتُمْ • حَفِظْتُمَا • حُبِسْنَا • غَسَلْتُنَّ •

(۲) مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

ہم نے لکھا • انھوں نے پڑھا • وہ دو (مذکر) کھاتے ہیں • تم لوگ حفاظت کرتے ہو • وہ سب کھاتے ہیں • میں صبر کرتا ہوں • تو پڑھے گی • وہ سب لکھیں گی • وہ روکتا ہے • تم سب جاتی ہو • وہ دونوں کاٹیں گی • تو کھائے گا • تم دونوں لکھتے ہو • ہم سمجھتے ہیں • وہ کھائے گی • وہ دونوں پڑھیں گی • اس نے لکھا • تم لوگوں نے پڑھا • تم دو (مذکروں) نے کھایا • ان دو (مؤنثوں) نے صبر کیا • وہ گئی • تو دور ہوا • ان دو (مذکروں) نے توڑا • ان سب (مؤنثوں) نے کاٹا • تو سوار ہوئی • میں لوٹا • تم سب قید کی گئیں • تم دونوں زخمی کی گئیں •

# درس ⑧

**فعلِ مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ:** فعلِ مضارع مجہول فعلِ مضارع معروف سے بنتا ہے۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ علامتِ مضارع کو ضمہ دیں اور عین کلمہ کو فتحہ دیں اگر اس پر ضمہ، یا کسرہ ہو، ورنہ ویسے ہی رہنے دیں اور لام کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑ دیں مضارع مجہول بن جائے گا۔ جیسے یَکْتُبُ سے یُکْتَبُ[1] • یَحْبِسُ سے یُحْبَسُ[2] • یَمْنَعُ سے یُمْنَعُ[3]۔

## گردان فعل مضارع مثبت مجہول

| صیغہ | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|
| مذکر غائب | یُفْعَلُ<br>وہ کیا جاتا ہے/ وہ کیا جائے گا | یُفْعَلَانِ<br>وہ دو کیے جاتے ہیں/ وہ دو کیے جائیں گے | یُفْعَلُوْنَ<br>وہ سب کیے جاتے ہیں/ وہ سب کیے جائیں گے |
| مؤنث غائب | تُفْعَلُ<br>وہ کی جاتی ہے/ وہ کی جائے گی | تُفْعَلَانِ<br>وہ دو کی جاتی ہیں/ وہ دو کی جائیں گی | یُفْعَلْنَ<br>وہ سب کی جاتی ہیں/ وہ سب کی جائیں گی |
| مذکر حاضر | تُفْعَلُ<br>تو کیا جاتا ہے/ تو کیا جائے گا | تُفْعَلَانِ<br>تم دو کیے جاتے ہو/ تم دو کیے جاؤ گے | تُفْعَلُوْنَ<br>تم سب کیے جاتے ہو/ تم سب کیے جاؤ گے |
| مؤنث حاضر | تُفْعَلِیْنَ<br>تو کی جاتی ہے/ تو کی جائے گی | تُفْعَلَانِ<br>تم دو کی جاتی ہو/ تم دو کی جاؤ گی | تُفْعَلْنَ<br>تم سب کی جاتی ہو/ تم سب کی جاؤ گی |
| متکلم | أُفْعَلُ<br>میں کیا جاتا ہوں/ میں کی جاتی ہوں<br>میں کیا جاؤں گا/ میں کی جاؤں گی | نُفْعَلُ<br>ہم کیے جاتے ہیں/ ہم کی جاتی ہیں<br>ہم کیے جائیں گے/ ہم کی جائیں گی | |

(۱) وہ لکھا جاتا ہے/ وہ لکھا جائے گا۔ (۲) وہ قید کیا جاتا ہے/ وہ قید کیا جائے گا۔ (۳) وہ روکا جاتا ہے/ وہ روکا جائے گا۔

# تمرین

(۱) فعلِ مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

(۲) نیچے لکھے گئے مصادر سے فعل ماضی مجہول اور فعل مضارع مجہول کی گردان معنی کے ساتھ سنایئے۔

| مصدر | معنی | ماضی واحد مذکر غائب | معنی | مضارع واحد مذکر غائب | معنی حال | معنی استقبال |
|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّفْخُ (ن) | پھونکنا | نُفِخَ | وہ پھونکا گیا | يُنْفَخُ | وہ پھونکا جاتا ہے | وہ پھونکا جائے گا |
| النَّظَرُ (ن) | دیکھنا | نُظِرَ | وہ دیکھا گیا | يُنْظَرُ | وہ دیکھا جاتا ہے | وہ دیکھا جائے گا |
| الفَتْحُ (ف) | کھولنا | فُتِحَ | وہ کھولا گیا | يُفْتَحُ | وہ کھولا جاتا ہے | وہ کھولا جائے گا |
| اَلْمَدْحُ (ف) | تعریف کرنا | مُدِحَ | وہ تعریف کیا گیا | يُمْدَحُ | وہ تعریف کیا جاتا ہے | وہ تعریف کیا جائے گا |
| الضَّرْبُ (ض) | مارنا | ضُرِبَ | وہ مارا گیا | يُضْرَبُ | وہ مارا جاتا ہے | وہ مارا جائے گا |
| السَّمْعُ (س) | سننا | سُمِعَ | وہ سنا گیا | يُسْمَعُ | وہ سنا جاتا ہے | وہ سنا جائے گا |

(۳) مندرجہ ذیل کلمات میں صیغوں کی نشان دہی کیجیے اور ترجمہ سنایئے۔

تُمْدَحِيْنَ • يُضْرَبْنَ • تُسْمَعْنَ • يُفْتَحَانِ • يُنْفَخُ • تُنْظَرَانِ • نُعْرَفُ • أُظْلَمُ • يُغْفَرُوْنَ • تُطْلَبُوْنَ • تُحْبَسُ • يَبْعُدُوْنَ • يَقْطَعْنَ • تَنْظُرُوْنَ • تَمْدَحْنَ • قَطَعُوْا • ذَهَبْنَا • رَفَعْتُمَا • غُفِرْتُنَّ • رُفِعْنَ • مَا طَلَبُوْا • مَا جَلَسْنَا • مَا تَرَكْتِ • مَا نُصِرْتُ • مَا كَتَبْتُمْ •

(۴) ان جملوں کی عربی بنایئے۔

تم سب (مذکروں) کی تعریف کی جائے گی • ان دو (مذکروں) کو مارا جائے گا • وہ پھونکا جائے گا • تو دیکھی جائے گی • ان سب (مذکروں) کو زخمی کیا جائے گا • تم دو (مؤنثوں) کو چھوڑ دیا جائے گا • میری مدد کی جاتی ہے • تم دو (مذکروں) پر ظلم کیا جاتا ہے • وہ قید کی جاتی ہے • تو بخشا جاتا ہے • تم سب (مؤنثوں) کو چھوڑ دیا جاتا ہے • ہم لوگوں کی حفاظت کی جاتی ہے • وہ دونوں لکھتی ہیں • وہ سب کھاتی ہیں • میں کھولتا ہوں • تو کھاتا ہے • وہ لوگ دیکھتے ہیں • ہم لوگ صبر کرتے ہیں • وہ پڑھتی ہے • تم دونوں پیتے ہو • وہ سب جانتی ہیں • تم سب روکتی ہو • تو گئی • وہ دونوں نکلیں • تم دو (مؤنثوں) نے پہچانا • ان دو (مذکروں) نے مارا • تم سب (مؤنثوں) نے کھایا • وہ گیا •

## درس ⑨

**فعلِ مضارع منفی بنانے کا قاعدہ:** فعلِ مضارع منفی بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ مضارع مثبت کے شروع میں حرفِ نفی لَا - یا - مَا کا اضافہ کر دیں۔ جیسے يَفْعِلُ سے لَا يَفْعِلُ، مَا يَفْعِلُ (وہ نہیں کرتا ہے/ وہ نہیں کرے گا) اور يُفْعَلُ سے لَا يُفْعَلُ، مَا يُفْعَلُ (وہ نہیں کیا جاتا ہے/ وہ نہیں کیا جائے گا)

# گردان فعل مضارع منفی معروف ومجہول

| صیغہ | | معروف | معنی حال | معنی استقبال | مجہول | معنی حال | معنی استقبال |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لَا يَفْعَلُ | وہ نہیں کرتا ہے | وہ نہیں کرے گا | لَا يُفْعَلُ | وہ نہیں کیا جاتا ہے | وہ نہیں کیا جائے گا |
| | تثنیہ | لَا يَفْعَلَانِ | وہ دونوں نہیں کرتے ہیں | وہ دونوں نہیں کریں گے | لَا يُفْعَلَانِ | وہ دونوں نہیں کیے جاتے ہیں | وہ دونوں نہیں کیے جائیں گے |
| | جمع | لَا يَفْعَلُوْنَ | وہ سب نہیں کرتے ہیں | وہ سب نہیں کریں گے | لَا يُفْعَلُوْنَ | وہ سب نہیں کیے جاتے ہیں | وہ سب نہیں کیے جائیں گے |
| مؤنث غائب | واحد | لَا تَفْعَلُ | وہ نہیں کرتی ہے | وہ نہیں کرے گی | لَا تُفْعَلُ | وہ نہیں کی جاتی ہے | وہ نہیں کی جائے گی |
| | تثنیہ | لَا تَفْعَلَانِ | وہ دونوں نہیں کرتی ہیں | وہ دونوں نہیں کریں گی | لَا تُفْعَلَانِ | وہ دونوں نہیں کی جاتی ہیں | وہ دونوں نہیں کی جائیں گی |
| | جمع | لَا يَفْعَلْنَ | وہ سب نہیں کرتی ہیں | وہ سب نہیں کریں گی | لَا يُفْعَلْنَ | وہ سب نہیں کی جاتی ہیں | وہ سب نہیں کی جائیں گی |
| مذکر حاضر | واحد | لَا تَفْعَلُ | تو نہیں کرتا ہے | تو نہیں کرے گا | لَا تُفْعَلُ | تو نہیں کیا جاتا ہے | تو نہیں کیا جائے گا |
| | تثنیہ | لَا تَفْعَلَانِ | تم دونوں نہیں کرتے ہو | تم دونوں نہیں کرو گے | لَا تُفْعَلَانِ | تم دونوں نہیں کیے جاتے ہو | تم دونوں نہیں کیے جاؤ گے |
| | جمع | لَا تَفْعَلُوْنَ | تم سب نہیں کرتے ہو | تم سب نہیں کرو گے | لَا تُفْعَلُوْنَ | تم سب نہیں کیے جاتے ہو | تم سب نہیں کیے جاؤ گے |
| مؤنث حاضر | واحد | لَا تَفْعَلِيْنَ | تو نہیں کرتی ہے | تو نہیں کرے گی | لَا تُفْعَلِيْنَ | تو نہیں کی جاتی ہے | تو نہیں کی جائے گی |
| | تثنیہ | لَا تَفْعَلَانِ | تم دونوں نہیں کرتی ہو | تم دونوں نہیں کرو گی | لَا تُفْعَلَانِ | تم دونوں نہیں کی جاتی ہو | تم دونوں نہیں کی جاؤ گی |
| | جمع | لَا تَفْعَلْنَ | تم سب نہیں کرتی ہو | تم سب نہیں کرو گی | لَا تُفْعَلْنَ | تم سب نہیں کی جاتی ہو | تم سب نہیں کی جاؤ گی |
| مذکر ومؤنث متکلم | واحد | لَا أَفْعَلُ | میں نہیں کرتا ہوں<br>میں نہیں کرتی ہوں | میں نہیں کروں گا<br>میں نہیں کروں گی | لَا أُفْعَلُ | میں نہیں کیا جاتا ہوں<br>میں نہیں کی جاتی ہوں | میں نہیں کیا جاؤں گا<br>میں نہیں کی جاؤں گی |
| | تثنیہ وجمع | لَا نَفْعَلُ | ہم نہیں کرتے ہیں<br>ہم نہیں کرتی ہیں | ہم نہیں کریں گے<br>ہم نہیں کریں گی | لَا نُفْعَلُ | ہم نہیں کیے جاتے ہیں<br>ہم نہیں کی جاتی ہیں | ہم سب نہیں کیے جائیں گے<br>ہم سب نہیں کی جائیں گی |

## تمرین

(۱) اَلْقِرَاءَةُ، اَلْمَعْرِفَةُ، اَلتَّرْكُ، اَلْجَرْحُ ـــــ اِن چاروں میں پہلے مصدر سے ماضی مثبت معروف، دوسرے سے ماضی مثبت مجہول، تیسرے سے ماضی منفی معروف اور چوتھے سے ماضی منفی مجہول کی گردان سنائیے اور ترجمہ بھی کیجیے۔

(۲) اَلْكِتَابَةُ، اَلْأَكْلُ، اَلضَّرْبُ، اَلْحَبْسُ ـــــ ان میں پہلے مصدر سے مضارع مثبت معروف، دوسرے سے مضارع مثبت مجہول، تیسرے سے مضارع منفی معروف اور چوتھے سے مضارع منفی مجہول کی گردان سنائیے اور ترجمہ بھی کیجیے۔

(۳) افعال اور صیغے پہچانیے، پھر ترجمہ کیجیے۔

يَدْخُلُوْنَ • لَا تَرْكَبْنَ • مَا جُرِحْنَ • فَهِمْنَا • لَا تُحْبَسُوْنَ • مَا يُفْتَحُ • لَا اَقْرَأُ وَلَا اَكْتُبُ • لَا أُتْرَكُ • لَا تُطْلَبِيْنَ • لَا تُنْصَرُ • رَجَعْنَا • لَا يَشْرَبَانِ • جَلَسْتُمَا • لَا تَذْهَبَانِ • مَا عَلِمُوْا • تُرِكْتُنَّ • حُبِسْنَ • نُمْدَحُ • تُغْفَرُوْنَ • يَقْرُبُ • مَا رَجَعْتُ • مَا مُنِعْتِ • مَا قَرَأْتَ • تَعْرِفِيْنَ • مَا مُدِحَا • دُفِعْنَا • تُضْرَبَانِ • لَا تَخْرُجَانِ •

(۴) مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

تم دونوں نہیں پڑھتی ہو • وہ دونوں نہیں لکھتی ہیں • تم سب قید نہیں کی جاؤ گی • وہ سب جائیں گے • ان دو (مذکروں) نے نہیں پڑھا • تم

دو (مذکروں) نے نہیں لکھا • میں روکی جاتی ہوں • تو دیکھتا ہے • تم لوگوں نے سمجھا • اُس نے نہیں سمجھا • اس (مؤنث) کی تعریف کی جائے گی • تو نہیں زخمی کی گئی • ان سب (مؤنثوں) کی مدد کی گئی • ہم سب کی تعریف نہیں کی جائے گی • وہ نہیں اٹھایا گیا • ہم کو نہیں مارا گیا • وہ گئی • تو قید کیا گیا • میں نے صبر کیا • تو پہچانی گئی • وہ دونوں لوٹتی ہیں • تم سب (مذکروں) کو نہیں چھوڑا جائے گا • وہ دونوں نہیں جائیں گے • تم سب اٹھائے جاؤ گے •

# درس ⑩

**نفی تاکید بہ لَنْ:** فعل مضارع معروف، یا مجہول کے شروع میں حرفِ لَنْ لگا دیں تو وہ نفی تاکید بہ لَنْ معروف، یا مجہول ہو جائے گا۔

**لَنْ کا عمل:** لَنْ پانچ صیغوں واحد مذکر غائب (یَفْعَلُ) واحد مؤنث غائب (تَفْعَلُ) واحد مذکر حاضر (تَفْعَلُ) واحد متکلم (أَفْعَلُ) اور جمع متکلم (نَفْعَلُ) کے آخر کو نصب دیتا ہے اور جہاں جہاں نونِ اعرابی ہو گرا دیتا ہے اور جمع مؤنث غائب (یَفْعَلْنَ) وجمع مؤنث حاضر (تَفْعَلْنَ) میں کچھ عمل نہیں کرتا۔ اور معنی کے اعتبار سے لَنْ کا عمل یہ ہے کہ وہ فعلِ مضارع میں نفی تاکید کا معنی پیدا کرتا ہے اور اس کو مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔

## گردان نفی تاکید بہ لَنْ در فعل مضارع معروف و مجہول

| صیغہ | معروف | معنی | مجہول | معنی | لَنْ کا عمل |
|---|---|---|---|---|---|
| واحد | لَنْ یَّفْعَلَ | وہ ہرگز نہیں کرے گا | لَن یُّفْعَلَ | وہ ہرگز نہیں کیا جائے گا | آخری حرف کو نصب دیا |
| تثنیہ | لَنْ یَّفْعَلَا | وہ دونوں ہرگز نہیں کریں گے | لَن یُّفْعَلَا | وہ دونوں ہرگز نہیں کیے جائیں گے | نونِ اعرابی کو گرا دیا |
| جمع | لَنْ یَّفْعَلُوْا | وہ سب ہرگز نہیں کریں گے | لَن یُّفْعَلُوْا | وہ سب ہرگز نہیں کیے جائیں گے | نونِ اعرابی کو گرا دیا |
| واحد | لَنْ تَفْعَلَ | وہ ہرگز نہیں کرے گی | لَن تُفْعَلَ | وہ ہرگز نہیں کی جائے گی | آخری حرف کو نصب دیا |
| تثنیہ | لَنْ تَفْعَلَا | وہ دونوں ہرگز نہیں کریں گی | لَنْ تُفْعَلَا | وہ دونوں ہرگز نہیں کی جائیں گی | نونِ اعرابی کو گرا دیا |
| جمع | لَنْ یَّفْعَلْنَ | وہ سب ہرگز نہیں کریں گی | لَنْ یُّفْعَلْنَ | وہ سب ہرگز نہیں کی جائیں گی | اس میں کچھ عمل نہیں کیا |
| واحد | لَنْ تَفْعَلَ | تو ہرگز نہیں کرے گا | لَنْ تُفْعَلَ | تو ہرگز نہیں کیا جائے گا | آخری حرف کو نصب دیا |
| تثنیہ | لَنْ تَفْعَلَا | تم دونوں ہرگز نہیں کرو گے | لَنْ تُفْعَلَا | تم دونوں ہرگز نہیں کیے جاؤ گے | نونِ اعرابی کو گرا دیا |
| جمع | لَنْ تَفْعَلُوْا | تم سب ہرگز نہیں کرو گے | لَنْ تُفْعَلُوْا | تم سب ہرگز نہیں کیے جاؤ گے | نونِ اعرابی کو گرا دیا |
| واحد | لَنْ تَفْعَلِیْ | تو ہرگز نہیں کرے گی | لَنْ تُفْعَلِیْ | تو ہرگز نہیں کی جائے گی | نونِ اعرابی کو گرا دیا |
| تثنیہ | لَنْ تَفْعَلَا | تم دونوں ہرگز نہیں کرو گی | لَنْ تُفْعَلَا | تم دونوں ہرگز نہیں کی جاؤ گی | نونِ اعرابی کو گرا دیا |
| جمع | لَنْ تَفْعَلْنَ | تم سب ہرگز نہیں کرو گی | لَنْ تُفْعَلْنَ | تم سب ہرگز نہیں کی جاؤ گی | اس میں کچھ عمل نہیں کیا |
| واحد | لَنْ أَفْعَلَ | میں ہرگز نہیں کروں گا<br>میں ہرگز نہیں کروں گی | لَنْ أُفْعَلَ | میں ہرگز نہیں کیا جاؤں گا<br>میں ہرگز نہیں کی جاؤں گی | آخری حرف کو نصب دیا |
| تثنیہ وجمع | لَنْ نَفْعَلَ | ہم ہرگز نہیں کریں گے<br>ہم ہرگز نہیں کریں گی | لَنْ نُفْعَلَ | ہم ہرگز نہیں کیے جائیں گے<br>ہم ہرگز نہیں کی جائیں گی | آخری حرف کو نصب دیا |

# تمرین

(۱) لَن جب فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے تو کیا عمل کرتا ہے؟ مثالوں کے ساتھ بتائیے۔

(۲) درج ذیل مصادر میں پہلے تینوں سے نفی تاکید بہ لن در فعل مضارع معروف اور آخر کے تینوں سے نفی تاکید بہ لن در فعل مضارع مجہول کی گردان سنائیے اور معنی بھی بتائیے۔

| مصدر | معنی | واحد غائب معروف | معنی | مصدر | معنی | واحد غائب مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| القُدُوْمُ (س) | آنا | لَن یَّقْدَمَ | وہ ہرگز نہیں آئے گا | القَتْلُ (ن) | قتل کرنا | لَن یُّقْتَلَ | وہ ہرگز نہیں قتل کیا جائے گا |
| النُّزُوْلُ (ض) | اترنا | لَن یَّنْزِلَ | وہ ہرگز نہیں اترے گا | المَعْرِفَۃُ (ض) | پہچاننا | لَن یُّعْرَفَ | وہ ہرگز نہیں پہچانا جائے گا |
| البُلُوْغُ (ن) | پہنچنا | لَن یَّبْلُغَ | وہ ہرگز نہیں پہنچے گا | المَنْعُ (ف) | روکنا | لَن یُّمْنَعَ | وہ ہرگز نہیں روکا جائے گا |

(۳) افعال، صیغے اور معانی بتائیے۔

لَن یَّبْلُغْنَ • لَن نُّقْتَلَ • لَنْ تَنْزِلَا • لَنْ تُعْرَفْنَ • لَنْ تَقْدَمُوْا • لَن یَّاْکُلُوْا • طُلِبْتَ • لَنْ تُقْتَلِيْ • لَنْ تُمْنَعَ • لَنْ تَنْظُرْنَ • لَن یَّشْرَبَ • ظُلِمْتُمَا • لَنْ تَذْهَبَ • لَنْ اُدْفَعَ • لَن یُّجْرَحَا • لَنْ تَجْلِسِيْ • لَنْ تُمْدَحَا • لَنْ یُّحْبَسُوْا • لَن یُّضْرَبْنَ • لَنْ یَکْتُبَا • لَنْ اَرْجِعَ • مَافَهِمْتِ • لَایَبْعُدُ • لَنْ تُطْلَبُوْا • لَایُنْصَرُ • صَبَرْتُنَّ •

(۴) نیچے لکھے گئے جملوں کی عربی بنائیے۔

تو ہرگز نہیں آئے گا • وہ سب ہرگز نہیں پہنچیں گے • وہ ہرگز نہیں اترے گی • وہ سب ہرگز قتل نہیں کیے جائیں گے • وہ سب ہرگز نہیں روکی جائیں گی • وہ دونوں ہرگز نہیں پہچانے جائیں گے • میں ہرگز نہیں جاؤں گا • تو ہرگز نہیں کھائے گی • ہم ہرگز قید نہیں کیے جائیں گے • تو ہرگز نہیں چھوڑا جائے گا • وہ سب لکھتے ہیں • ہم لوگ پڑھتے ہیں • وہ دونوں آئے • وہ سب گئیں • تم دونوں ہرگز نہیں روکے جاؤ گے • تو ہرگز نہیں ماری جائے گی • میں ہرگز دور نہیں کیا جاؤں گا • تم سب ہرگز نہیں مارے جاؤ گے • تم سب ہرگز نہیں ڈھونڈھی جاؤ گی • وہ دونوں ہرگز نہیں پڑھیں گے • وہ دونوں ہرگز نہیں کھائیں گی • ہم ہرگز نہیں روکیں گے • تم سب ہرگز نہیں سمجھو گی • تم سب ہرگز نہیں بیٹھو گے • وہ سب گئیں • تم لوگ آرہے ہو • تو سمجھی • وہ نہیں لوٹی •

# درس ⑪

**نفی جحد بہ لَمْ:** فعل مضارع (معروف، یا مجہول) کے شروع میں حرفِ لَمْ لگادیں تو وہ نفی جحد بہ لَمْ (معروف، یا مجہول) ہوجائے گا۔

**لَمْ کا عمل:** لَمْ پانچ صیغوں واحد مذکر غائب (یَفْعَلُ) واحد مؤنث غائب (تَفْعَلُ) واحد مذکر حاضر (تَفْعَلُ) واحد متکلم (أَفْعَلُ) اور جمع متکلم (نَفْعَلُ) کے آخر میں اگر حرفِ علّت نہ ہو تو جزم کرتا ہے، اور اگر حرفِ علت ہو تو اسے گرادیتا ہے۔ جیسے لَمْ یَدْعُ، لَمْ یَرْمِ، لَمْ یَخْشَ(۱) اور جہاں جہاں نون اعرابی ہو گرادیتا ہے۔ اور جمع مؤنث غائب (یَفْعَلْنَ) وجمع مؤنث حاضر (تَفْعَلْنَ) میں کچھ عمل نہیں کرتا —— اور معنی کے اعتبار سے لَمْ کا عمل یہ ہے کہ وہ فعلِ مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کردیتا ہے۔

**حروف علّت** تین ہیں: واو، الف، ي۔ جن کا مجموعہ وای ہے۔

(۱) مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب "یَدْعُوْ، یَرْمِيْ اور یَخْشٰی" تھا۔ جب لَمْ داخل ہوا تو اس نے پہلی مثال سے حرف علت واو، دوسری مثال سے حرف علت ي اور تیسری مثال سے حرف علت الف کو گرادیا۔۱۲

# گردان نفی جحد بہ لَمْ در فعل مضارع معروف و مجہول

| صیغہ | | معروف | معنی | مجہول | معنی | لَمْ کا عمل |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لَمْ یَفْعَلْ | اُس (ایک مذکر) نے نہیں کیا | لَمْ یُفْعَلْ | وہ نہیں کیا گیا | آخری حرف کو جزم دیا |
| | تثنیہ | لَمْ یَفْعَلَا | اُن دو (مذکروں) نے نہیں کیا | لَمْ یُفْعَلَا | وہ دونوں نہیں کیے گئے | نونِ اعرابی کو گرادیا |
| | جمع | لَمْ یَفْعَلُوْا | اُن سب (مذکروں) نے نہیں کیا | لَمْ یُفْعَلُوْا | وہ سب نہیں کیے گئے | نونِ اعرابی کو گرادیا |
| مؤنث غائب | واحد | لَمْ تَفْعَلْ | اُس (ایک مؤنث) نے نہیں کیا | لَمْ تُفْعَلْ | وہ نہیں کی گئی | آخری حرف کو جزم دیا |
| | تثنیہ | لَمْ تَفْعَلَا | اُن دو (مؤنثوں) نے نہیں کیا | لَمْ تُفْعَلَا | وہ دونوں نہیں کی گئیں | نونِ اعرابی کو گرادیا |
| | جمع | لَمْ یَفْعَلْنَ | اُن سب (مؤنثوں) نے نہیں کیا | لَمْ یُفْعَلْنَ | وہ سب نہیں کی گئیں | اس میں کچھ عمل نہیں کیا |
| مذکر حاضر | واحد | لَمْ تَفْعَلْ | تو (ایک مذکر) نے نہیں کیا | لَمْ تُفْعَلْ | تو نہیں کیا گیا | آخری حرف کو جزم دیا |
| | تثنیہ | لَمْ تَفْعَلَا | تم دو (مذکروں) نے نہیں کیا | لَمْ تُفْعَلَا | تم دونوں نہیں کیے گئے | نون اعرابی کو گرادیا |
| | جمع | لَمْ تَفْعَلُوْا | تم سب (مذکروں) نے نہیں کیا | لَمْ تُفْعَلُوْا | تم سب نہیں کیے گئے | نون اعرابی کو گرادیا |
| مؤنث حاضر | واحد | لَمْ تَفْعَلِیْ | تو (ایک مؤنث) نے نہیں کیا | لَمْ تُفْعَلِیْ | تو نہیں کی گئی | نون اعرابی کو گرادیا |
| | تثنیہ | لَمْ تَفْعَلَا | تم دو (مؤنثوں) نے نہیں کیا | لَمْ تُفْعَلَا | تم دونوں نہیں کی گئیں | نون اعرابی کو گرادیا |
| | جمع | لَمْ تَفْعَلْنَ | تم سب (مؤنثوں) نے نہیں کیا | لَمْ تُفْعَلْنَ | تم سب نہیں کی گئیں | اس میں کچھ عمل نہیں کیا |
| مذکر و مؤنث متکلم | واحد | لَمْ أَفْعَلْ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) نے نہیں کیا | لَمْ أُفْعَلْ | میں نہیں کیا گیا/ میں نہیں کی گئی | آخری حرف کو جزم دیا |
| | تثنیہ و جمع | لَمْ نَفْعَلْ | ہم (دو مذکروں، یا دو مؤنثوں ـ سب مذکروں، یا سب مؤنثوں) نے نہیں کیا | لَمْ نُفْعَلْ | ہم نہیں کیے گئے/ ہم نہیں کی گئیں | آخری حرف کو جزم دیا |

## تمرین

(۱) لَمْ جب فعلِ مضارع پر داخل ہوتا ہے تو کیا عمل کرتا ہے؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

(۲) مندرجہ ذیل مصادر میں پہلے تینوں سے نفی جحد بہ لَمْ در فعل مضارع معروف اور آخر کے تینوں سے نفی جحد بہ لَمْ در فعلِ مضارع مجہول کی گردان سنائیے اور ترجمہ بھی کیجیے۔

| مصدر | معنی | واحد غائب معروف | معنی | مصدر | معنی | واحد غائب مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرُّقُوْدُ (ن) | سونا | لَمْ یَرْقُدْ | وہ نہیں سویا | البَعْثُ (ف) | بھیجنا | لَمْ یُبْعَثْ | وہ نہیں بھیجا گیا |
| الطَّبْخُ (ف) | پکانا | لَمْ یَطْبَخْ | اس نے نہیں پکایا | الرَّزْقُ (ن) | روزی دینا | لَمْ یُرْزَقْ | اس کو روزی نہیں دی گئی |
| الشَّهَادَةُ (س) | گواہی دینا | لَمْ یَشْهَدْ | اس نے گواہی نہیں دی | الحَبْسُ (ض) | قید کرنا | لَمْ یُحْبَسْ | وہ نہیں قید کیا گیا |

(۳) افعال، صیغ اور معانی بتایئے۔

لَمْ يَرْقُدْنَ • لَمْ تَطْبَخْنَ • لَمْ تُبْعَثِيْ • لَمْ تُرْزَقُوْا • لَمْ يُحْبَسُوْا • لَمْ تَشْهَدَا • لَمْ أُبْعَثْ • لَمْ يَرْقُدْ • لَمْ تُرْزَقَا • لَمْ نَشْهَدْ • لَمْ نُحْبَسْ • لَمْ تَطْبَخِيْ • لَنْ يُمْنَعَا • لَاتَنْظُرُوْنَ • لَاأَقْتُلُ • فَتَحْنَا • يَرْجِعَانِ • مَاذَهَبُوْا • لَايَطْلُبُ • مَاعَلِمْتَ • غُفِرْتُنَّ • قَرَأْتَ • كَتَبْنَا • لَمْ يُضْرَبْنَ • لَنْ تُشْرَبَ • لَمْ نُمْدَحْ • مَا نُصِرْتِ • لَنْ تَبْلُغَ •

(۴) نیچے لکھے گئے جملوں کی عربی بنایئے۔ (ماضی منفی کی جگہ نفی جحد بہ لَمْ کا استعمال کریں)۔

میں نہیں بھیجا گیا • تونہیں سوئی • تم سب (مؤنثوں) نے نہیں پکایا • ان دو (مذکروں) کو قید نہیں کیا گیا • ہم سب نے گواہی نہیں دی • ان سب (مؤنثوں) کو روزی نہیں دی گئی • ان سب (مذکروں) کو قتل نہیں کیا گیا • تم سب (مذکروں) نے نہیں کھایا • میں نے نہیں پیا • وہ نہیں پہچانی گئی • تونہیں مارا گیا • وہ دونوں نہیں گئیں • تم دو (مؤنثوں) نے نہیں سنا • وہ دونوں نہیں پہچانی گئیں • وہ ہرگز نہیں ڈھونڈھا جائے گا • تم دونوں ہرگز نہیں بھیجے جاؤ گے • ہم ہرگز دور نہیں کیے جائیں گے • وہ قریب ہوگا • تو دور ہوگا • وہ دونوں چھوڑی جائیں گی • تم سب پہچانے جاؤ گے • وہ نہیں کھائے گی • تونہیں اٹھائی جائے گی • تم دونوں نہیں پڑھو گے • تم سب قید نہیں کی جاؤ گی • وہ سب ہرگز نہیں لکھیں گی • تم دونوں ہرگز نہیں بھیجی جاؤ گی • وہ دونوں ہرگز نہیں بیٹھیں گی •

## درس ⑫

**لام تاکید بانون تاکید:** فعل مضارع (معروف، یا مجہول) کے شروع میں ''لام تاکید'' اور آخر میں ''نون تاکید'' لگا دیں، لام تاکید بانون تاکید (معروف، یا مجہول) ہو جائے گا۔

لام تاکید ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔ اور نون تاکید کی دو قسمیں ہیں: (۱) نون ثقیلہ (۲) نون خفیفہ۔

**نون ثقیلہ** نون مُشدَّد کو کہتے ہیں اور وہ فعل مضارع کے تمام صیغوں کے ساتھ آتا ہے۔ اگر اس سے پہلے الف ہو تو مکسور ہوتا ہے، ورنہ مفتوح ہوتا ہے۔ جیسے لَيَفْعَلَنَّ • لَيَفْعَلَانِّ۔

**نون خفیفہ** نون ساکن کو کہتے ہیں اور وہ فعل مضارع کے صرف آٹھ صیغوں کے ساتھ آتا ہے۔

نون ثقیلہ ونون خفیفہ دونوں تاکید کا فائدہ دیتے ہیں اور فعل مضارع کو زمانۂ مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتے ہیں۔

**فعل مضارع میں نون ثقیلہ کا اثر:** (۱) پانچ صیغوں میں لام کلمہ مفتوح ہوگا۔ وہ پانچ صیغے یہ ہیں: واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، جمع متکلم۔

(۲) جہاں جہاں نون اعرابی ہے گر جائے گا۔ وہ کل سات صیغے ہیں: چار تثنیہ، دو جمع مذکر (غائب وحاضر) اور ایک واحد مؤنث حاضر۔

(۳) جمع مذکر غائب وجمع مذکر حاضر کے صیغے سے واو گر جائے گا اور اس سے پہلے والے حرف کا ''ضمہ'' باقی رہے گا، تاکہ معلوم ہو کہ یہاں سے واو حذف ہے۔ جیسے لَيَفْعَلُنَّ • لَتَفْعَلُنَّ۔

(۴) واحد مؤنث حاضر کے صیغہ سے ي گر جائے گی اور اس سے پہلے والے حرف کا ''کسرہ'' باقی رہے گا، تاکہ معلوم ہو کہ یہاں سے ي حذف ہے۔ جیسے لَتَفْعَلِنَّ۔

(۵) جمع مؤنث غائب وجمع مؤنث حاضر میں **نون ضمیر** کے بعد **الف فاصل** آئے گا، تاکہ تین نون ایک ساتھ جمع نہ ہوں۔ جیسے لَيَفْعَلْنَانِّ ● لَتَفْعَلْنَانِّ۔

**فعل مضارع میں نون خفیفہ کا اثر:** نون خفیفہ کا حال نون ثقیلہ کی طرح ہی ہے، مگر یہ کہ نون خفیفہ اُن صیغوں کے ساتھ نہیں آتا ہے، جن میں نون ثقیلہ سے پہلے الف ہوتا ہے۔ اور وہ کل چھ صیغے ہیں: چار تثنیہ اور دو جمع مؤنث (غائب وحاضر)۔

## گردان لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ در فعل مضارع معروف ومجہول

| صیغہ | | معروف | | | معنی | مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لَيَفْعَلَنَّ | لَيَفْعِلَنَّ | لَيَفْعُلَنَّ | وہ ضرور کرے گا | لَيُفْعَلَنَّ | وہ ضرور کیا جائے گا |
| | تثنیہ | لَيَفْعَلَانِّ | لَيَفْعِلَانِّ | لَيَفْعُلَانِّ | وہ دونوں ضرور کریں گے | لَيُفْعَلَانِّ | وہ دونوں ضرور کیے جائیں گے |
| | جمع | لَيَفْعَلُنَّ | لَيَفْعِلُنَّ | لَيَفْعُلُنَّ | وہ سب ضرور کریں گے | لَيُفْعَلُنَّ | وہ سب ضرور کیے جائیں گے |
| مؤنث غائب | واحد | لَتَفْعَلَنَّ | لَتَفْعِلَنَّ | لَتَفْعُلَنَّ | وہ ضرور کرے گی | لَتُفْعَلَنَّ | وہ ضرور کی جائے گی |
| | تثنیہ | لَتَفْعَلَانِّ | لَتَفْعِلَانِّ | لَتَفْعُلَانِّ | وہ دونوں ضرور کریں گی | لَتُفْعَلَانِّ | وہ دونوں ضرور کی جائیں گی |
| | جمع | لَيَفْعَلْنَانِّ | لَيَفْعِلْنَانِّ | لَيَفْعُلْنَانِّ | وہ سب ضرور کریں گی | لَيُفْعَلْنَانِّ | وہ سب ضرور کی جائیں گی |
| مذکر حاضر | واحد | لَتَفْعَلَنَّ | لَتَفْعِلَنَّ | لَتَفْعُلَنَّ | تو ضرور کرے گا | لَتُفْعَلَنَّ | تو ضرور کیا جائے گا |
| | تثنیہ | لَتَفْعَلَانِّ | لَتَفْعِلَانِّ | لَتَفْعُلَانِّ | تم دونوں ضرور کرو گے | لَتُفْعَلَانِّ | تم دونوں ضرور کیے جاؤ گے |
| | جمع | لَتَفْعَلُنَّ | لَتَفْعِلُنَّ | لَتَفْعُلُنَّ | تم سب ضرور کرو گے | لَتُفْعَلُنَّ | تم سب ضرور کیے جاؤ گے |
| مؤنث حاضر | واحد | لَتَفْعَلِنَّ | لَتَفْعِلِنَّ | لَتَفْعُلِنَّ | تو ضرور کرے گی | لَتُفْعَلِنَّ | تو ضرور کی جائے گی |
| | تثنیہ | لَتَفْعَلَانِّ | لَتَفْعِلَانِّ | لَتَفْعُلَانِّ | تم دونوں ضرور کرو گی | لَتُفْعَلَانِّ | تم دونوں ضرور کی جاؤ گی |
| | جمع | لَتَفْعَلْنَانِّ | لَتَفْعِلْنَانِّ | لَتَفْعُلْنَانِّ | تم سب ضرور کرو گی | لَتُفْعَلْنَانِّ | تم سب ضرور کی جاؤ گی |
| مذکر ومؤنث متکلم | واحد | لَأَفْعَلَنَّ | لَأَفْعِلَنَّ | لَأَفْعُلَنَّ | میں ضرور کروں گا<br>میں ضرور کروں گی | لَأُفْعَلَنَّ | میں ضرور کیا جاؤں گا<br>میں ضرور کی جاؤں گی |
| | تثنیہ وجمع | لَنَفْعَلَنَّ | لَنَفْعِلَنَّ | لَنَفْعُلَنَّ | ہم ضرور کریں گے<br>ہم ضرور کریں گی | لَنُفْعَلَنَّ | ہم ضرور کیے جائیں گے<br>ہم ضرور کی جائیں گی |

# گردان لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مضارع معروف ومجہول

| صیغہ | | معروف | | | معنی | مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لَيَفْعَلَنْ | لَيَفْعِلَنْ | لَيَفْعُلَنْ | وہ ضرور کرے گا | لَيُفْعَلَنْ | وہ ضرور کیا جائے گا |
| | جمع | لَيَفْعَلُنْ | لَيَفْعِلُنْ | لَيَفْعُلُنْ | وہ سب ضرور کریں گے | لَيُفْعَلُنْ | وہ سب ضرور کیے جائیں گے |
| مؤنث غائب | واحد | لَتَفْعَلَنْ | لَتَفْعِلَنْ | لَتَفْعُلَنْ | وہ ضرور کرے گی | لَتُفْعَلَنْ | وہ ضرور کی جائے گی |
| مذکر حاضر | واحد | لَتَفْعَلَنْ | لَتَفْعِلَنْ | لَتَفْعُلَنْ | تو ضرور کرے گا | لَتُفْعَلَنْ | تو ضرور کیا جائے گا |
| | جمع | لَتَفْعَلُنْ | لَتَفْعِلُنْ | لَتَفْعُلُنْ | تم سب ضرور کرو گے | لَتُفْعَلُنْ | تم سب ضرور کیے جاؤ گے |
| مؤنث حاضر | واحد | لَتَفْعَلِنْ | لَتَفْعِلِنْ | لَتَفْعُلِنْ | تو ضرور کرے گی | لَتُفْعَلِنْ | تو ضرور کی جائے گی |
| مذکر ومؤنث متکلم | واحد | لَأَفْعَلَنْ | لَأَفْعِلَنْ | لَأَفْعُلَنْ | میں ضرور کروں گا/میں ضرور کروں گی | لَأُفْعَلَنْ | میں ضرور کیا جاؤں گا/میں ضرور کی جاؤں گی |
| | جمع | لَنَفْعَلَنْ | لَنَفْعِلَنْ | لَنَفْعُلَنْ | ہم ضرور کریں گے/ہم ضرور کریں گی | لَنُفْعَلَنْ | ہم ضرور کیے جائیں گے/ہم ضرور کی جائیں گی |

## تمرین

(۱) لام تاکید بانون تاکید در فعل مضارع (معروف، یا مجہول) کیسے بناتے ہیں؟

(۲) نون تاکید ثقیلہ کسے کہتے ہیں اور فعل مضارع میں اس کا اثر کیا ہوتا ہے؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

(۳) درج ذیل مصادر میں پہلے تینوں سے لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ در فعل مضارع معروف اور آخر کے تینوں سے لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ در فعل مضارع مجہول کی گردان سنائیے اور ترجمہ بھی کیجیے۔

| مصدر | واحد غائب معروف | معنی | مصدر | واحد غائب مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| الكِذْبُ (ض) | لَيَكْذِبَنْ | وہ ضرور جھوٹ بولے گا | النَّشْرُ (ن) | لَيُنْشَرَنْ | وہ ضرور پھیلایا جائے گا |
| اللُّبْسُ (س) | لَيَلْبَسَنْ | وہ ضرور پہنے گا | السُّوالُ (ف) | لَيُسْئَلَنْ | اس سے ضرور پوچھا جائے گا |
| اللَّمْسُ (ن) | لَيَلْمُسَنْ | وہ ضرور چھوئے گا | اللَّدْغُ (ف) | لَيُلْدَغَنْ | اس کو ضرور ڈسا جائے گا |

(۴) افعال، صیغے اور معانی بتایئے۔

لَتُسْئَلُنَّ • لَأَلْبِسَنَّ • لَتُلْدَغَنَّ • لَيُنْشَرَنَّ • لَنَلْمُسَنَّ • لَتَذْهَبَانِّ • لَتُرْزَقَانِّ • لَتَطْبَخِنَّ • لَتُبْعَثَنَّ • لَنَدْفَعَنْ • لَيَقْرَأْنْ • لَيَكْتُبُنْ • لَيُقْتَلَانِّ • لَيَضْرِبَانِّ • لَتُعْرَفُنْ • لَتَأْكُلَنْ • لَتَتْرُكَانِّ • لَتَنْزِلِنْ • لَيُمْنَعَنْ • لَيَجْلِسَانِّ • مَادَخَلُوْا • يَعْلَمُوْنَ • لَنْ يَّفْهَمْنَ • لَمْ تَرْجِعْنَ • اَكَلْتُنَّ • بُعِثْتِ • لَاتَكْتُبِيْنَ • لَتَقْرُبُنْ • لَنُرْزَقَنَّ • لَأَطْلُبَنْ • لَمْ يَنْظُرُوْا • لَنْ يَّرْقُدَا • حَفِظْتُمَا • مَا عَلِمْتُمْ •

(۵) مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

وہ سب ضرور پہنچیں گے • تو ضرور جائے گی • تم سب ضرور قتل کی جاؤ گی • وہ ہرگز نہیں پڑھے گا • وہ دونوں ہرگز نہیں لکھیں گے • تو ضرور قید کیا جائے گا • وہ دونوں ضرور قتل کی جائیں گی • تم سب ضرور ڈسے جاؤ گے • تم دونوں ضرور پہنو گے • تم دونوں ضرور بھیجی جاؤ گی • وہ سب ضرور لوٹیں گے • میں ضرور سوؤں گا • ہم ہرگز نہیں روکی جائیں گی • میں ہرگز نہیں پڑھوں گی • ہم ضرور مارے جائیں گے • ان سب (مؤنثوں) نے مدد کی • ہم سب خاموش ہوئے • اس (ایک مؤنث) نے حفاظت نہیں کی • میں ظلم نہیں کروں گی • وہ سب بیٹھتے ہیں • تم دو (مؤنثوں) کی تعریف کی جائے گی • وہ دونوں قتل نہیں کی جائیں گی • تو ہرگز نہیں نکلے گی • تو ضرور کاٹے گا • وہ ہرگز نہیں قتل کیا جائے گا • میں ضرور پڑھوں گا • وہ دونوں نہیں بھیجے گئے • وہ سب ضرور آئیں گی • تم سب نہیں سمجھے • تم دونوں ہرگز مدد نہیں کرو گے •

## درس ⑬

**فعل امر**: کتاب کے شروع میں فعل امر کی تعریف ہو چکی۔ اب یہاں فعل امر بنانے کا قاعدہ اور اس کی گردان لکھی جا رہی ہے۔

فعل امر کے صیغے فعل مضارع کے صیغوں سے بنائے جاتے ہیں، چوں کہ امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ امر حاضر مجہول و امر غائب معروف و مجہول بنانے کے قاعدہ سے مختلف ہے، اس لیے دونوں قاعدے الگ الگ لکھے جا رہے ہیں۔

**امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ**: امر حاضر معروف فعلِ مضارع حاضر معروف سے بنتا ہے، اس طرح کہ:

(۱) شروع سے علامت مضارع گرا دیں اور آخر میں ساکن کریں، لیکن آخر میں حرف علت ہو تو اسے گرا دیں۔ جیسے تَعِدُ سے عِدْ • تَقِيُ سے قِ۔ یہ اس وقت ہے جب علامتِ مضارع کے بعد والا حرف متحرک ہو۔ جیسا کہ مثالوں سے ظاہر ہے۔

(۲) اور اگر علامتِ مضارع کے بعد والا حرف ساکن ہو تو چوں کہ زبانِ عرب میں ساکن سے ابتدا نہیں ہوتی اس لیے شروع میں ہمزۂ وصل لائیں۔

(۳) اگر عین کلمہ مضموم ہو تو ہمزہ وصل مضموم لائیں، ورنہ مکسور۔ جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ — تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ — تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ — اسی طرح تَدْعُوْ سے اُدْعُ — تَرْمِيْ سے اِرْمِ — تَخْشىٰ سے اِخْشَ — ان سب میں علامتِ مضارع کے بعد والا حرف ساکن ہے۔

**تنبیہ**: امر کا آخری حرف ساکن ہوتا ہے۔ اور اگر آخری حرف، حرف علت ہو تو گر جاتا ہے۔ یہ حکم ہر جگہ ہے۔ امر حاضر ہو، یا غائب، یا متکلم، معروف ہو، یا مجہول، سب میں یہ قاعدہ جاری ہوگا۔

**امر حاضر مجہول و امر غائب معروف و مجہول بنانے کا قاعدہ** یہ ہے کہ ''لام امر'' فعلِ مضارع کے شروع میں لائیں اور آخری حرف کو ساکن کر دیں اگر وہ حرف علت نہ ہو۔ جیسے

لِتُفْعَلْ • لِيَفْعَلْ • لِيُفْعَلْ۔ اور اگر حرف علت ہو تو اسے گرادیں۔ جیسے لِتَدْعُ • لِيَدْعُ • لِيَرْمِ • لِيَخْشَ • لِيُدْعَ • لِيُرْمَ، لِيُخْشَ۔

فعل امر میں بھی ''نون اعرابی'' گر جاتا ہے اور ''نون ضمیر'' باقی رہتا ہے۔ لام امر ہمیشہ مکسور ہوتا ہے، مگر جب اس سے پہلے ثُمَّ، واو، فا، میں سے کوئی حرف ہو تو ساکن ہوسکتا ہے۔ جیسے ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ[1] • فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ[2] • اور نون تاکید جس طرح مضارع کے ساتھ آتا ہے اسی طرح امر کے ساتھ بھی آتا ہے۔

## گردان فعل امر معروف ومجہول

| صیغہ | | معروف | | | معنی | مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لِيَفْعَلْ | لِيَفْعِلْ | لِيَفْعُلْ | وہ (ایک مذکر) کرے | لِيُفْعَلْ | وہ (ایک مذکر) کیا جائے |
| | تثنیہ | لِيَفْعَلَا | لِيَفْعِلَا | لِيَفْعُلَا | وہ دو (مذکر) کریں | لِيُفْعَلَا | وہ دو (مذکر) کیے جائیں |
| | جمع | لِيَفْعَلُوْا | لِيَفْعِلُوْا | لِيَفْعُلُوْا | وہ سب (مذکر) کریں | لِيُفْعَلُوْا | وہ سب (مذکر) کیے جائیں |
| مؤنث غائب | واحد | لِتَفْعَلْ | لِتَفْعِلْ | لِتَفْعُلْ | وہ (ایک مؤنث) کرے | لِتُفْعَلْ | وہ (ایک مؤنث) کی جائے |
| | تثنیہ | لِتَفْعَلَا | لِتَفْعِلَا | لِتَفْعُلَا | وہ دو (مؤنثیں) کریں | لِتُفْعَلَا | وہ دو (مؤنثیں) کی جائیں |
| | جمع | لِيَفْعَلْنَ | لِيَفْعِلْنَ | لِيَفْعُلْنَ | وہ سب (مؤنثیں) کریں | لِيُفْعَلْنَ | وہ سب (مؤنثیں) کی جائیں |
| مذکر حاضر | واحد | اِفْعَلْ | اِفْعِلْ | اُفْعُلْ | تو (ایک مذکر) کر | لِتُفْعَلْ | تو (ایک مذکر) کیا جائے |
| | تثنیہ | اِفْعَلَا | اِفْعِلَا | اُفْعُلَا | تم دو (مذکر) کرو | لِتُفْعَلَا | تم دو (مذکر) کیے جاؤ |
| | جمع | اِفْعَلُوْا | اِفْعِلُوْا | اُفْعُلُوْا | تم سب (مذکر) کرو | لِتُفْعَلُوْا | تم سب (مذکر) کیے جاؤ |
| مؤنث حاضر | واحد | اِفْعَلِيْ | اِفْعِلِيْ | اُفْعُلِيْ | تو (ایک مؤنث) کر | لِتُفْعَلِيْ | تو (ایک مؤنث) کی جائے |
| | تثنیہ | اِفْعَلَا | اِفْعِلَا | اُفْعُلَا | تم دو (مؤنثیں) کرو | لِتُفْعَلَا | تم دو (مؤنثیں) کی جاؤ |
| | جمع | اِفْعَلْنَ | اِفْعِلْنَ | اُفْعُلْنَ | تم سب (مؤنثیں) کرو | لِتُفْعَلْنَ | تم سب (مؤنثیں) کی جاؤ |
| مذکر ومؤنث متکلم | واحد | لِأَفْعَلْ | لِأَفْعِلْ | لِأَفْعُلْ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) کروں | لِأُفْعَلْ | میں کیا جاؤں/ میں کی جاؤں |
| | تثنیہ وجمع | لِنَفْعَلْ | لِنَفْعِلْ | لِنَفْعُلْ | ہم (دو، یا سب، مذکر، یا مؤنثیں) کریں | لِنُفْعَلْ | ہم کیے جائیں/ ہم کی جائیں |

(۱) [الحج ۲۲- آیت ۲۹] پھر اپنا میل کچیل اتاریں۔ اور اپنی منتیں پوری کریں۔ (۲) [قریش ۱۰۶- آیت ۳] تو انھیں چاہیے کہ اس گھر کے رب کی بندگی کریں۔

## گردان فعل امر معروف ومجہول بانون تاکید ثقیلہ

| صیغہ | | معروف | | | معنی | مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لِيَفْعَلَنَّ | لِيَفْعِلَنَّ | لِيَفْعُلَنَّ | وہ (ایک مذکر) ضرور کرے | لِيُفْعَلَنَّ | وہ (ایک مذکر) ضرور کیا جائے |
| | تثنیہ | لِيَفْعَلَانِّ | لِيَفْعِلَانِّ | لِيَفْعُلَانِّ | وہ دو (مذکر) ضرور کریں | لِيُفْعَلَانِّ | وہ دو (مذکر) ضرور کیے جائیں |
| | جمع | لِيَفْعَلُنَّ | لِيَفْعِلُنَّ | لِيَفْعُلُنَّ | وہ سب (مذکر) ضرور کریں | لِيُفْعَلُنَّ | وہ سب (مذکر) ضرور کیے جائیں |
| مؤنث غائب | واحد | لِتَفْعَلَنَّ | لِتَفْعِلَنَّ | لِتَفْعُلَنَّ | وہ (ایک مؤنث) ضرور کرے | لِتُفْعَلَنَّ | وہ (ایک مؤنث) ضرور کی جائے |
| | تثنیہ | لِتَفْعَلَانِّ | لِتَفْعِلَانِّ | لِتَفْعُلَانِّ | وہ دو (مؤنثیں) ضرور کریں | لِتُفْعَلَانِّ | وہ دو (مؤنثیں) ضرور کی جائیں |
| | جمع | لِيَفْعَلْنَانِّ | لِيَفْعِلْنَانِّ | لِيَفْعُلْنَانِّ | وہ سب (مؤنثیں) ضرور کریں | لِيُفْعَلْنَانِّ | وہ سب (مؤنثیں) ضرور کی جائیں |
| مذکر حاضر | واحد | اِفْعَلَنَّ | اِفْعِلَنَّ | اُفْعُلَنَّ | تو (ایک مذکر) ضرور کر | لِتُفْعَلَنَّ | تو (ایک مذکر) ضرور کیا جائے |
| | تثنیہ | اِفْعَلَانِّ | اِفْعِلَانِّ | اُفْعُلَانِّ | تم دو (مذکر) ضرور کرو | لِتُفْعَلَانِّ | تم دو (مذکر) ضرور کیے جاؤ |
| | جمع | اِفْعَلُنَّ | اِفْعِلُنَّ | اُفْعُلُنَّ | تم سب (مذکر) ضرور کرو | لِتُفْعَلُنَّ | تم سب (مذکر) ضرور کیے جاؤ |
| مؤنث حاضر | واحد | اِفْعَلِنَّ | اِفْعِلِنَّ | اُفْعُلِنَّ | تو (ایک مؤنث) ضرور کر | لِتُفْعَلِنَّ | تو (ایک مؤنث) ضرور کی جائے |
| | تثنیہ | اِفْعَلَانِّ | اِفْعِلَانِّ | اُفْعُلَانِّ | تم دو (مؤنثیں) ضرور کرو | لِتُفْعَلَانِّ | تم دو (مؤنثیں) ضرور کی جاؤ |
| | جمع | اِفْعَلْنَانِّ | اِفْعِلْنَانِّ | اُفْعُلْنَانِّ | تم سب (مؤنثیں) ضرور کرو | لِتُفْعَلْنَانِّ | تم سب (مؤنثیں) ضرور کی جاؤ |
| مذکر ومؤنث متکلم | واحد | لِأَفْعَلَنَّ | لِأَفْعِلَنَّ | لِأَفْعُلَنَّ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) ضرور کروں | لِأُفْعَلَنَّ | میں ضرور کیا جاؤں / میں ضرور کی جاؤں |
| | تثنیہ وجمع | لِنَفْعَلَنَّ | لِنَفْعِلَنَّ | لِنَفْعُلَنَّ | ہم (دو، یا سب مذکر، یا مؤنثیں) ضرور کریں | لِنُفْعَلَنَّ | ہم ضرور کیے جائیں / ہم ضرور کی جائیں |

## گردان فعل امر معروف ومجہول بانون تاکید خفیفہ

| صیغہ | | معروف | | | معنی | مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لِيَفْعَلَنْ | لِيَفْعِلَنْ | لِيَفْعُلَنْ | وہ (ایک مذکر) ضرور کرے | لِيُفْعَلَنْ | وہ (ایک مذکر) ضرور کیا جائے |
| | جمع | لِيَفْعَلُنْ | لِيَفْعِلُنْ | لِيَفْعُلُنْ | وہ سب (مذکر) ضرور کریں | لِيُفْعَلُنْ | وہ سب (مذکر) ضرور کیے جائیں |
| مؤنث غائب | واحد | لِتَفْعَلَنْ | لِتَفْعِلَنْ | لِتَفْعُلَنْ | وہ (ایک مؤنث) ضرور کرے | لِتُفْعَلَنْ | وہ (ایک مؤنث) ضرور کی جائے |
| مذکر حاضر | واحد | اِفْعَلَنْ | اِفْعِلَنْ | اُفْعُلَنْ | تو (ایک مذکر) ضرور کر | لِتُفْعَلَنْ | تو (ایک مذکر) ضرور کیا جائے |
| | جمع | اِفْعَلُنْ | اِفْعِلُنْ | اُفْعُلُنْ | تم سب (مذکر) ضرور کرو | لِتُفْعَلُنْ | تم سب (مذکر) ضرور کیے جاؤ |
| مؤنث حاضر | واحد | اِفْعَلِنْ | اِفْعِلِنْ | اُفْعُلِنْ | تو (ایک مؤنث) ضرور کر | لِتُفْعَلِنْ | تو (ایک مؤنث) ضرور کی جائے |
| مذکر ومؤنث متکلم | واحد | لِأَفْعَلَنْ | لِأَفْعِلَنْ | لِأَفْعُلَنْ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) ضرور کروں | لِأُفْعَلَنْ | میں ضرور کیا جاؤں / میں ضرور کی جاؤں |
| | تثنیہ وجمع | لِنَفْعَلَنْ | لِنَفْعِلَنْ | لِنَفْعُلَنْ | ہم (دو، یا سب مذکر، یا مؤنثیں) ضرور کریں | لِنُفْعَلَنْ | ہم ضرور کیے جائیں / ہم ضرور کی جائیں |

# تمرین

(۱) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ مثالوں کے ساتھ سنائیے۔

(۲) امر حاضر مجہول وامر غائب معروف ومجہول بنانے کا قاعدہ مثالوں کے ساتھ سنائیے۔

(۳) الرُّکُوبُ (س) • الخُرُوجُ (ن) • الفَهْمُ (س) —— ان تینوں مصدروں سے فعلِ امر معروف، فعلِ امر معروف بانون ثقیلہ اور فعلِ امر معروف بانون خفیفہ کی گردان سنائیے اور معنی بھی بتائیے۔

(۴) القَتْلُ (ن) • البَعْثُ (ف) • الکَسْرُ (ض) —— ان تینوں مصدروں سے فعلِ امر مجہول، فعلِ امر مجہول بانون ثقیلہ اور فعلِ امر مجہول بانون خفیفہ کی گردان سنائیے اور ترجمہ بھی کیجیے۔

(۵) افعال، صیغے اور معانی بتائیے۔

اِرْکَبِي • لِتُبْعَثْ • لِيُقْتَلَنَّ • لِيَکْسِرَنْ • لِيُقْطَعْنَ • اُبْعُدُوا • اِذْهَبْنَ • لِأُنْظَرْ • لِتُلْدَغْنَ • اِجْلِسَنْ • لِيُمْدَحَانِّ • لِتُرْزَقْنَ • اِحْمِلَا • لِتُنْظَرْنَ • اِشْرَبِنَّ • لِيَخْرُجَانِّ • لِتُغْفَرَنْ • لِأُقْرَأَنْ • اِشْهَدْ • لِتُنْصَرَا • لِيُطْبَخْنَانِّ • لِتُضْرَبْنَانِّ • لِيُکْتَبُنَّ • لَمْ تَأْکُلِي • لَنْ يَصْبِرُوا • مَاقَطَعْنَ • مُنِعْتِ • لَا يَذْهَبْنَ • لَاتُعْرَفِيْنَ • مَاقُتِلْنَا • دَخَلْتُ • لَمْ يَلْبَسُوا • لَاتَفْهَمْنَ • نَرْجِعُ • اِحْفَظْنَانِّ •

(۶) مندرجہ ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

تو (ایک مذکر) سوار ہو • وہ سب (مؤنث) ضرور یاد کریں • وہ (ایک مذکر) ضرور بھیجا جائے • تو زخمی کی جائے • تم دو (مذکر) لکھو • وہ دو (مؤنث) پڑھیں • میں ضرور نکلوں • وہ (ایک مذکر) ضرور بیٹھے • وہ دونوں روکی جائیں • تم دونوں ضرور بھیجے جاؤ • وہ سب قتل کیے جائیں • تم سب ضرور زخمی کی جاؤ • تم سب (مذکر) صبر کرو • وہ دو (مذکر) ضرور آئیں • میں قید کی جاؤں • تم دو (مؤنث) ضرور جاؤ • وہ سب (مذکر) بیٹھیں • وہ (ایک مؤنث) ضرور کھائے • وہ دونوں روکے جائیں • تو (ایک مؤنث) توڑ • تم سب (مؤنث) ضرور بیٹھو • وہ سب دیکھی جائیں • تم سب ضرور ڈسے جاؤ • ہم ہرگز نہیں بیٹھیں گی • تو ضرور جائے گی • وہ دور ہوتا ہے • ہم کاٹتے ہیں • وہ کھاتی ہیں • وہ دونوں نہیں بھیجی جائیں گی • تو (ایک مؤنث) نے لکھا • اس (ایک مؤنث) نے نہیں پڑھا •

# درس ۱۴

**فعل نہی** وہ فعل ہے جس سے کسی کام کے نہ کرنے کا حکم معلوم ہو۔ جیسے لَا تَضْرِبْ (تو مت مار) • لَاتَذْهَبْ (تو مت جا)۔

**فعل نہی بنانے کا قاعدہ** یہ ہے کہ فعلِ مضارع کے شروع میں لائے نہی (لَا) لگا دیں۔ لائے نہی فعل مضارع میں وہی عمل کرتا ہے جو حرفِ لَمْ کرتا ہے۔ یعنی (۱) پانچ صیغوں کے آخر میں جزم کرتا ہے اگر وہ حرفِ علت نہ ہو۔ اور اگر حرف علت ہو تو اسے گرا دیتا ہے۔ جیسے لَاتَدْعُ • لَاتَرْمِ • لَاتَخْشَ۔ (۲) جہاں جہاں نون اعرابی ہو گرا دیتا ہے۔ (۳) اور دو صیغوں (جمع مؤنث غائب وجمع مؤنث حاضر) میں کچھ عمل نہیں کرتا ہے۔

نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ فعلِ مضارع کی طرح فعلِ نہی کے ساتھ بھی آتا ہے۔

# گردان فعل نہی معروف و مجہول

| صیغہ | | معروف | | | معنی | مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لَا یَفْعَلْ | لَا یَفْعِلْ | لَا یَفْعُلْ | وہ (ایک مذکر) نہ کرے | لَا یُفْعَلْ | وہ (ایک مذکر) نہ کیا جائے |
| | تثنیہ | لَا یَفْعَلَا | لَا یَفْعِلَا | لَا یَفْعُلَا | وہ دو (مذکر) نہ کریں | لَا یُفْعَلَا | وہ دو (مذکر) نہ کیے جائیں |
| | جمع | لَا یَفْعَلُوْا | لَا یَفْعِلُوْا | لَا یَفْعُلُوْا | وہ سب (مذکر) نہ کریں | لَا یُفْعَلُوْا | وہ سب (مذکر) نہ کیے جائیں |
| مؤنث غائب | واحد | لَا تَفْعَلْ | لَا تَفْعِلْ | لَا تَفْعُلْ | وہ (ایک مؤنث) نہ کرے | لَا تُفْعَلْ | وہ (ایک مؤنث) نہ کی جائے |
| | تثنیہ | لَا تَفْعَلَا | لَا تَفْعِلَا | لَا تَفْعُلَا | وہ دو (مؤنث) نہ کریں | لَا تُفْعَلَا | وہ دو (مؤنث) نہ کی جائیں |
| | جمع | لَا یَفْعَلْنَ | لَا یَفْعِلْنَ | لَا یَفْعُلْنَ | وہ سب (مؤنث) نہ کریں | لَا یُفْعَلْنَ | وہ سب (مؤنث) نہ کی جائیں |
| مذکر حاضر | واحد | لَا تَفْعَلْ | لَا تَفْعِلْ | لَا تَفْعُلْ | تو (ایک مذکر) مت کر | لَا تُفْعَلْ | تو (ایک مذکر) نہ کیا جائے |
| | تثنیہ | لَا تَفْعَلَا | لَا تَفْعِلَا | لَا تَفْعُلَا | تم دو (مذکر) مت کرو | لَا تُفْعَلَا | تم دو (مذکر) نہ کیے جاؤ |
| | جمع | لَا تَفْعَلُوْا | لَا تَفْعِلُوْا | لَا تَفْعُلُوْا | تم سب (مذکر) مت کرو | لَا تُفْعَلُوْا | تم سب (مذکر) نہ کیے جاؤ |
| مؤنث حاضر | واحد | لَا تَفْعَلِيْ | لَا تَفْعِلِيْ | لَا تَفْعُلِيْ | تو (ایک مؤنث) مت کر | لَا تُفْعَلِيْ | تو (ایک مؤنث) نہ کی جائے |
| | تثنیہ | لَا تَفْعَلَا | لَا تَفْعِلَا | لَا تَفْعُلَا | تم دو (مؤنث) مت کرو | لَا تُفْعَلَا | تم دو (مؤنث) نہ کی جاؤ |
| | جمع | لَا تَفْعَلْنَ | لَا تَفْعِلْنَ | لَا تَفْعُلْنَ | تم سب (مؤنث) مت کرو | لَا تُفْعَلْنَ | تم سب (مؤنث) نہ کی جاؤ |
| مذکر و مؤنث متکلم | واحد | لَا أَفْعَلْ | لَا أَفْعِلْ | لَا أَفْعُلْ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) نہ کروں | لَا أُفْعَلْ | میں نہ کیا جاؤں/ میں نہ کی جاؤں |
| | تثنیہ و جمع | لَا نَفْعَلْ | لَا نَفْعِلْ | لَا نَفْعُلْ | ہم (دو، یا سب مذکر، یا مؤنث) نہ کریں | لَا نُفْعَلْ | ہم نہ کیے جائیں/ ہم نہ کی جائیں |

## گردان فعل نہی معروف ومجہول بانون تاکید ثقیلہ

| صیغہ | | معروف | | | معنی | مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لَایَفْعَلَنَّ | لَایَفْعِلَنَّ | لَایَفْعُلَنَّ | وہ (ایک مذکر) ہرگز نہ کرے | لَایُفْعَلَنَّ | وہ (ایک مذکر) ہرگز نہ کیا جائے |
| | تثنیہ | لَایَفْعَلَانِّ | لَایَفْعِلَانِّ | لَایَفْعُلَانِّ | وہ دو (مذکر) ہرگز نہ کریں | لَایُفْعَلَانِّ | وہ دو (مذکر) ہرگز نہ کیے جائیں |
| | جمع | لَایَفْعَلُنَّ | لَایَفْعِلُنَّ | لَایَفْعُلُنَّ | وہ سب (مذکر) ہرگز نہ کریں | لَایُفْعَلُنَّ | وہ سب (مذکر) ہرگز نہ کیے جائیں |
| مؤنث غائب | واحد | لَاتَفْعَلَنَّ | لَاتَفْعِلَنَّ | لَاتَفْعُلَنَّ | وہ (ایک مؤنث) ہرگز نہ کرے | لَاتُفْعَلَنَّ | وہ (ایک مؤنث) ہرگز نہ کی جائے |
| | تثنیہ | لَاتَفْعَلَانِّ | لَاتَفْعِلَانِّ | لَاتَفْعُلَانِّ | وہ دو (مؤنث) ہرگز نہ کریں | لَاتُفْعَلَانِّ | وہ دو (مؤنث) ہرگز نہ کی جائیں |
| | جمع | لَایَفْعَلْنَانِّ | لَایَفْعِلْنَانِّ | لَایَفْعُلْنَانِّ | وہ سب (مؤنث) ہرگز نہ کریں | لَایُفْعَلْنَانِّ | وہ سب (مؤنث) ہرگز نہ کی جائیں |
| مذکر حاضر | واحد | لَاتَفْعَلَنَّ | لَاتَفْعِلَنَّ | لَاتَفْعُلَنَّ | تو (ایک مذکر) ہرگز مت کر | لَاتُفْعَلَنَّ | تو (ایک مذکر) ہرگز نہ کیا جائے |
| | تثنیہ | لَاتَفْعَلَانِّ | لَاتَفْعِلَانِّ | لَاتَفْعُلَانِّ | تم دو (مذکر) ہرگز مت کرو | لَاتُفْعَلَانِّ | تم دو (مذکر) ہرگز نہ کیے جاؤ |
| | جمع | لَاتَفْعَلُنَّ | لَاتَفْعِلُنَّ | لَاتَفْعُلُنَّ | تم سب (مذکر) ہرگز مت کرو | لَاتُفْعَلُنَّ | تم سب (مذکر) ہرگز نہ کیے جاؤ |
| مؤنث حاضر | واحد | لَاتَفْعَلِنَّ | لَاتَفْعِلِنَّ | لَاتَفْعُلِنَّ | تو (ایک مؤنث) ہرگز مت کر | لَاتُفْعَلِنَّ | تو (ایک مؤنث) ہرگز نہ کی جائے |
| | تثنیہ | لَاتَفْعَلَانِّ | لَاتَفْعِلَانِّ | لَاتَفْعُلَانِّ | تم دو (مؤنث) ہرگز مت کرو | لَاتُفْعَلَانِّ | تم دو (مؤنث) ہرگز نہ کی جاؤ |
| | جمع | لَاتَفْعَلْنَانِّ | لَاتَفْعِلْنَانِّ | لَاتَفْعُلْنَانِّ | تم سب (مؤنث) ہرگز مت کرو | لَاتُفْعَلْنَانِّ | تم سب (مؤنث) ہرگز نہ کی جاؤ |
| مذکر ومؤنث متکلم | واحد | لَاأَفْعَلَنَّ | لَاأَفْعِلَنَّ | لَاأَفْعُلَنَّ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) ہرگز نہ کروں | لَاأُفْعَلَنَّ | میں ہرگز نہ کیا جاؤں / میں ہرگز نہ کی جاؤں |
| | تثنیہ جمع | لَانَفْعَلَنَّ | لَانَفْعِلَنَّ | لَانَفْعُلَنَّ | ہم (دو، یا سب مذکر، یا مؤنث) ہرگز نہ کریں | لَانُفْعَلَنَّ | ہم ہرگز نہ کیے جائیں / ہم ہرگز نہ کی جائیں |

## گردان فعل نہی معروف ومجہول بانون تاکید خفیفہ

| صیغہ | | معروف | | | معنی | مجہول | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مذکر غائب | واحد | لَایَفْعَلَنْ | لَایَفْعِلَنْ | لَایَفْعُلَنْ | وہ (ایک مذکر) ہرگز نہ کرے | لَایُفْعَلَنْ | وہ (ایک مذکر) ہرگز نہ کیا جائے |
| | جمع | لَایَفْعَلُنْ | لَایَفْعِلُنْ | لَایَفْعُلُنْ | وہ سب (مذکر) ہرگز نہ کریں | لَایُفْعَلُنْ | وہ سب (مذکر) ہرگز نہ کیے جائیں |
| مؤنث غائب | واحد | لَاتَفْعَلَنْ | لَاتَفْعِلَنْ | لَاتَفْعُلَنْ | وہ (ایک مؤنث) ہرگز نہ کرے | لَاتُفْعَلَنْ | وہ (ایک مؤنث) ہرگز نہ کی جائے |
| مذکر حاضر | واحد | لَاتَفْعَلَنْ | لَاتَفْعِلَنْ | لَاتَفْعُلَنْ | تو (ایک مذکر) ہرگز مت کر | لَاتُفْعَلَنْ | تو (ایک مذکر) ہرگز نہ کیا جائے |
| | جمع | لَاتَفْعَلُنْ | لَاتَفْعِلُنْ | لَاتَفْعُلُنْ | تم سب (مذکر) ہرگز مت کرو | لَاتُفْعَلُنْ | تم سب (مذکر) ہرگز نہ کیے جاؤ |
| مؤنث حاضر | واحد | لَاتَفْعَلِنْ | لَاتَفْعِلِنْ | لَاتَفْعُلِنْ | تو (ایک مؤنث) ہرگز مت کر | لَاتُفْعَلِنْ | تو (ایک مؤنث) ہرگز نہ کی جائے |
| مذکر ومؤنث متکلم | واحد | لَاأَفْعَلَنْ | لَاأَفْعِلَنْ | لَاأَفْعُلَنْ | میں (ایک مذکر، یا ایک مؤنث) ہرگز نہ کروں | لَاأُفْعَلَنْ | میں ہرگز نہ کیا جاؤں / میں ہرگز نہ کی جاؤں |
| | تثنیہ جمع | لَانَفْعَلَنْ | لَانَفْعِلَنْ | لَانَفْعُلَنْ | ہم (دو، یا سب مذکر، یا مؤنث) ہرگز نہ کریں | لَانُفْعَلَنْ | ہم ہرگز نہ کیے جائیں / ہم ہرگز نہ کی جائیں |

## تمرین

(۱) فعل نہی کی تعریف کیجیے اور بنانے کا قاعدہ بھی بتایئے۔

(۲) "لائے نہی" فعلِ مضارع میں کیا عمل کرتا ہے؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

(۳) الْكِتَابَةُ (ن) • الْقِرَاءَةُ (ف) • العِلْمُ (س) ـــــ ان تینوں مصدروں سے فعلِ نہی معروف، فعلِ نہی معروف بانون ثقیلہ و بانون خفیفہ کی گردان سنائیے اور ترجمہ بھی کیجیے۔

(۴) المَنْعُ (ف) • الحَبْسُ (ض) • الرِّزْقُ (ن) ـــــ ان تینوں مصدروں سے فعلِ نہی مجہول، فعلِ نہی مجہول بانون ثقیلہ و بانون خفیفہ کی گردان کیجیے اور معنی بتایئے۔

(۵) افعال، صیغے اور معانی بتایئے۔

لَاتَمْنَعُوْا • لَاتَحْبِسَنَ • لَايُرْزَقَا • لَا تُجْرَحَا • لَاتُتْرَكْ • لَايُلْدَغْ • لَاتَعْلَمِي • لَايَطْبَخَنَّ • لَايَشْهَدْنَانِّ • لَاتُبْعَثَنَّ • لَاتَعْرِفْنَانِّ • لَاتَلْبِسَنَّ • لَانُقْتَلَنَّ • لَاتُحْبَسِنَّ • لَاأَدْفَعْ • لَايَكْسِرْنَ • لَايُظْلَمُوْا • لَا تُنْظَرَانِّ • لَايَطْلُبُنَّ • لَايَشْرَبَانِّ • لَاأَدْخُلَنَّ • لَاتُقْتَلِنَّ • لَاتَغْسِلْ • لَاتُظْلَمُنَّ • لَاتَذْهَبَانِّ • بَعُدْنَ • لَمْ تَرْقُدْنَ • لَايَنْشُرُوْنَ • لَنْ تُسْئَلَ • مَانَزَلُوْا • لَمْ يُنْصَرَا • لَاأُضْرَبَنْ • لَتُكْتُبُنَّ • لَيَذْهَبَانِّ •

(۶) درج ذیل جملوں کی عربی بنایئے۔

وہ ایک (مذکر) نہ پڑھے • وہ سب (مؤنث) نہ سنیں • تم دونوں قید نہ کی جاؤ • تو روکا نہ جائے • میں دور نہ کی جاؤں • تم سب دیکھے نہ جاؤ • وہ دو (مذکر) نہ سمجھیں • وہ دو (مؤنث) نہ توڑیں • ہم نہ مارے جائیں • تو نہ پہچانی جائے • وہ (ایک مؤنث) نہ لکھے • وہ سب (مذکر) نہ کھائیں • تم سب زخمی نہ کی جاؤ • وہ ہرگز نہ بھیجا جائے • تو (ایک مذکر) ہرگز مت پی • وہ سب ہرگز قتل نہ کی جائیں • تم دو (مذکر) ہرگز مت جاؤ • وہ سب ہرگز نہ روکے جائیں • تو (ایک مؤنث) ہرگز مت کاٹ • وہ گئی • تم دونوں آرہے ہو • اس (ایک مذکر) نے نہیں لکھا • وہ دونوں ہرگز نہیں پڑھیں گی • وہ نہیں روکا گیا • تم ضرور پہچانے جاؤ گے • وہ دونوں زخمی نہ کیے جائیں • وہ (ایک مؤنث) ہرگز نہ ڈھونڈھے •

## درس ⑮

فارسی میں ماضی کی چھ قسمیں آتی ہیں اور مضارع کے علاوہ حال و مستقبل کے مستقل صیغے بھی ہوتے ہیں۔

| شمار | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اقسام | ماضی مطلق | ماضی قریب | ماضی بعید | ماضی استمراری | ماضی احتمالی | ماضی تمنائی |
| مثالیں | گفت | گفتہ است | گفتہ بود | می گفت | گفتہ باشد | گفتے |
| معنی | اس نے کہا | اس نے کہا ہے | اس نے کہا تھا | وہ کہتا تھا | اس نے کہا ہوگا | کاش وہ کہتا |

مضارع - جیسے گوید (وہ کہتا ہے، یا کہے گا)۔ حال: می گوید (وہ کہتا ہے)۔ مستقبل: خواہد گفت (وہ کہے گا)۔

عربی زبان میں مضارع ہی کا صیغہ حال و استقبال کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اور بات چیت میں قرینے کی مدد سے حال، یا مستقبل کی تعیین کی جاتی ہے۔ کبھی بعض الفاظ مضارع کے ساتھ لگا دیے جاتے ہیں جن سے وہ حال، یا مستقبل کے لیے خاص ہو جاتا ہے۔ جیسے إِنِّي لَأُكْرِمُكَ (بے شک میں تمھاری عزت کرتا ہوں) • سَوْفَ أُسَافِرُ (میں کچھ زمانہ بعد سفر کروں گا) • سَأَذْهَبُ (میں جلد ہی جاؤں گا)۔

فارسی کی طرح ماضی کی چھ قسموں کا معنی ادا کرنے کے لیے عربی میں بھی کچھ الفاظ لگا دیے جاتے ہیں جن سے وہ معانی ادا ہو جاتے ہیں۔ لیکن عربی میں فعل کی دراصل تین ہی قسمیں ہیں: ماضی، مضارع، امر حاضر معروف۔ باقی

افعال انھیں سے بنائے جاتے ہیں۔اس کی کچھ تفصیل درج ذیل ہے۔

اب تک آپ نے جو پڑھا وہ فعل ماضی کی ایک قسم "ماضی مطلق" تھی، اس طرح اس کی پانچ قسمیں اور ہیں: ماضی قریب، ماضی بعید، ماضی استمراری، ماضی احتمالی، ماضی تمنائی۔

**ماضی قریب** وہ فعل ہے جس سے قریب کے گزرے ہوئے زمانہ میں کوئی کام ہونا، یا کرنا سمجھا جائے۔

**بنانے کا قاعدہ:** ماضی مطلق کے شروع میں لفظ قد بڑھادیں، ماضی قریب بن جائے گا۔جیسے فَعَلَ سے قَدْ فَعَلَ (اس ایک مذکر نے کیا ہے)

**ماضی بعید** وہ فعل ہے جس سے دور کے گزرے ہوئے زمانہ میں کوئی کام ہونا، یا کرنا سمجھا جائے۔

**بنانے کا قاعدہ:** ماضی مطلق کے شروع میں لفظ کَانَ بڑھادیں، ماضی بعید بن جائے گا۔جیسے فَعَلَ سے کَانَ فَعَلَ (اس ایک مذکر نے کیا تھا)۔ماضی کے صیغوں کے ساتھ کان کے صیغے بھی بدلتے رہیں گے۔تنہا کَانَ کی گردان اس طرح ہے:

کَانَ، کَانَا، کَانُوا، کَانَتْ، کَانَتَا، کُنَّ، کُنْتَ، کُنْتُمَا، کُنْتُمْ، کُنْتِ، کُنْتُمَا، کُنْتُنَّ، کُنْتُ، کُنَّا۔

**ماضی استمراری** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں مسلسل کوئی کام ہونا، یا کرنا سمجھا جائے۔

**بنانے کا قاعدہ:** فعل مضارع کے شروع میں لفظ کَانَ بڑھادیں، ماضی استمراری بن جائے گا۔جیسے یَفْعَلُ سے کَانَ یَفْعَلُ (وہ کرتا تھا)۔

**ماضی احتمالی** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کے ہونے میں شک سمجھا جائے۔

**بنانے کا قاعدہ:** ماضی مطلق کے شروع میں لفظ لَعَلَّمَا بڑھادیں، ماضی احتمالی بن جائے گا۔جیسے فَعَلَ سے لَعَلَّمَا فَعَلَ (اس ایک مذکر نے کیا ہوگا)۔

**ماضی تمنائی** وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کی آرزو سمجھی جائے۔

**بنانے کا قاعدہ:** ماضی مطلق کے شروع میں لفظ لَیْتَمَا بڑھادیں، ماضی تمنائی بن جائے گا۔جیسے فَعَلَ سے لَیْتَمَا فَعَلَ (کاش اس نے کیا ہوتا)۔

**گردان ماضی قریب مثبت معروف:** قَدْ فَعَلَ، قَدْ فَعَلَا، قَدْ فَعَلُوْا، قَدْ فَعَلَتْ، قَدْفَعَلَتَا، قَدْ فَعَلْنَ، قَدْ فَعَلْتَ، قَدْ فَعَلْتُمَا، قَدْ فَعَلْتُمْ، قَدْ فَعَلْتِ، قَدْ فَعَلْتُمَا، قَدْ فَعَلْتُنَّ، قَدْ فَعَلْتُ، قَدْ فَعَلْنَا.

**گردان ماضی قریب مثبت مجہول:** قَدْ فُعِلَ، قَدْ فُعِلَا، قَدْ فُعِلُوْا، قَدْ فُعِلَتْ، قَدْفُعِلَتَا، قَدْ فُعِلْنَ، قَدْ فُعِلْتَ، قَدْ فُعِلْتُمَا، قَدْ فُعِلْتُمْ، قَدْ فُعِلْتِ، قَدْ فُعِلْتُمَا، قَدْ فُعِلْتُنَّ، قَدْ فُعِلْتُ، قَدْ فُعِلْنَا.

**گردان ماضی قریب منفی معروف:** قَدْ مَافَعَلَ، قَدْ مَافَعَلَا، قَدْ مَافَعَلُوْا، قَدْ مَافَعَلَتْ، قَدْ مَافَعَلَتَا، قَدْ مَافَعَلْنَ، قَدْ مَافَعَلْتَ، قَدْمَافَعَلْتُمَا، قَدْ مَافَعَلْتُمْ، قَدْ مَافَعَلْتِ، قَدْ مَافَعَلْتُمَا، قَدْ مَافَعَلْتُنَّ، قَدْ مَافَعَلْتُ، قَدْ مَافَعَلْنَا.

**گردان ماضی قریب منفی مجہول:** قَدْ مَافُعِلَ، قَدْ مَافُعِلَا، قَدْ مَافُعِلُوْا، قَدْ مَافُعِلَتْ، قَدْ مَافُعِلَتَا، قَدْ مَافُعِلْنَ، قَدْ مَافُعِلْتَ، قَدْ مَافُعِلْتُمَا، قَدْ مَافُعِلْتُمْ، قَدْ مَافُعِلْتِ، قَدْ مَافُعِلْتُمَا، قَدْ مَافُعِلْتُنَّ، قَدْ مَافُعِلْتُ، قَدْ مَافُعِلْنَا.

**گردان ماضی بعید مثبت معروف:** كَانَ فَعَلَ، كَانَا فَعَلَا، كَانُوْا فَعَلُوْا، كَانَتْ فَعَلَتْ، كَانَتَا فَعَلَتَا، كُنَّ فَعَلْنَ، كُنْتَ فَعَلْتَ، كُنْتُمَا فَعَلْتُمَا، كُنْتُمْ فَعَلْتُمْ، كُنْتِ فَعَلْتِ، كُنْتُمَا فَعَلْتُمَا، كُنْتُنَّ فَعَلْتُنَّ، كُنْتُ فَعَلْتُ، كُنَّا فَعَلْنَا.

**گردان ماضی بعید مثبت مجهول:** كَانَ فُعِلَ، كَانَا فُعِلَا، كَانُوْا فُعِلُوْا، كَانَتْ فُعِلَتْ، كَانَتَا فُعِلَتَا، كُنَّ فُعِلْنَ، كُنْتَ فُعِلْتَ، كُنْتُمَا فُعِلْتُمَا، كُنْتُمْ فُعِلْتُمْ، كُنْتِ فُعِلْتِ، كُنْتُمَا فُعِلْتُمَا، كُنْتُنَّ فُعِلْتُنَّ، كُنْتُ فُعِلْتُ، كُنَّا فُعِلْنَا.

**گردان ماضی بعید منفی معروف:** مَاكَانَ فَعَلَ، مَاكَانَا فَعَلَا، مَاكَانُوْا فَعَلُوْا، مَاكَانَتْ فَعَلَتْ، مَاكَانَتَا فَعَلَتَا، مَاكُنَّ فَعَلْنَ، مَاكُنْتَ فَعَلْتَ، مَاكُنْتُمَا فَعَلْتُمَا، مَاكُنْتُمْ فَعَلْتُمْ، مَاكُنْتِ فَعَلْتِ، مَاكُنْتُمَا فَعَلْتُمَا، مَاكُنْتُنَّ فَعَلْتُنَّ، مَاكُنْتُ فَعَلْتُ، مَاكُنَّا فَعَلْنَا.

**گردان ماضی بعید منفی مجهول:** مَاكَانَ فُعِلَ، مَاكَانَا فُعِلَا، مَاكَانُوْا فُعِلُوْا، مَاكَانَتْ فُعِلَتْ، مَاكَانَتَا فُعِلَتَا، مَاكُنَّ فُعِلْنَ، مَاكُنْتَ فُعِلْتَ، مَاكُنْتُمَا فُعِلْتُمَا، مَاكُنْتُمْ فُعِلْتُمْ، مَاكُنْتِ فُعِلْتِ، مَاكُنْتُمَا فُعِلْتُمَا، مَاكُنْتُنَّ فُعِلْتُنَّ، مَاكُنْتُ فُعِلْتُ، مَاكُنَّا فُعِلْنَا.

**گردان ماضی استمراری مثبت معروف:** كَانَ يَفْعَلُ، كَانَا يَفْعَلَانِ، كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ، كَانَتْ تَفْعَلُ، كَانَتَا تَفْعَلَانِ، كُنَّ يَفْعَلْنَ، كُنْتَ تَفْعَلُ، كُنْتُمَا تَفْعَلَانِ، كُنْتُمْ تَفْعَلُوْنَ، كُنْتِ تَفْعَلِيْنَ، كُنْتُمَا تَفْعَلَانِ، كُنْتُنَّ تَفْعَلْنَ، كُنْتُ أَفْعَلُ، كُنَّا نَفْعَلُ.

**گردان ماضی استمراری مثبت مجهول:** كَانَ يُفْعَلُ، كَانَا يُفْعَلَانِ، كَانُوْا يُفْعَلُوْنَ، كَانَتْ تُفْعَلُ، كَانَتَا تُفْعَلَانِ، كُنَّ يُفْعَلْنَ، كُنْتَ تُفْعَلُ، كُنْتُمَا تُفْعَلَانِ، كُنْتُمْ تُفْعَلُوْنَ، كُنْتِ تُفْعَلِيْنَ، كُنْتُمَا تُفْعَلَانِ، كُنْتُنَّ تُفْعَلْنَ، كُنْتُ أُفْعَلُ، كُنَّا نُفْعَلُ.

**گردان ماضی استمراری منفی معروف:** مَاكَانَ يَفْعَلُ، مَاكَانَا يَفْعَلَانِ، مَاكَانُوْا يَفْعَلُوْنَ، مَاكَانَتْ تَفْعَلُ، مَاكَانَتَا تَفْعَلَانِ، مَاكُنَّ يَفْعَلْنَ، مَاكُنْتَ تَفْعَلُ، مَاكُنْتُمَا تَفْعَلَانِ، مَاكُنْتُمْ تَفْعَلُوْنَ، مَاكُنْتِ تَفْعَلِيْنَ، مَاكُنْتُمَا تَفْعَلَانِ، مَاكُنْتُنَّ تَفْعَلْنَ، مَاكُنْتُ أَفْعَلُ، مَا كُنَّا نَفْعَلُ.

**گردان ماضی استمراری منفی مجهول:** مَاكَانَ يُفْعَلُ، مَاكَانَا يُفْعَلَانِ، مَاكَانُوْا يُفْعَلُوْنَ، مَاكَانَتْ تُفْعَلُ، مَاكَانَتَا تُفْعَلَانِ، مَاكُنَّ يُفْعَلْنَ، مَاكُنْتَ تُفْعَلُ، مَاكُنْتُمَا تُفْعَلَانِ، مَاكُنْتُمْ تُفْعَلُوْنَ، مَاكُنْتِ تُفْعَلِيْنَ، مَاكُنْتُمَا تُفْعَلَانِ، مَاكُنْتُنَّ تُفْعَلْنَ، مَاكُنْتُ أُفْعَلُ، مَاكُنَّا نُفْعَلُ.

**گردان ماضی احتمالی مثبت معروف:** لَعَلَّمَافَعَلَ، لَعَلَّمَافَعَلَا، لَعَلَّمَافَعَلُوْا، لَعَلَّمَافَعَلَتْ، لَعَلَّمَافَعَلَتَا، لَعَلَّمَافَعَلْنَ، لَعَلَّمَافَعَلْتَ، لَعَلَّمَافَعَلْتُمَا، لَعَلَّمَافَعَلْتُمْ، لَعَلَّمَافَعَلْتِ، لَعَلَّمَافَعَلْتُمَا، لَعَلَّمَافَعَلْتُنَّ، لَعَلَّمَافَعَلْتُ، لَعَلَّمَافَعَلْنَا.

**گردان ماضی احتمالی مثبت مجہول:** لَعَلَّمَا فُعِلَ، لَعَلَّمَا فُعِلَا، لَعَلَّمَا فُعِلُوْا، لَعَلَّمَا فُعِلَتْ، لَعَلَّمَا فُعِلَتَا، لَعَلَّمَا فُعِلْنَ، لَعَلَّمَا فُعِلْتَ، لَعَلَّمَا فُعِلْتُمَا، لَعَلَّمَا فُعِلْتُمْ، لَعَلَّمَا فُعِلْتِ، لَعَلَّمَا فُعِلْتُمَا، لَعَلَّمَا فُعِلْتُنَّ، لَعَلَّمَا فُعِلْتُ، لَعَلَّمَا فُعِلْنَا.

**گردان ماضی احتمالی منفی معروف:** لَعَلَّمَا مَا فَعَلَ، لَعَلَّمَا مَا فَعَلَا، لَعَلَّمَا مَا فَعَلُوْا، لَعَلَّمَا مَا فَعَلَتْ، لَعَلَّمَا مَا فَعَلَتَا، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْنَ، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْتَ، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْتُمَا، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْتُمْ، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْتِ، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْتُمَا، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْتُنَّ، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْتُ، لَعَلَّمَا مَا فَعَلْنَا.

**گردان ماضی احتمالی منفی مجہول:** لَعَلَّمَا مَا فُعِلَ، لَعَلَّمَا مَا فُعِلَا، لَعَلَّمَا مَا فُعِلُوْا، لَعَلَّمَا مَا فُعِلَتْ، لَعَلَّمَا مَا فُعِلَتَا، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْنَ، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْتَ، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْتُمَا، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْتُمْ، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْتِ، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْتُمَا، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْتُنَّ، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْتُ، لَعَلَّمَا مَا فُعِلْنَا.

**گردان ماضی تمنائی مثبت معروف:** لَيْتَمَا فَعَلَ، لَيْتَمَا فَعَلَا، لَيْتَمَا فَعَلُوْا، لَيْتَمَا فَعَلَتْ، لَيْتَمَا فَعَلَتَا، لَيْتَمَا فَعَلْنَ، لَيْتَمَا فَعَلْتَ، لَيْتَمَا فَعَلْتُمَا، لَيْتَمَا فَعَلْتُمْ، لَيْتَمَا فَعَلْتِ، لَيْتَمَا فَعَلْتُمَا، لَيْتَمَا فَعَلْتُنَّ، لَيْتَمَا فَعَلْتُ، لَيْتَمَا فَعَلْنَا.

**گردان ماضی تمنائی مثبت مجہول:** لَيْتَمَا فُعِلَ، لَيْتَمَا فُعِلَا، لَيْتَمَا فُعِلُوْا، لَيْتَمَا فُعِلَتْ، لَيْتَمَا فُعِلَتَا، لَيْتَمَا فُعِلْنَ، لَيْتَمَا فُعِلْتَ، لَيْتَمَا فُعِلْتُمَا، لَيْتَمَا فُعِلْتُمْ، لَيْتَمَا فُعِلْتِ، لَيْتَمَا فُعِلْتُمَا، لَيْتَمَا فُعِلْتُنَّ، لَيْتَمَا فُعِلْتُ، لَيْتَمَا فُعِلْنَا.

**گردان ماضی تمنائی منفی معروف:** لَيْتَمَا مَا فَعَلَ، لَيْتَمَا مَا فَعَلَا، لَيْتَمَا مَا فَعَلُوْا، لَيْتَمَا مَا فَعَلَتْ، لَيْتَمَا مَا فَعَلَتَا، لَيْتَمَا مَا فَعَلْنَ، لَيْتَمَا مَا فَعَلْتَ، لَيْتَمَا مَا فَعَلْتُمَا، لَيْتَمَا مَا فَعَلْتُمْ، لَيْتَمَا مَا فَعَلْتِ، لَيْتَمَا مَا فَعَلْتُمَا، لَيْتَمَا مَا فَعَلْتُنَّ، لَيْتَمَا مَا فَعَلْتُ، لَيْتَمَا مَا فَعَلْنَا.

**گردان ماضی تمنائی منفی مجہول:** لَيْتَمَا مَا فُعِلَ، لَيْتَمَا مَا فُعِلَا، لَيْتَمَا مَا فُعِلُوْا، لَيْتَمَا مَا فُعِلَتْ، لَيْتَمَا مَا فُعِلَتَا، لَيْتَمَا مَا فُعِلْنَ، لَيْتَمَا مَا فُعِلْتَ، لَيْتَمَا مَا فُعِلْتُمَا، لَيْتَمَا مَا فُعِلْتُمْ، لَيْتَمَا مَا فُعِلْتِ، لَيْتَمَا مَا فُعِلْتُمَا، لَيْتَمَا مَا فُعِلْتُنَّ، لَيْتَمَا مَا فُعِلْتُ، لَيْتَمَا مَا فُعِلْنَا.

## تمرین

(۱) فعل ماضی کی آخری پانچ قسموں کی تعریف کیجیے اور بنانے کا قاعدہ مثالوں کے ساتھ سنائیے۔

(۲) مندرجہ ذیل افعال کے صیغے اور معانی بتائیے۔

لَيْتَمَا مَا حُبِسُوْا • ذَهَبْتُمْ • قَدْ قَرُبْتُنَّ • مَا بَعُدْنَ • لَعَلَّمَا حَفِظْنَا • كَانَا رَكِبَا • مَا جَلَسْتُمَا • فَهِمْنَا • كَانَتْ خَرَجَتْ • لَيْتَمَا غَسَلْتِ • قَدْ عَلِمْتُ • لَعَلَّمَا دَفَعْتَ • كَانَ يَفْعَلُ • قَدْ مَا قَطَعْتَ • مَا كُنَّا عُرِفْنَا • لَيْتَمَا مَا طَلَبْتُنَّ • لَعَلَّمَا مَا جُرِحْتُمْ • مَا تُرِكْنَ • مُنِعُوْا • مَا كَسَرْتُ • قَدْ حَمَلَا • كَانَ غُفِرَ • كَانَتَا ذَهَبَتَا • لَعَلَّمَا عَلِمْتَ • لَيْتَمَا فَهِمْتِ • قَدْ مَا ظَلَمْتُمَا •

(۳) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیے۔

وہ داخل ہوئی ہے • وہ سوار ہوا تھا • کاش تو دور ہوتا • تو ایک (مؤنث) نے دھویا ہوگا • میں نے حفاظت کی • ہم سب نے توڑا ہوگا • تم سب روکی گئی ہوں گی • تم سب بخشے گئے ہوگے • کاش ان سب (مؤنثوں) کی مدد کی گئی ہوتی • وہ سب خاموش رہے تھے • وہ دونوں نزدیک ہوئے • وہ دونوں دور ہوئیں • تم دونوں نکلے تھے • تم دونوں گئی تھیں • وہ زخمی نہیں کیا گیا تھا • وہ ڈھونڈی نہیں گئی تھی • تو پہچانا گیا ہوگا • تو بخشی نہیں گئی ہوگی • کاش میں سوار نہ ہوا ہوتا • کاش میں گئی ہوتی • وہ دونوں دور کیے گئے ہیں • وہ دونوں بیٹھی نہیں ہیں • تم سب (مؤنثوں) نے لکھا تھا • ہم نے مدد کی ہوگی •

# درس ⑯

**اسم فاعل** وہ اسم ہے جو فعلِ مضارع معروف سے بنا ہو اور اس سے ایسی ذات معلوم ہو جس کے ساتھ فعل بطور صفت قائم ہو۔ جیسے ضَارِبٌ (مارنے والا) • سَامِعٌ (سننے والا)۔

**بنانے کا قاعدہ:** فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب سے اسم فاعل صیغہ واحد مذکر بنتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ علامتِ مضارع کو حذف کر کے ''فاکلمہ'' کو فتحہ دیں اور ''عین کلمہ'' پر اگر کسرہ نہ ہو تو کسرہ دیں اور فاکلمہ و عین کلمہ کے درمیان ''الف فاعل'' لائیں اور ''لام کلمہ'' کو تنوین دیں۔ جیسے یَکْتُبُ سے کَاتِبٌ (لکھنے والا) • یَعْرِفُ سے عَارِفٌ (پہچاننے والا) • یَذْھَبُ سے ذَاھِبٌ (جانے والا)۔

اور اس کے آخر میں ''تاے تانیث'' لگا دیں تو اسم فاعل صیغہ واحد مؤنث بن جائے گا۔ جیسے کَاتِبٌ سے کَاتِبَۃٌ (لکھنے والی) ـــــ اور تثنیہ بنانا چاہیں تو واحد کے آخر میں الف اور نون مکسور - یا - یاے ماقبل مفتوح اور نون مکسور لگا دیں۔ جیسے کَاتِبَانِ • کَاتِبَیْنِ • کَاتِبَتَانِ • کَاتِبَتَیْنِ۔

اور جمع مذکر بنانا چاہیں تو واحد مذکر کے آخر میں واو ماقبل مضموم اور نون مفتوح - یا - یاے ماقبل مکسور اور نون مفتوح لگا دیں۔ جیسے کَاتِبُوْنَ • کَاتِبِیْنَ۔

اور جمع مؤنث بنانا چاہیں تو واحد مؤنث کے آخر سے تاے تانیث حذف کر کے الف اور ت لگا دیں۔ جیسے کَاتِبَاتٌ۔

## گردان اسم فاعل

| گردان مذکر | صیغہ | معنی | گردان مؤنث | صیغہ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاعِلٌ | واحد | ایک کرنے والا | فَاعِلَۃٌ | واحد | ایک کرنے والی |
| فَاعِلَانِ<br>فَاعِلَیْنِ | تثنیہ | دو کرنے والے | فَاعِلَتَانِ<br>فَاعِلَتَیْنِ | تثنیہ | دو کرنے والیاں |
| فَاعِلُوْنَ<br>فَاعِلِیْنَ | جمع | سب کرنے والے | فَاعِلَاتٌ | جمع | سب کرنے والیاں |

**اسم مفعول** وہ اسم ہے جو فعل مضارع مجہول سے بنا ہو اور اس سے ایسی ذات معلوم ہو جس پر فعل واقع ہو۔ جیسے مَضْرُوْبٌ (مارا ہوا)۔ یعنی وہ ذات جس پر ضرب واقع ہوئی۔

**بنانے کا قاعدہ:** فعلِ مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب سے اسم مفعول صیغہ واحد مذکر بنتا ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ علامتِ مضارع حذف کر کے "میم مفتوح" شروع میں لائیں اور عین کلمہ کو "ضمہ" دیں اور عین کلمہ ولام کلمہ کے درمیان "واو مفعول" لائیں اور لام کلمہ کو "تنوین" دیں۔ جیسے يُفْعَلُ سے مَفْعُوْلٌ (کیا ہوا) • يُعْلَمُ سے مَعْلُوْمٌ (جانا ہوا) ـــــ اور اسم مفعول کے باقی صیغوں کے بنانے کا قاعدہ وہی ہے جو اسم فاعل کے باقی صیغوں کے بنانے کا ہے۔

یاد رہے کہ جو افعال لازم ہوتے ہیں ان سے مجہول نہیں آتا، اس لیے ان سے اسم مفعول بھی نہیں آتا ہے۔

## گردان اسم مفعول

| گردان مذکر | صیغہ | معنی | گردان مؤنث | صیغہ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| مَفْعُوْلٌ | واحد | ایک کیا ہوا | مَفْعُوْلَةٌ | واحد | ایک کی ہوئی |
| مَفْعُوْلَانِ<br>مَفْعُوْلَيْنِ | تثنیہ | دو کیے ہوئے | مَفْعُوْلَتَانِ<br>مَفْعُوْلَتَيْنِ | تثنیہ | دو کی ہوئیں |
| مَفْعُوْلُوْنَ<br>مَفْعُوْلِيْنَ | جمع | سب کیے ہوئے | مَفْعُوْلَاتٌ | جمع | سب کی ہوئیں |

**اسم ظرف** وہ اسم ہے جو فعل مضارع معروف سے بنا ہو اور اس سے کام کی جگہ، یا وقت معلوم ہو۔ اس کے دو اوزان ہیں: (۱) مَفْعَلٌ جیسے مَنْصَرٌ (مدد کی جگہ، یا وقت)۔ (۲) مَفْعِلٌ جیسے مَضْرِبٌ (مارنے کی جگہ، یا وقت)۔

**بنانے کا قاعدہ**: اسم ظرف فعل مضارع معروف سے بنتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ علامتِ مضارع حذف کر کے "میم مفتوح" شروع میں لائیں اور عین کلمہ مضموم ہو تو اسے فتحہ دیں، ورنہ اپنی حالت پر رہنے دیں اور لام کلمہ کو "تنوین" دیں۔ جیسے يَقْتُلُ سے مَقْتَلٌ (قتل کرنے کی جگہ، یا وقت) • يَنْزِلُ سے مَنْزِلٌ (اترنے کی جگہ، یا وقت) • يَسْمَعُ سے مَسْمَعٌ (سننے کی جگہ، یا وقت)۔

**فائدہ**: جس فعل میں لام کلمہ حرف علت ہو اس سے اسم ظرف مطلقاً مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے يَدْعُوْ سے مَدْعىً • يَرْمِي سے مَرْمىً۔ اور جس میں فا کلمہ حرف علت ہو اس کا اسم ظرف مطلقاً مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے يَعِدُ سے مَوْعِدٌ • يَقَعُ سے مَوْقِعٌ ـــــ اور جس میں لام کلمہ، یا فا کلمہ حرف علت نہ ہو، اس کا عین کلمہ اگر مکسور ہو تو اسم ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر آئے گا۔ جیسے مَجْلِسٌ، ورنہ مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گا۔ جیسے مَخْرَجٌ • مَطْبَخٌ۔

کبھی اس قاعدے کے خلاف غیر مکسور العین سے بھی اسم ظرف مکسور العین آتا ہے۔ جیسے مَسْجِدٌ • مَشْرِقٌ • مَغْرِبٌ • مَنْسِكٌ • مَطْلِعٌ • مَجْزِرٌ وغیرہ۔ لیکن قاعدے کے مطابق یہ کلمات مَفْعَلٌ (مفتوح العین) کے وزن پر بھی آتے ہیں۔

## گردان اسم ظرف

| صیغہ | واحد | | تثنیہ | | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| گردان | مَفْعَلٌ | مَفْعِلٌ | مَفْعَلَانِ مَفْعَلَیْنِ | مَفْعِلَانِ مَفْعِلَیْنِ | مَفَاعِلُ |
| معنی | کرنے کی ایک جگہ، یا کرنے کا ایک وقت | | کرنے کی دو جگہیں، یا کرنے کے دو وقت | | کرنے کی بہت سی جگہیں یا کرنے کے بہت سے وقت |

**اسم آلہ** وہ اسم ہے جو فعلِ مضارع معروف سے بنا ہو اور اس سے کسی کام کا واسطہ، یا آلہ سمجھا جائے۔ اس کے تین اوزان ہیں:

(۱) مِفْعَلٌ جیسے مِخْیَطٌ (سینے کا آلہ، یعنی سوئی)۔ (۲) مِفْعَلَۃٌ جیسے مِرْوَحَۃٌ (ہوا کا واسطہ، یعنی پنکھا)۔ مِفْعَالٌ جیسے مِفْتَاحٌ (کھولنے کا آلہ، یعنی کنجی)۔

**بنانے کا قاعدہ:** اسم آلہ فعل مضارع معروف سے بنتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ علامتِ مضارع حذف کر کے "میم مکسور" شروع میں لائیں اور عین کلمہ اگر مفتوح نہ ہو تو اسے فتحہ دیں اور لام کلمہ کو تنوین دیں۔ جیسے یَفْعَلُ سے مِفْعَلٌ۔ یہ پہلا وزن ہے۔

اگر لام کلمہ کے بعد تا بڑھا دیں تو یہ اسم آلہ کا دوسرا وزن ہوگا۔ جیسے مِفْعَلَۃٌ۔ اور اگر آخر میں تا نہ بڑھائیں بلکہ عین کلمہ کے بعد الف زیادہ کر دیں تو یہ اسم آلہ کا تیسرا وزن ہوگا۔ جیسے مِفْعَالٌ۔

## گردان اسم آلہ

| گردان | | | صیغہ | معنی |
|---|---|---|---|---|
| مِفْعَلٌ (۱) | مِفْعَلَۃٌ (۲) | مِفْعَالٌ (۳) | واحد | کرنے کا ایک آلہ |
| مِفْعَلَانِ مِفْعَلَیْنِ | مِفْعَلَتَانِ مِفْعَلَتَیْنِ | مِفْعَالَانِ مِفْعَالَیْنِ | تثنیہ | کرنے کے دو آلے |
| مَفَاعِلُ | مَفَاعِلُ | مَفَاعِیْلُ | جمع | کرنے کے بہت سے آلے |

**اسم تفضیل** وہ اسم ہے جو فعل مضارع معروف سے بنا ہو اور اس سے یہ سمجھا جاتا ہو کہ فاعل میں مصدر کا معنی دوسرے سے زیادہ ہے ــــ اسم تفضیل واحد مذکر اَفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے اور واحد مؤنث فُعْلٰی کے وزن پر۔ جیسے خَلِیْلٌ أَعْلَمُ مِنْ سَعِیْدٍ (خلیل سعید سے زیادہ جانتا ہے)۔ فَاطِمَۃُ فُضْلَی النِّسَاءِ (فاطمہ تمام عورتوں سے زیادہ فضل والی ہے)۔

**بنانے کا قاعدہ:** اسم تفضیل فعل مضارع معروف سے بنتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ صیغہ واحد مذکر کے لیے علامتِ مضارع حذف کر کے "ہمزۂ اسم تفضیل" شروع میں لائیں، عین کلمہ اگر مفتوح نہ ہو تو اس کو فتحہ دیں اور

لام کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑ دیں۔ جیسے یَنْصُرُ سے اَنْصَرُ • یَضْرِبُ سے اَضْرَبُ • یَسْمَعُ سے اَسْمَعُ۔

اور واحد مؤنث کا صیغہ بنانے کے لیے علامت مضارع حذف کرکے فا کلمہ کو "ضمہ" دیں، عین کلمہ کو ساکن کریں، لام کلمہ کو فتحہ دیں اور اس کے بعد "الف مقصورہ" بڑھادیں۔ جیسے یَنْصُرُ سے نُصْرَیٰ • یَضْرِبُ سے ضُرْبیٰ • یَسْمَعُ سے سُمْعَیٰ۔

# گردان اسم تفضیل

| معنی | صیغہ | گردان مؤنث | معنی | صیغہ | گردان مذکر |
|---|---|---|---|---|---|
| ایک زیادہ کرنے والی | واحد | فُعْلَیٰ | ایک زیادہ کرنے والا | واحد | أَفْعَلُ |
| دو زیادہ کرنے والیاں | تثنیہ | فُعْلَیَانِ<br>فُعْلَیَیْنِ | دو زیادہ کرنے والے | تثنیہ | أَفْعَلَانِ<br>أَفْعَلَیْنِ |
| بہت سی زیادہ کرنے والیاں | جمع | فُعْلَیَاتٌ<br>فُعَلٌ | بہت سے زیادہ کرنے والے | جمع | أَفْعَلُوْنَ<br>أَفْعَلِیْنَ<br>أَفَاعِلُ |

## تمرین

(١) اسم فاعل کی تعریف کیجیے اور بنانے کا قاعدہ مثال کے ساتھ بیان کیجیے۔
(٢) اسم مفعول کی تعریف کیجیے اور بنانے کا قاعدہ مثال کے ساتھ سنائیے۔
(٣) اسم ظرف کی تعریف، بنانے کا قاعدہ اور اوزان کی تفصیل (فائدہ) مثالوں کے ساتھ سنائیے۔
(٤) اسم آلہ کی تعریف کیجیے اور بنانے کا قاعدہ تفصیل سے سنائیے۔
(٥) اسم تفضیل کی تعریف کیجیے اور بنانے کا قاعدہ تفصیل سے سنائیے۔
(٦) یَنْصُرُ • یَطْلُبُ • یَکْتُبُ • یَغْسِلُ • یَعْرِفُ • یَضْرِبُ • یَحْفَظُ • یَفْهَمُ • یَعْلَمُ • یَمْدَحُ • یَبْعَثُ • یَطْبَخُ ـــ ان افعال میں ہر ایک سے اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف، اسم آلہ، اسم تفضیل کی گردان سنائیے اور معنی بھی بتائیے۔
(٧) اسما، افعال، صیغے اور معانی بتائیے۔

اَقَارِبُ • نُظْرَیٰ • مَنَازِلُ • مَرْجِعٌ • مَشْرُوْبَاتٌ • طَالِبَتَانِ • مِضْرَابٌ • مِکْسَرٌ • اَمْنَعُ • ظُلْمَیَانِ • مِحْفَظَةٌ • مَکَاتِیْبُ • مَنْظَرَانِ • مَنْصُوْرُوْنَ • مَکْتُوْبَتَانِ • مِنْشَرَانِ • مِفْتَاحَانِ • حُبُسَیَاتٌ • طُلَّبٌ • اَبْعَدَانِ • مَعْلُوْمَةٌ • قَادِمٌ • رَاقِدَاتٌ • شَارِبُوْنَ • مِرْوَحَتَانِ • مَمْلُوْحٌ • ذَاهِبَةٌ • مَکْسُوْرَانِ • عَارِفَانِ • لَمْ یَضْرِبْنَ • لَنْ تَشْرَبْنَ • مَاذَهَبْنَا • لَتَعْلَمُنَّ • لِیَحْفَظُوْا • عَرَفْتُ • لَاتَنْزِلَنَّ • فُتِحَتْ • لَایَکْتُبَانِ • لَاتُرْزَقُوْنَ • لِیَجْلِسْنَانِّ •

(٨) عربی بنائیے۔

دو پوچھنے والے • کئی پینے والیاں • ایک سمجھا ہوا • دو پہچانی ہوئی عورتیں • بیٹھنے کی ایک جگہ • داخل ہونے کی بہت سی جگہیں • کاٹنے کے دو آلے • ایک زیادہ پڑھنے والی • دو زیادہ لکھنے والے • قتل کرنے کے بہت سے آلے • دو بخشے ہوئے • ایک قید کی ہوئی • ایک روکنے والی • ایک نکلنے والا • دو ڈھونڈنے والیاں • لکھنے کی دو جگہیں • بہت سے زیادہ مدد کرنے والے • پھونکنے کا ایک آلہ • بہت سے ظلم کرنے والے • بہت سی روکی ہوئی عورتیں • ایک زیادہ تعریف کرنے والا • بہت سی زیادہ سننے والیاں • بہت سے پہچانے ہوئے • دو زیادہ مدد کرنے والیاں • وہ سب ڈرے گئے • تو ہرگز نہیں جائے گا • وہ ضرور پکائے گی • تو ہرگز مت مار • وہ سب بھیجی گئیں • تم دو (مؤنثوں) نے لکھا • ان دو (مذکروں) نے پڑھا • میں قید کی گئی • وہ جھوٹ بولتا ہے • وہ دونوں ہرگز نہیں بیٹھیں گی •

# باب دوم

## درس ⑰

**فعل متصرف** وہ فعل ہے جس سے ماضی، مضارع اور امر وغیرہ کی گردانیں آتی ہیں۔ جیسے کَتَبَ • قَرَأَ • سَمِعَ • ضَرَبَ • کَرُمَ وغیرہ۔

**اسمِ مشتق** وہ اسم ہے جو فعل سے بنایا گیا ہو۔ جیسے نَاصِرٌ • مَنْصُوْرٌ • مَنْصَرٌ • مِنْصَرٌ • اَنْصَرُ وغیرہ۔

**مصدر** وہ اسم ہے جس سے کسی کام کا ہونا، یا کرنا معلوم ہو اور اس کے اردو ترجمہ کے آخر میں نا آئے۔ جیسے الکِتَابَۃُ (لکھنا) • القِرَاءَۃُ (پڑھنا) • النَّصْرُ (مدد کرنا) • الکَرَامَۃُ (شریف ہونا، بزرگ ہونا)۔

افعال متصرفہ، اسمائے مشتقہ اور مصادر کی حروف اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں: (۱) ثلاثی (۲) رباعی۔

**ثلاثی** وہ کلمہ ہے جس میں حروف اصلیہ تین ہوں۔ جیسے نَصَرَ • اِسْتَنْصَرَ۔

**رباعی** وہ کلمہ ہے جس میں حروف اصلیہ چار ہوں۔ جیسے دَحْرَجَ • تَدَحْرَجَ۔

پھر ثلاثی ور باعی میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں: (۱) مجرد (۲) مزید فیہ۔

**ثلاثی مجرد** وہ ثلاثی ہے جس کے فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے نَصَرَ • یَنْصُرُ • نَاصِرٌ۔

**ثلاثی مزید فیہ** وہ ثلاثی ہے جس کے فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد ہو۔ جیسے قَاتَلَ • یُقَاتِلُ • مُقَاتِلٌ۔

**رباعی مجرد** وہ رباعی ہے جس کے فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے بَعْثَرَ • یُبَعْثِرُ • مُبَعْثِرٌ۔

**رباعی مزید فیہ** وہ رباعی ہے جس کے فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد ہو۔ جیسے تَسَرْبَلَ • یَتَسَرْبَلُ • مُتَسَرْبِلٌ۔

یاد رہے کہ افعال متصرفہ، اسمائے مشتقہ اور مصادر کا مجرد، یا مزید فیہ ہونا ان کے فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب سے معلوم ہوتا ہے۔ اگر وہ صیغہ حروف زائدہ سے خالی ہو تو اس کے مشتقات اور مصدر کو بھی **مجرد** کہا جاتا ہے اور اگر اس میں کوئی حرف زائد ہو تو اس کے مشتقات اور مصدر کو بھی **مزید فیہ** کہا جاتا ہے۔ جیسے کَتَبَ فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب ثلاثی مجرد ہے تو اس سے مضارع یَکْتُبُ، امر اُکْتُبْ، نہی لَاتَکْتُبْ، اسم فاعل کَاتِبٌ، اسم مفعول مَکْتُوبٌ، اسم ظرف مَکْتَبٌ، اسم آلہ مِکْتَبٌ، اسم تفضیل اَکْتَبُ اور مصدر الکِتَابَۃُ وغیرہ کو بھی ثلاثی مجرد کہا جاتا ہے اگرچہ ان میں تین سے زائد حروف بھی ہیں ـــــ اور بَعْثَرَ فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب رباعی مجرد ہے تو

مضارع یُبَعْثِرُ، اسمِ فاعل مُبَعْثِرٌ اور مصدر اَلْبَعْثَرَۃُ وغیرہ کو بھی ''رباعی مجرد'' کہا جاتا ہے۔
اسی طرح جَاھَدَ فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب ثلاثی مزید فیہ ہے تو مضارع یُجَاھِدُ، اسم فاعل مُجَاھِدٌ اور مصدر اَلْجِھَادُ وغیرہ کو بھی ''ثلاثی مزید فیہ'' کہا جاتا ہے ـــــ اور تَسَرْبَلَ فعل ماضی صیغہ واحد مذکر غائب رباعی مزید فیہ ہے تو مضارع یَتَسَرْبَلُ، اسم فاعل مُتَسَرْبِلٌ، مصدر اَلتَّسَرْبُلُ وغیرہ کو بھی ''رباعی مزید فیہ'' کہا جاتا ہے۔
فن صرف کے ماہرین نے ''حروفِ اصلیہ'' اور ''حروفِ زائدہ'' کی پہچان کے لیے ف، ع، ل کو معیار و میزان مقرر کیا ہے۔
**حروف اصلیہ** ان حروف کو کہا جاتا ہے جو ف، یا ع، یا ل کی جگہ ہوتے ہیں۔ حروف اصلیہ کو **مادّہ** بھی کہتے ہیں۔
**حروف زائدہ** ان حروف کو کہا جاتا ہے جو ف، یا ع، یا ل میں سے کسی کی جگہ نہیں ہوتے ہیں۔ جیسے فَاعَلَ کے وزن پر جَاھَدَ اور تَفَعْلَلَ کے وزن پر تَسَرْبَلَ ـــــ پہلی مثال میں الف اور دوسری مثال میں تا زائد ہے اور باقی حروفِ اصلیہ ہیں۔
جو حرف ف کی جگہ ہو اس کو **فا کلمہ** کہتے ہیں۔ اور جو حرف ع کی جگہ ہو اس کو **عین کلمہ** کہتے ہیں۔ اور جو حرف ل کی جگہ ہو اس کو **لام کلمہ** کہتے ہیں۔ جیسے فَعَلَ کے وزن پر خَرَجَ، اس میں خ فا کلمہ، ر عین کلمہ اور ج لام کلمہ ہے۔
ثلاثی مجرد کی دو قسمیں ہیں: (۱) مُطَّرِد (۲) شاذ۔
**مطرد** وہ ثلاثی مجرد ہے جس کا وزن بہت زیادہ آتا ہے۔ **شاذ** وہ ثلاثی مجرد ہے جس کا وزن بہت کم آتا ہے۔

**مطرد کے پانچ ابواب ہیں:**

**پہلا باب** فَعَلَ یَفْعُلُ کے وزن پر۔ جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ۔ **علامت:** ماضی میں عین پر فتحہ اور مضارع میں عین پر ضمہ۔ **مصدر**: اَلنَّصْرُ وَالنُّصْرَۃُ (مدد کرنا)۔
**گردان:** نَصَرَ، یَنْصُرُ، نَصْرًا (فَھُوَ) نَاصِرٌ - وَ - نُصِرَ یُنْصَرُ، نَصْرًا (فَھُوَ) مَنْصُوْرٌ، اَلْأَمْرُ مِنْهُ اُنْصُرْ، وَالنَّھْيُ عَنْهُ لَاتَنْصُرْ، اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ، وَ اَلْاٰلَۃُ مِنْهُ مِنْصَرٌ وَ مِنْصَرَۃٌ وَ مِنْصَارٌ، وَ تَثْنِیَتُھُمَا مَنْصَرَانِ وَمِنْصَرَانِ، وَ اَلْجَمْعُ مِنْھُمَا مَنَاصِرُ وَ مَنَاصِیْرُ، اَفْعَلُ التَّفْضِیْلِ مِنْهُ اَنْصَرُ، وَ اَلْمُؤَنَّثُ مِنْهُ نُصْرٰی، وَتَثْنِیَتُھُمَا اَنْصَرَانِ وَ نُصْرَیَانِ، وَ اَلْجَمْعُ مِنْھُمَا اَنْصَرُوْنَ وَ اَنَاصِرُ، وَ نُصَرٌ وَ نُصْرَیَاتٌ۔
**فائدہ:** اس گردان میں ماضی، مضارع، امر اور نہی کے صرف ایک ایک صیغے ہیں۔ ان کو مکمل گردانیں تو سب کے چودہ چودہ صیغے ہوں گے۔ اختصار کی وجہ سے اس طرح کی گردان کو اصطلاح میں **صرف صغیر** کہا جاتا

ہے۔اور اس سے پہلے تمام صیغوں پر مشتمل جو گردانیں آپ نے پڑھی ہیں انھیں **صرف کبیر** کہا جاتا ہے۔

اس ''صرف صغیر'' کو کچھ اور مختصر کیا جا سکتا ہے۔مثلاً وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَنْصُرْ کے بعد یوں کہیں:

الظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ، وَ الْاٰلَةُ مِنْهُ مِنْصَرٌ وَ مِنْصَرَةٌ وَ مِنْصَارٌ، وَ اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ انصر۔

اس میں اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل کا بھی صرف ایک ایک صیغہ ہے۔ باقی صیغے پڑھی ہوئی تفصیلی گردانوں کے انداز پر پورے کر سکتے ہیں۔ جیسے ماضی، مضارع وغیرہ کی گردان پوری کر سکتے ہیں۔

✿ **ان مصادر سے صرف صغیر سنائیں**: الطَّلَبُ (ڈھونڈنا)۔ الدُّخُوْلُ (داخل ہونا)۔ القَتْلُ (مار ڈالنا)۔ العِبَادَةُ (پرستش کرنا)۔ الكِتَابَةُ (لکھنا)۔

**دوسرا باب** فَعَلَ يَفْعِلُ کے وزن پر۔ جیسے ضَرَبَ يَضْرِبُ۔ **علامت**: ماضی میں عین پر فتحہ اور مضارع میں عین پر کسرہ۔ **مصدر**: الضَّرْبُ وَ الضَّرْبَةُ (مارنا، زمین پر چلنا، مثل بیان کرنا)۔

**گردان**: ضَرَبَ، يَضْرِبُ، ضَرْبًا (فَهُوَ) ضَارِبٌ -وَ- ضُرِبَ، يُضْرَبُ، ضَرْبًا، (فَهُوَ) مَضْرُوْبٌ الْاَمْرُ مِنْهُ اِضْرِبْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تَضْرِبْ، الظَّرْفُ مِنْهُ مَضْرِبٌ، وَ الْاٰلَةُ مِنْهُ مِضْرَبٌ وَ مِضْرَبَةٌ وَ مِضْرَابٌ، اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ اَضْرَبُ۔

✿ **ان مصادر سے صرف صغیر سنائیں**: الغَسْلُ (دھلنا)۔ الظُّلْمُ (ظلم کرنا)۔ الفَصْلُ (جدا کرنا)۔ الغَلَبُ (غلبہ کرنا، غالب ہونا)۔ المَعْرِفَةُ (پہچاننا)۔

✿ **مذکورہ مصادر سے اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل کی ''صرف کبیر'' سنائیں۔**

## تمرین

(۱) فعلِ متصرف، اسم مشتق اور مصدر کی تعریف کیجیے اور مثال بھی دیجیے۔

(۲) مجرد و مزید فیہ اور حروف اصلیہ و حروف زائدہ کی پہچان کا طریقہ بتائیے اور مثالوں سے واضح کیجیے۔

(۳) باب، فعل اور صیغہ بتائیے، پھر ترجمہ کیجیے۔

طَلَبْتُم • تُعْرفِينَ • ادخلوا • مُكْتَبٌ • اَغلبونَ • ظالمانِ • مِقْتَلَتَانِ • لاتَظلمي • مَعروفانِ • غُسِلتُ • مَفصلان • لاتتركا اكتبن • لايَطلبونَ • مَنْصُوْرٌ • اَظالِمُ • مَغالِبُ • تاركون • لن تُتركوا • لم نَفصل • محبوسَة • كاذِبٌ • أسكتُ • أكلنا • مَخرَجٌ مِكسَرٌ • لاتجلِسُ • أَنفَخُ • ادخلُ •

(۴) مندرجہ ذیل کلمات کی عربی بنائیے۔

وہ داخل ہوئی • تو لکھتا ہے • دو قتل کیے ہوئے • بہت سے پہچاننے والے • دُھلنے کی بہت سی جگہیں • جدا کرنے کا ایک آلہ • ایک زیادہ لکھنے والی • وہ سب عبادت کرتے ہیں • تم دو (مؤنثیں) ظلم نہ کرو • تو (ایک مذکر) پہچان • تو غالب ہوئی • تو (ایک مؤنث) عبادت کر • غالب ہونے والے • دُھلا ہوا • تم سب (مؤنثیں) ظلم نہ کرو • داخل ہونے کی بہت سی جگہیں • ایک زیادہ کھانے والا • جدا کرنے کی دو جگہیں • ہرگز نہیں لوٹے گا • وہ ضرور بیٹھے گا •

# درس ⑱

**تیسرا باب** فَعِلَ یَفْعَلُ کے وزن پر۔ جیسے سَمِعَ یَسْمَعُ۔ **علامت**: ماضی میں عین پر کسرہ اور مضارع میں عین پر فتحہ۔ **مصدر**: السَّمْعُ وَ السَّمَاعُ (سننا، کان لگانا)۔

**گردان**: سَمِعَ، یَسْمَعُ، سَمْعًا (فَهُوَ) سَامِعٌ - وَ- سُمِعَ، یُسْمَعُ، سَمْعًا (فَهُوَ) مَسْمُوْعٌ، الْاَمْرُ مِنْهُ اِسْمَعْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تَسْمَعْ، الظَّرْفُ مِنْهُ مَسْمَعٌ، وَ الْاٰلَةُ مِنْهُ مِسْمَعٌ وَ مِسْمَعَةٌ و مِسْمَاعٌ، اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ اَسْمَعُ۔

✿ ان مصادر سے صرف صغیر سنائیں: العِلْمُ (جاننا) ● الفَهْمُ (سمجھنا) ● الحِفْظُ (حفاظت کرنا) ● الشَّهَادَةُ (گواہی دینا) ● الحَمْدُ (تعریف کرنا)۔

✿ مذکورہ مصادر سے اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل کی پوری گردان کریں۔

**چوتھا باب** فَعَلَ یَفْعَلُ کے وزن پر۔ جیسے فَتَحَ یَفْتَحُ۔ **علامت**: ماضی اور مضارع دونوں میں عین پر فتحہ۔ یاد رہے کہ جو فعل اس وزن پر آتا ہے اس کا عین کلمہ، یا لام کلمہ حرفِ حلقی ہوتا ہے۔ **حروف حلقی** چھ ہیں: ہمزہ، ھا، عین، حا، غین، خا۔

**سوال**: رَکَنَ یَرْکَنُ اور اَبیٰ یَابیٰ اس وزن پر ہیں، لیکن ان میں عین کلمہ، یا لام کلمہ حرف حلقی نہیں ہے۔

**جواب**: یہ شاذ ہے، یعنی قانونِ صرفی کے خلاف ہے، لیکن استعمال کے موافق ہے اس لیے اس کو "شاذ مقبول" کہا جاتا ہے[1]۔ **مصدر** : الفَتْحُ (کھولنا)۔

**گردان**: فَتَحَ، یَفْتَحُ، فَتْحًا (فَهُوَ) فاتِحٌ - وَ- فُتِحَ، یُفْتَحُ، فَتْحًا (فَهُوَ) مَفْتُوْحٌ، الْاَمْرُ مِنه اِفْتَحْ، وَالنَّهْيُ عَنه لَا تَفْتَحْ، الظَّرْفُ مِنْهُ مَفْتَحٌ، وَ الْاٰلَةُ مِنْهُ مِفْتَحٌ وَ مِفْتَحَةٌ وَ مِفْتَاحٌ، اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ اَفْتَحُ۔

✿ ان مصادر سے صرف صغیر سنائیں: الْمَنْعُ (روکنا) ● الصِّبْغُ (رنگنا) ● الرَّهْنُ (رہن رکھنا) ● السَّلْخُ (کھال کھینچنا) ● القَطْعُ (کاٹنا)۔

✿ مذکورہ مصادر سے اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل کی پوری گردان کریں۔

**پانچواں باب** فَعُلَ یَفْعُلُ کے وزن پر۔ جیسے کَرُمَ یَکْرُمُ۔ **علامت**: ماضی اور مضارع دونوں میں عین پر ضمہ۔ یہ باب لازم ہے اور اس سے اسم فاعل اکثر فَعِیْلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ **مصدر**: الْکَرَمُ وَ الْکَرَامَةُ (بزرگ ہونا)۔

(۱) شاذ کی تین قسمیں ہیں: ۱- قانون کے موافق اور استعمال کے خلاف ہو۔ جیسے یَسْجُدُ کا اسم ظرف مَسْجَدٌ۔ ۲- قانون کے خلاف اور استعمال کے موافق ہو۔ جیسے یَسْجُدُ کا اسم ظرف مَسْجِدٌ۔ ۳- قانون اور استعمال دونوں کے خلاف ہو۔ جیسے یَسْجُدُ کا اسم ظرف مَسْجُدٌ ــــ ان میں پہلی دونوں قسمیں "شاذ مقبول" کہلاتی ہیں اور کلامِ فصیح میں آتی ہیں۔ اور تیسری قسم "شاذ مردود" ہے۔

**گردان:** كَرُمَ، يَكْرُمُ، كَرَمًا وَ كَرَامَةً (فَهُوَ) كَرِيْمٌ، الْاَمْرُ مِنْهُ اُكْرُمْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَكْرُمْ، الظَّرْفُ مِنْهُ مَكْرَم، وَ الْاٰلَةُ مِنْه مِكْرَمٌ وَ مِكْرَمَةٌ وَ مِكْرَامٌ، اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ اَكْرَم۔

✿ ان مصادر سے صرف صغیر سنائیں: اللُّطفُ وَ اللَّطَافَةُ (پاکیزہ ہونا) ● الْقُرْبُ (نزدیک ہونا) ● الْبُعْدُ (دور ہونا) ● الْكَثْرَةُ (زیادہ ہونا) ● الصُّعُوْبَةُ (مشکل ہونا)۔

✿ مذکورہ مصادر سے اسم ظرف، اسم آلہ اور اسم تفضیل کی "صرف کبیر" سنائیں۔

## تمرین

(۱) مطرد کے تمام اوزان علامتوں اور مثالوں کے ساتھ سنائیے۔

(۲) باب، فعل اور صیغہ بتائیے، پھر ترجمہ کیجیے۔

نَحمد ● فُتحتُ ● بَعدتِ ● يَقطعنَ ● شاهدتان ● ممنوعة ● اَلطفون ● مِحفظة ● مَصبغان ● لاتَسلخوا ● فهمتَ ● مُنعن ● اُلطفا ● تُحفَظين ● اِحفظنَ ● لاتقربُ ● يُفهمان ● مَسامع ● صُبغى ● مِقطعان ● كثير ● محمود ●

(۳) عربی بنائیے۔

بہت سی رنگنے والیاں ● گواہی دینے کی دو جگہیں ● ان دو (مذکروں) نے حفاظت کی ● وہ مشکل ہوگا ● ایک کھال کھینچا ہوا ● دو زیادہ سمجھنے والے ● سننے کے بہت سے آلے ● تم سب (مذکر) قریب مت ہو ● ایک رنگی ہوئی ● تو (ایک مؤنث) تعریف کر ● وہ قتل کی گئی ● دو رو کنے والے ● تم دونوں سنے جاتے ہو ● ایک زیادہ لکھنے والی ● تو طلب کیا گیا ● وہ دونوں عبادت کرتے ہیں ● ہم نے گواہی دی ● کھال کھینچنے کے دو آلے ● عبادت کرنے کا ایک وقت ● تو (ایک مذکر) پہچان ● تم سب (مؤنث) مت سنو ● میں ڈھونڈھا جاتا ہوں ●

# درس ⑲

## شاذ کے تین[1] ابواب ہیں:

**پہلا باب** فَعِلَ يَفْعِلُ کے وزن پر۔ جیسے حَسِبَ يَحْسِبُ۔ **علامت:** ماضی اور مضارع دونوں میں عین پر کسرہ۔ **مصدر:** الْحَسْبُ وَ الْحِسْبَانُ (گمان کرنا)۔

**گردان:** حَسِبَ، يَحْسِبُ، حَسْبًا وَ حِسْبَانًا (فَهُوَ) حَاسِبٌ ۔ وَ۔ حُسِبَ، يُحْسَبُ، حَسْبًا وَ حِسْبَانًا (فَهُوَ) مَحْسُوْبٌ، الْاَمْرُ مِنْهُ اِحْسِبْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَاتَحْسِبْ، الظَّرْفُ مِنْهُ مَحْسِبٌ، وَ الْاٰلَةُ مِنْهُ مِحْسَبٌ وَ مِحْسَبَةٌ وَ مِحْسَابٌ۔ اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ اَحْسَبُ۔

**فائدہ:** صحیح سے صرف دو مصادر اس وزن پر آتے ہیں، ایک کی گردان اوپر لکھ دی گئی ہے اور دوسری گردان آپ خود کرلیں۔ مصدر ہے: النَّعْمُ وَ النَّعْمَةُ (خوش عیش ہونا)۔

(۱) منشعب کے مصنف ملا حمزہ بدایونی نے منشعب میں اسی طرح بیان کیا ہے۔ لیکن محققین کے نزدیک شاذ صرف ایک باب (حَسِبَ، يَحْسِبُ) ہے۔ اور باقی دو ابواب (فَضِلَ يَفْضُلُ اور كَادَ يَكَادُ) مستقل باب نہیں ہیں، بلکہ ان میں تداخل ہے۔ یعنی ماضی ایک باب سے لیا گیا ہے اور مضارع کسی دوسرے باب سے، پھر دونوں کو ملا کر ایک باب بنا دیا گیا ہے۔

ہاں! معتل سے چند مصادر اس وزن پر آتے ہیں۔ جیسے وَمِقَ یَمِقُ (دوست رکھنا)• وَفِقَ یَفِقُ (موافق ہونا)• وَرِثَ یَرِثُ (وارث ہونا) وغیرہ۔

اقسام حروف کے اعتبار سے فعل کی چار قسمیں ہیں: (۱) صحیح (۲) مہموز (۳) معتل (۴) مضاعف۔

(۱) **صحیح** وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلیہ میں ہمزہ، یا حرفِ علت، یا دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں۔ جیسے فَہِمَ (اس نے سمجھا)• عَلِمَ (اس نے جانا)•

(۲) **مہموز** وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں ہمزہ ہو۔ اگر وہ ہمزہ فا کلمہ کی جگہ ہو تو اسے **مہموزِ فا** کہتے ہیں۔ جیسے أَمَرَ (اس نے حکم دیا)۔ اور اگر عین کلمہ کی جگہ ہو تو اسے **مہموزِ عین** کہتے ہیں۔ جیسے سَأَلَ (اس نے پوچھا)۔ اور اگر لام کلمہ کی جگہ ہو تو اسے **مہموزِ لام** کہتے ہیں۔ جیسے قَرَأَ (اس نے پڑھا)۔

(۳) **معتل** وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں حرفِ علت ہو۔ اگر ایک حرفِ علت ہو تو وہ یا تو فا کلمہ کی جگہ ہوگا تو اسے **مُعتلِ فا** اور **مثال** کہتے ہیں۔ جیسے وَعَدَ (اس نے وعدہ کیا)• یا عین کلمہ کی جگہ ہوگا تو اسے **معتلِ عین** اور **اجوف** کہتے ہیں۔ جیسے بَاعَ (اس نے بیچا)• یا لام کلمہ کی جگہ ہوگا تو اسے **معتلِ لام** اور **ناقص** کہتے ہیں۔ جیسے دَعَا (اس نے بلایا)۔

اور اگر دو حرفِ علت ہوں تو وہ دونوں یا تو متصل ہوں گے، یا منفصل ہوں گے۔ اگر متصل ہوں تو اسے **لفیف مقرون** کہتے ہیں۔ جیسے طَوَیٰ (اس نے لپیٹا)۔ اور منفصل ہوں تو اسے **لفیف مفروق** کہتے ہیں۔ جیسے وَقَیٰ (اس نے حفاظت کی)۔

(۴) **مضاعف** وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ جیسے فَرَّ (وہ بھاگا)• زَلْزَلَ (وہ بھونچال لایا)۔

**دوسرا باب**: فَعِلَ یَفْعُلُ کے وزن پر۔ جیسے فَضِلَ یَفْضُلُ۔ **علامت**: ماضی میں عین پر کسرہ اور مضارع میں عین پر ضمہ۔ **مصدر**: اَلْفَضْلُ (زیادہ ہونا، غلبہ کرنا)۔

**گردان**: فَضِلَ، یَفْضُلُ، فَضْلًا (فَهُوَ) فَاضِلٌ - وَ- فُضِلَ، یُفْضَلُ، فَضْلًا (فَهُوَ) مَفْضُولٌ، الأَمْرُ مِنْهُ اُفْضُلْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَاتَفْضُلْ، الظَّرْفُ مِنْهُ مَفْضَلٌ، وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مِفْضَلٌ وَ مِفْضَلَةٌ وَ مِفْضَالٌ، اَفْعَلُ التَّفْضِيلِ مِنْهُ اَفْضَلُ۔

**فائدہ**: اس وزن پر صحیح سے صرف فَضِلَ یَفْضُلُ ہے۔ اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ حَضِرَ یَحْضُرُ اور نَعِمَ یَنْعُمُ بھی اسی باب سے ہیں۔

**تیسرا باب** فَعُلَ یَفْعَلُ کے وزن پر۔ جیسے کَادَ یَکَادُ۔ **علامت**: ماضی میں عین پر ضمہ اور مضارع میں عین پر فتحہ۔ **مصدر**: اَلْکَوْدُ وَ اَلْکَیْدُوْدَۃُ (چاہنا، نزدیک ہونا)۔

**گردان:** كَادَ[1]، يَكَادُ[2]، كَوْدًا وَ كَيْدُوْدَةً[3] (فَهُوَ) كَائِدٌ[4] -وَ- كِيْدَ[5]، يُكَادُ[6]، كَوْدًا وَ كَيْدُوْدَةً (فَهُوَ) مَكُوْدٌ[7]، اَلْاَمْرُ مِنْهُ كَدْ[8]، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تَكَدْ[9]، اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَكَادٌ[10]، وَ الْاٰلَةُ مِنْهُ مِكْوَدٌ[11]، وَ مِكْوَدَةٌ وَ مِكْوَادٌ، اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ مِنْهُ اَكْوَدُ۔

## تمرین

(۱) شاذ کے تمام اوزان علامتوں اور مثالوں کے ساتھ سنائیے۔

(۲) صحیح، مہموز، معتل اور مضاعف کی تعریف کیجیے اور مثالیں بھی دیجیے۔

(۳) باب، فعل اور صیغہ بتائیے، پھر ترجمہ کیجیے۔

يَحسِبُوْنَ • لاتنعِمَا • لَاتَنْعُمِي • حَضِرْنَ • كَادُوْا • اَكَاوِدُ • مَفضولتان • نَاعمَاتٌ • احسِبُوْا • مَفضل • مِفضلانِ • لطيف • مرفوعة • فُتحتُ • يَشربنَ • ادخلِي • تُظلَم • مِقطعة • مَشهدان • اعلمون • تُرزقُوْنَ • قُتلنا •

(۴) عربی بنائیے۔

وہ نزدیک ہوئی • تو لوٹا • تو قید کی گئی • وہ سوار ہوا • دو رنگے ہوئے • ایک پہننے والی • کئی پکانے والیاں • پھونکنے کا ایک آلہ • نکلنے کی بہت سی جگہیں • دو زیادہ سمجھنے والے • آنے کا ایک وقت • سننے کے چند آلے • کئی زیادہ جاننے والے • لکھی ہوئی • تو (ایک مذکر) سوار ہو • تو (ایک مؤنث) گواہی دے • تم سب (مذکر) قتل مت کرو • تم سب (مؤنثیں) مت لکھو • وہ سب دور کی جاتی ہیں • وہ سب مارے جائیں گے • تو پڑھے گا • میں سنوں گا •

# درس (۲۰)

ثلاثی مزید فیہ کی دو قسمیں ہیں: (۱) مُلحَق (۲) غیر مُلحَق، اس کو "مُطلَق" بھی کہتے ہیں۔

**الحاق** کا لغوی معنی ہے: ایک شے کو دوسری شے سے ملانا۔ اور اصطلاحی معنی ہے: ثلاثی میں ایک، یا زیادہ حرف بڑھا کر اس کو رباعی مجرد، یا مزید فیہ کا ہم وزن کر دینا۔

**مُلحَق** وہ ثلاثی ہے جو کسی حرف کے بڑھنے سے رباعی کے وزن پر ہو جائے اور اس میں بابِ ملحق بہ کے علاوہ کوئی دوسرا معنی نہ ہو۔ یعنی اس میں باب ملحق بہ کی خاصیات کے علاوہ کوئی دوسری خاصیت نہ پائی جائے۔ خاصیت

---

(۱) كَادَ اصل میں كَوِدَ تھا۔ واو متحرک اور اس سے پہلے فتحہ تھا، اس لیے واو کو الف سے بدل دیا گیا۔ (۲) يَكَادُ اصل میں يَكْوَدُ تھا۔ واو متحرک اور اس سے پہلے حرف صحیح ساکن تھا، اس لیے واو کی حرکت ماقبل کو دے دی، پھر واو جو اصل میں متحرک تھا اب ماقبل فتحہ ہونے کی وجہ سے الف سے بدل گیا۔ (۳) كَيْدُوْدَةً اصل میں كَيْوَدُوْدَةً تھا۔ واو اور یا ایک کلمہ میں جمع ہوئے، پہلا حرف ساکن تھا اس لیے واو کو یا سے بدل کر یا میں ادغام کر دیا، پھر تخفیف کے لیے ایک یا کو حذف کر دیا كَيْدُوْدَةً ہو گیا۔ (۴) كَائِدٌ اصل میں كَاوِدٌ تھا۔ واو الفِ زائد کے بعد پڑا، اس کو ہمزہ سے بدل دیا۔ كَائِدٌ ہو گیا۔ (۵) كِيْدَ اصل میں كُوِدَ تھا۔ واو کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی اور اس کی حرکت دور کر دی، پھر ماقبل کسرہ ہونے کی وجہ سے واو کو یا سے بدل دیا۔ كِيْدَ ہو گیا۔ (۶) يُكَادُ: اس میں يَكَادُ کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔ (۷) مَكُوْدٌ اصل میں مَكْوُوْدٌ تھا۔ واو پر ضمہ دشوار تھا، نقل کر کے ماقبل کو دیا، دو ساکن جمع ہوئے ایک کو حذف کر دیا۔ مَكُوْدٌ ہو گیا۔ (۸) كَدْ اصل میں اِكْوَدْ تھا۔ يَكَادُ کے قاعدے سے واو الف ہو گیا، پھر الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا اور شروع میں ہمزۂ وصل کی ضرورت باقی نہ رہی اس لیے ہمزہ بھی حذف ہو گیا۔ كَدْ بن گیا۔ (۹) لَاتَكَدْ اصل میں لَاتَكْوَدْ تھا۔ يَكَادُ کے قاعدہ سے واو الف ہو گیا، پھر اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر گیا۔ لَاتَكَدْ ہو گیا۔ (۱۰) مَكَادٌ اصل میں مَكْوَدٌ تھا۔ يَكَادُ کے قاعدہ سے واو الف ہو گیا۔ (۱۱) مِكْوَدٌ: اس میں بھی يَكَادُ والا قاعدہ جاری ہو کر مِكَادٌ ہونا چاہیے تھا، لیکن چوں کہ اسم آلہ کا اصل وزن مِفْعَالٌ ہے اور باقی دونوں اوزان اس کی فرع ہیں۔ یہاں مِكْوَادٌ میں واو الف نہیں ہوا، کیوں کہ وہ مدہ زائدہ سے پہلے ہے، تو باقی اوزان میں بھی واو کو الف نہیں کیا گیا تا کہ اصل وزن کی موافقت رہے۔

ہی کو **معنیٔ باب** بھی کہتے ہیں۔ (ابواب کی خاصیات کا بیان اگلی کتابوں میں آئے گا)۔ جیسے جَلْبَبَ جو پہلے جَلَبَ تھا، ایک با کے اضافہ سے رباعی مجرد (فَعْلَلَ) کے وزن پر ہو گیا۔ اور رباعی مجرد کا ایک معنی الباسِ ماخذ (ماخذ پہنانا) ہے جو جَلْبَبَ کے اندر موجود ہے، کیوں کہ اس کا معنی ہے: چادر پہنانا۔ اور اس کے علاوہ دوسرا معنی اس میں نہیں ہے۔ لہذا یہ ملحق برباعی مجرد ہے۔

**الحاق کی شرط** یہ ہے کہ ملحق کا مصدر ملحق بہ کے مصدر کے موافق ہو، لہذا جَلْبَبَ، دَحْرَجَ کے ساتھ ملحق ہے، کیوں کہ اس کا مصدر جَلْبَبَةٌ، دَحْرَجَةٌ کے موافق ہے۔

**الحاق کی غرض** یہ ہے کہ جو معاملہ ملحق بہ کے ساتھ کیا جاتا ہے، وہی معاملہ ملحق کے ساتھ بھی کیا جائے۔ مثلاً اسما میں تکسیر و تصغیر کا معاملہ اور افعال میں درستی وزن وسجع کا معاملہ۔

**مطلق** وہ ثلاثی ہے جو کسی حرف کے بڑھنے سے رباعی کے وزن پر نہ ہو۔ جیسے اِجْتَنَبَ، یا رباعی کے وزن پر ہو جائے، مگر بابِ ملحق بہ کے علاوہ اس میں دوسرا معنی بھی ہو۔ جیسے اَکْرَمَ، کہ اس میں رباعی کے معنی وخاصیت کے علاوہ معانی بھی ہیں۔ جیسے تعدیہ (متعدی بنانا) وغیرہ۔

ثلاثی مزید فیہ ملحق کا سمجھنا رباعی کے سمجھنے پر موقوف ہے اس لیے اس کا ذکر رباعی کے ذکر کے بعد ہوگا۔

**ثلاثی مزید فیہ مطلق** کی دو قسمیں ہیں: (۱) باہمزۂ وصل (۲) بےہمزۂ وصل۔

## باہمزۂ وصل کے نو ابواب ہیں:

**پہلا باب** اِفْتِعَال کے وزن پر۔ جیسے الِاجْتِنَابُ (دور ہونا، ایک طرف ہونا، پرہیز کرنا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور فاوعین کلمہ کے درمیان تا زائد ہونا۔ **فائدہ:** اس باب سے لازم ومتعدی دونوں طرح کے افعال آتے ہیں۔

**گردان:** اِجْتَنَبَ، یَجْتَنِبُ، اِجْتِنَابًا، (فَهُوَ) مُجْتَنِبٌ - وَ- اُجْتُنِبَ، یُجْتَنَبُ، اِجْتِنَابًا (فَهُوَ) مُجْتَنَبٌ، الْاَمْرُ مِنْهُ اِجْتَنِبْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تَجْتَنِبْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: الِاقْتِبَاسُ (چننا، حاصل کرنا) ● الِاقْتِنَاصُ (شکار کرنا) ● الِالْتِمَاسُ (طلب کرنا) ● الِاعْتِزَالُ (کنارہ کش ہونا) ● الِاحْتِمَالُ (اٹھانا) ● الِاخْتِطَافُ (اُچک لینا)۔

✿ افتعال کے وزن پر اردو میں استعمال ہونے والے کم از کم دس مصادر اور ان کے اسم فاعل واسم مفعول لکھیں۔

**دوسرا باب:** اِسْتِفْعَال کے وزن پر۔ جیسے الِاسْتِنْصَارُ (مدد طلب کرنا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ، سین اور تا زائد ہونا۔ **فائدہ:** اس باب سے بھی لازم ومتعدی دونوں طرح کے افعال آتے ہیں۔

**گردان:** اِسْتَنْصَرَ، یَسْتَنْصِرُ، اِسْتِنْصَارًا، (فَهُوَ) مُسْتَنْصِرٌ - وَ- اُسْتُنْصِرَ، یُسْتَنْصَرُ، اِسْتِنْصَارًا (فَهُوَ) مُسْتَنْصَرٌ، الْاَمْرُ مِنْهُ اِسْتَنْصِرْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تَسْتَنْصِرْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: اَلْاِسْتِغْفَارُ (بخشش چاہنا)• اَلْاِسْتِفْسَارُ (وضاحت چاہنا)• اَلْاِسْتِنْفَارُ (بھاگنا، بھگانا)• اَلْاِسْتِخْلَافُ (خلیفہ بنانا)• اَلْاِسْتِمْتَاعُ (نفع اٹھانا)۔

✿ استفعال کے وزن پر اردو میں استعمال ہونے والے کم از کم پانچ مصادر اور ان کے اسم فاعل واسم مفعول لکھیں۔

## تمرین

(۱) ملحق ومطلق کی تعریف کیجیے اور مثال بھی دیجیے۔

(۲) الحاق کا لغوی واصطلاحی معنی بتائیے اور اس کی شرط وغرض بھی واضح کیجیے۔

(۳) باب، فعل اور صیغہ بتائیے، پھر ترجمہ کیجیے۔

اِسْتَغْفِرْ • يَلتمسونَ • مُقتبَسات • اجتَنبتَ • مَااقتنصتِ • مَاالتُمِستُ • بُعِثتُ • مَجلِسٌ • اَبعدون • لَاتعتزلا • مُحتمِلةٌ • يُختَطَفنَ • لَاتَستنصرون • لَاتُرزَقون • لَم تَستغفري • لن اَستَفسِر • لَيَستخلفانّ • مِحفظتان • لن نُمدح • لم يُغفرا •

(۴) عربی بنائیے۔

وہ دونوں خلیفہ بنائے گئے • تم دونوں نہیں بھگائے گئے • ہم دونوں نفع اٹھاتے ہیں • وہ سب بخشش نہیں چاہتی ہیں • تو (ایک مؤنث) اچک لے • وہ دونوں ضرور طلب کریں گی • ان سب (مذکروں) نے شکار کیا • ان سب (مؤنثوں) کو نہیں چُنا جائے گا • تم دو (مؤنثوں) کی مدد کی جائے گی • میں ہرگز نہیں روکا جاؤں گا • میں پہچانی جاؤں گی • میں ہرگز شکار نہیں کروں گی • پہچاننے کے دو آلے • زیادہ دھونے والیاں • تم سب (مؤنث) مت بھاگو • بہت سی مدد چاہنے والیاں • دو بھیجے ہوئے • لکھنے کی دو جگہیں •

## درس (۲۱)

**تیسرا باب** اِنْفِعَال کے وزن پر۔ جیسے اَلْاِنْفِطَارُ (پھٹنا)۔ **علامت**: ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور نون زائد ہونا۔ **فائدہ**: یہ باب لازم ہے، یعنی جو فعل بھی اس وزن پر آئے گا وہ لازم ہوگا۔

**گردان**: اِنْفَطَرَ، يَنْفَطِرُ، اِنْفِطَارًا (فَهُوَ) مُنْفَطِرٌ، اَلْاَمْرُ مِنْهُ اِنْفَطِرْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَاتَنْفَطِرْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر سنائیں: اَلْاِنْصِرَافُ (لوٹنا)• اَلْاِنْقِلَابُ (پلٹنا)• اَلْاِنْخِفَافُ (ہلکا ہونا)• اَلْاِنْشِعَابُ (شاخ در شاخ ہونا)• اَلْاِنْفِصَالُ (جدا ہونا)۔

✿ انفعال کے وزن پر اردو میں استعمال ہونے والے کم از کم پانچ مصادر اور ان کے اسم فاعل لکھیں۔

**چوتھا باب** اِفْعِلَال کے وزن پر۔ جیسے اَلْاِحْمِرَارُ (سرخ ہونا)۔ **علامت**: ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور لام کلمہ کے بعد اسی جنس کا ایک حرف زائد ہونا، یعنی لام کلمہ کی تکرار۔ **فائدہ**: یہ باب بھی لازم ہے۔

**گردان**: اِحْمَرَّ[1] يَحْمَرُّ، اِحْمِرَارًا (فَهُوَ) مُحْمَرٌّ، اَلْاَمْرُ[2] مِنْهُ اِحْمَرَّ، اِحْمَرِّ، اِحْمَرِرْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَحْمَرَّ، لَا تَحْمَرِّ، لَا تَحْمَرِرْ۔

---

(۱) اِحْمَرَّ اصل میں اِحْمَرَرَ تھا، يَحْمَرُّ اصل میں يَحْمَرِرُ تھا اور مُحْمَرٌّ اصل میں مُحْمَرِرٌ تھا۔ دو حرف صحیح ایک جنس کے ایک کلمہ میں جمع ہوئے۔ پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیا اِحْمَرَّ، يَحْمَرُّ اور مُحْمَرٌّ ہوگیا۔ (۲) اس باب کے امر اور نہی میں تین صورتیں ہیں۔ ایک صورت یہ ہے کہ ادغام کے بعد آخری حرف کو فتحہ دیا جائے، کیوں کہ وہ اخف الحرکات ہے۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ ادغام کے بعد آخری حرف کو کسرہ دیا جائے، کیوں کہ ساکن کو جب حرکت دی جاتی ہے تو کسرہ کی دی جاتی ہے۔ اور تیسری صورت یہ ہے کہ ادغام نہ کیا جائے، بلکہ اصل پر باقی رکھا جائے۔

✿ ان مصادر سے ''صرف صغیر'' سنائیں: اَلْاِخْضِرَارُ (سبز ہونا) ● اَلْاِصْفِرَارُ (زرد ہونا) ● اَلْاِغْبِرَارُ (غبار آلود ہونا) ● اَلْاِبْلِقَاقُ (چتکبرا ہونا) ● اَلْاِسْوِدَادُ (کالا ہونا)۔

**پانچواں باب** اِفْعِیْلَال کے وزن پر۔ جیسے اَلْاِدْهِيْمَامُ (سیاہ ہونا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور عین کلمہ کے بعد الف زائد ہونا اور لام کلمہ میں تکرار۔ **فائدہ**: یہ باب بھی لازم ہے۔

**گردان:** اِدْهَامَّ[1]، يَدْهَامُّ، اِدْهِيمَامًا (فَهُوَ) مُدْهَامٌّ، اَلْاَمْرُ[2] مِنْهُ اِدْهَامَّ ، اِدْهَامِّ، اِدْهَامِمْ، وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَدْهَامَّ، لَا تَدْهَامِّ، لَا تَدْهَامِمْ۔

✿ ان مصادر سے ''صرف صغیر'' سنائیں: اَلْاِسْمِيْرَارُ (گندم گوں ہونا) ● اَلْاِكْمِيْتَاتُ (گھوڑے کا سرخ و سفید ہونا) ● اَلْاِشْهِيْبَابُ (گھوڑے کا سفید ہونا) ● اَلْاِصْحِيْرَارُ (گھاس خشک ہونا) ● اَلْاِحْمِيْرَارُ (سرخ ہونا)۔

**چھٹا باب** اِفْعِيْعَال کے وزن پر۔ جیسے اَلْاِخْشِيْشَانُ (سخت کھردرا ہونا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور عین کلمہ کے بعد واو پھر عین کلمہ کی جنس سے ایک حرف زائد ہونا۔ **فائدہ:** یہ باب بھی لازم ہے اور قرآن پاک میں نہیں آیا ہے۔

**گردان:** اِخْشَوْشَنَ، يَخْشَوْشِنُ، اِخْشِيْشَانًا (فَهُوَ) مُخْشَوْشِنٌ، اَلْاَمْرُ مِنْهُ اِخْشَوْشِنْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تَخْشَوْشِنْ۔

✿ ان مصادر سے ''صرف صغیر'' سنائیں: اَلْاِخْرِيْرَاقُ (کپڑا پھٹنا) ● اَلْاِخْلِيْلَاقُ (کپڑا پرانا ہونا) ● اَلْاِمْلِيْلَاحُ (پانی کھارا ہونا) ● اَلْاِحْدِيْدَابُ (کبڑا ہونا)۔

## تمرین

(۱) باب، فعل اور صیغہ بتائیے، پھر ترجمہ کیجیے۔

احْلَوْدَبَا ● ما املولَحَ ● اَحمارُّ ● لَايَسمارون ● ظُلمتِ ● ما جُرحتَ ● تُبعتُ ● لانُقتل ● لم تَنقلبي ● لن يَنصرفن ● لن نُضربن ● لم تُنصروا ● لَيُكتبنانِّ ● لتُدفعنان ● اِصْفَرِرْ ● اخضَرِّ ● لا تنشعبُ ● مُخرورِقَانِ ● مُقتنصون ● مكاتب ●

(۲) عربی بنائیے۔

جدا ہونے والی ● تم دو (مؤنث) غبار آلود نہ ہو ● وہ سب سرخ ہوں گے ● وہ زرد نہیں ہوگا ● وہ دونوں کالے ہوں گے ● وہ کبڑی نہیں ہوگی ● وہ دونوں ضرور پلٹیں گی ● وہ دونوں ہرگز نہیں بھاگیں گے ● تو (ایک مؤنث) بخشش چاہ ● وہ نہیں پوچھے جائیں گے ● تو نہیں بھیجی جائے گی ● میں ہرگز نہیں پہچانا جاؤں گا ● بیٹھنے کی دو جگہیں ● پکانے کے بہت سے آلے ● دھوئی ہوئی ●

## درس (۲۳)

**ساتواں باب** اِفْعِوَّال کے وزن پر۔ جیسے اَلْاِجْلِوَّاذُ (دوڑنا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور عین کلمہ کے بعد واوِ مُشدّد زائد ہونا۔ **فائدہ:** یہ باب بھی اکثر لغات کے اعتبار سے لازم ہے اور قرآن پاک میں نہیں ہے۔

---

(۱) اس باب کے ماضی، مضارع اور اسم فاعل میں ادغام کی وہی صورت ہے جو باب اِحْمَرَّ میں مذکور ہے۔ (۲) اس باب کے امر و نہی میں بھی وہ تین صورتیں ہیں جو باب اِحْمَرَّ کے امر و نہی میں بیان کی گئیں۔

**گردان:** اِجلَوَّذَ، یَجلَوِّذُ، اِجلِوَّاذًا (فَھُوَ) مُجلَوِّذٌ، الْاَمْرُ مِنْهُ اِجلَوِّذْ، وَ النَّھْیُ عَنْهُ لَا تَجلَوِّذْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: اَلْاِخْرِوَّاطُ (راستہ دراز ہونا، تیز چلنا،) • اَلْاِعْلِوَّاطُ (اونٹ کی گردن پکڑ کر اس پر سوار ہونا)۔

**آٹھواں باب** اِفَّاعُل کے وزن پر۔ جیسے اَلْاِثَّاقُلُ (بھاری ہونا، اپنے آپ کو بھاری بنانا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور فاوعین کے درمیان الف زائد ہونا اور فاکلمہ کی تکرار۔

**گردان:** اِثَّاقَلَ، یَثَّاقَلُ، اِثَّاقُلًا (فَھُوَ) مُثَّاقِلٌ، الْاَمْرُ مِنه اِثَّاقَلْ، وَ النَّھْیُ عَنْهُ لَا تَثَّاقَلْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: اَلْاِدَّارُكُ (پہنچنا، پہنچانا) • اَلْاِسَّاقُطُ (پھل درخت سے گرنا)۔ اَلْاِشَّابُهُ (ہم شکل ہونا) • اَلْاِصَّالُحُ (آپس میں صلح کرنا)۔

**نواں باب** اِفَّعُّل کے وزن پر۔ جیسے اَلْاِطَّھُّرُ (پاک ہونا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ زائد ہونا اور فاوعین کلمہ کی تکرار، یعنی دونوں کا مشدد ہونا۔

**گردان:** اِطَّھَّرَ، یَطَّھَّرُ، اِطَّھُّرًا (فَھُوَ) مُطَّھِّرٌ، الْاَمْرُ مِنْهُ اِطَّھَّرْ، وَ النَّھْیُ عنهُ لَا تَطَّھَّرْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: اَلْاِزَّمُّلُ (کپڑا اوڑھنا) • اَلْاِضَّرُّعُ (عاجزی کرنا) • اَلْاِجَّنُّبُ (دور ہونا) • اَلْاِدَّکُّرُ (نصیحت قبول کرنا، یاد کرنا)۔

**فائدہ:** اِفَّاعُلٌ اصل میں تَفَاعُلٌ اور اِفَّعُّلٌ اصل میں تَفَعُّلٌ تھا، تا کو ساکن کر کے فا سے بدل دیا گیا، اب دو حرف ایک طرح کے جمع ہوئے تو ایک کو دوسرے میں ملا دیا گیا، پھر شروع میں ہمزۂ وصل لایا گیا تا کہ ابتدا بہ سکون لازم نہ آئے، اس طرح سے تَفَاعُلٌ اِفَّاعُلٌ اور تَفَعُّلٌ اِفَّعُّلٌ ہو گیا۔

اس سے معلوم ہوا کہ ثلاثی مزید فیہ باہمزۂ وصل کے کل سات ابواب ہیں اور آخر کے دو ابواب ادغام کے بعد شروع میں ہمزۂ وصل آنے کی وجہ سے ثلاثی مزید فیہ باہمزۂ وصل میں شامل کر لیے گئے، ورنہ دراصل یہ ثلاثی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل سے ہیں۔

## تمرین

(۱) ثلاثی مزید فیہ باہمزۂ وصل کے کتنے ابواب ہیں؟ علامتوں اور مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

(۲) باب، فعل اور صیغہ بتائیے، پھر ترجمہ کیجیے۔

یَطَّھَّرْنَ • لَاتَجلَوِّذي • اِصَّالَحُ • لَمْ یذَّکَروا • لَن تخروِّطَ • مَا اعلوّطا • لاتثَّاقلون • مُزَّمّلون • اِدَّارَكتُ • لِیشَّابھْنَ • ضُرِبْنَا • تُسمعین • مَاقُتِلتِ • لانُلدغ • مَجلسان • اَعلمان • مِنشرةٌ • مَلبوسٌ •

(۳) عربی بنائیے۔

دو نصیحت قبول کرنے والے • عبادت کرنے کی بہت سی جگہیں • تم دو (مذکر) دوڑو • تو (ایک مؤنث) عاجزی نہ کر • وہ سب ضرور آپس میں صلح کریں گی • کاٹنے کے دو آلے • وہ ہرگز کپڑا نہیں اوڑھے گی • تم سب سیاہ ہو رہے ہو • وہ سرخ ہو گئی • تو مدد نہیں چاہتی ہے • میں نے شکار نہیں کیا • وہ جدا کی جائے گی • بہت سے زیادہ دیکھنے والے • میں روکا گیا •

# درس (۲۳)

## ثلاثی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کے پانچ ابواب ہیں:

**پہلا باب** اِفْعَال کے وزن پر۔ جیسے اَلْاِکْرَامُ (عزت کرنا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزۂ قطعی زائد ہونا۔

**گردان:** أَكْرَمَ، يُكْرِمُ(۱)، إِكْرَامًا (فَهُوَ) مُكْرِمٌ - وَ- أُكْرِمَ، يُكْرَمُ، إِكْرَامًا (فَهُوَ) مُكْرَمٌ، اَلْاَمْرُ مِنْهُ أَكْرِمْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تُكْرِمْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: اَلْإِسْلَامُ (مسلمان ہونا، تابعدار ہونا) ● اَلْإِذْهَابُ (لے جانا) ● اَلْإِعْلَانُ (اعلان کرنا، ظاہر کرنا) ● اَلْإِكْمَالُ (پورا کرنا) ● اَلْإِخْرَاجُ (نکالنا)۔

✿ افعال کے وزن پر اردو میں استعمال ہونے والے کم از کم پندرہ مصادر اور ان کے اسم فاعل واسم مفعول لکھیں۔

**دوسرا باب** :تَفْعِيل کے وزن پر۔ جیسے اَلتَّصْرِيفُ (پھیرنا)۔ **علامت:** ماضی میں عین کلمہ مُشدّد ہونا۔

**گردان:** صَرَّفَ، يُصَرِّفُ، تَصْرِيفًا (فَهُوَ) مُصَرِّفٌ - وَ - صُرِّفَ، يُصَرَّفُ، تَصْرِيفًا (فَهُوَ) مُصَرَّفٌ، اَلْاَمْرُ مِنْهُ صَرِّفْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تُصَرِّفْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: اَلتَّكْذِيبُ (جھٹلانا) ● اَلتَّقْدِيمُ (آگے کرنا) ● اَلتَّمْكِينُ (جگہ دینا) ● اَلتَّعْظِيمُ (تعظیم کرنا) ● اَلتَّعْجِيلُ (جلدی کرنا)۔

✿ تفعیل کے وزن پر اردو میں استعمال ہونے والے پندرہ مصادر اور ان کے اسم فاعل واسم مفعول لکھیں۔

**تیسرا باب** تَفَعُّل کے وزن پر۔ جیسے اَلتَّقَبُّلُ (قبول کرنا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے تا زائد ہونا اور عین کلمہ مُشدّد ہونا۔ **فائدہ:** باب تَفَعُّل، تَفَاعُل اور تَفَعْلُل کے مضارع معروف اور نہی معروف میں جب شروع کلمہ میں دو تا جمع ہوں تو ایک تا کو حذف کرنا جائز ہے۔ لہٰذا مضارع تَتَقَبَّلُ اور نہی لَا تَتَقَبَّلْ کی جگہ تَقَبَّلُ اور لَا تَقَبَّلْ استعمال کر سکتے ہیں۔

**گردان:** تَقَبَّلَ، يَتَقَبَّلُ، تَقَبُّلًا، (فَهُوَ) مُتَقَبِّلٌ - وَ - تُقُبِّلَ، يُتَقَبَّلُ، تَقَبُّلًا (فَهُوَ) مُتَقَبَّلٌ، اَلْاَمْرُ مِنْهُ تَقَبَّلْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تَتَقَبَّلْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: اَلتَّفَكُّهُ (پھل کھانا) ● اَلتَّلَبُّثُ (دیر کرنا) ● اَلتَّعَجُّلُ (جلدی کرنا) ● اَلتَّبَسُّمُ (مسکرانا) ● اَلتَّعَلُّمُ (سیکھنا)۔

✿ تفعّل کے وزن پر اردو میں استعمال ہونے والے دس مصادر اور ان کے اسم فاعل واسم مفعول لکھیں۔

---

(۱) یُکْرِمُ اصل میں یُؤَکْرِمُ تھا، واحد متکلم أَأَکْرِمُ میں دو ہمزہ جمع ہوئے تو دوسرا ہمزہ حذف کر دیا گیا، پھر اس کی موافقت میں تمام صیغوں سے ہمزہ حذف کر دیا گیا۔ لیکن جب امر حاضر بنایا جاتا ہے تو علامتِ مضارع حذف کرنے کے بعد وہ ہمزہ لوٹ آتا ہے، اس لیے اس باب کے امر حاضر کا ہمزہ وصلی نہیں، بلکہ قطعی ہوتا ہے۔

**چوتھا باب** مُفَاعَلَۃٌ کے وزن پر۔ جیسے المُقَاتَلَۃُ وَ القِتَالُ (آپس میں لڑنا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ کے بعد الف زائد ہونا۔

**گردان:** قَاتَلَ، یُقَاتِلُ، مُقَاتَلَۃً وَ قِتَالًا (فَهُوَ) مُقَاتِلٌ - وَ - قُوْتِلَ، یُقَاتَلُ، مُقَاتَلَۃً وَ قِتَالًا (فَهُوَ) مُقَاتَلٌ، الاَمْرُ مِنْهُ قَاتِلْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَاتُقَاتِلْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: المُعَاقَبَۃُ وَ العِقَابُ (عذاب کرنا) • المُخادَعَۃُ وَ الخِدَاعُ (فریب دینا) • المُلَازَمَۃُ وَ اللِزَامُ (لازم پکڑنا) • المُبَارَکَۃُ (برکت دینا) المُجَالَسَۃُ (پاس بیٹھنا)۔

✿ مفاعلت کے وزن پر اردو میں استعمال ہونے والے پندرہ مصادر اور ان کے اسم فاعل واسم مفعول لکھیں۔

**پانچواں باب** تَفَاعُل کے وزن پر۔ جیسے التَّقَابُلُ (ایک دوسرے کے سامنے ہونا)۔ **علامت:** ماضی میں فاکلمہ سے پہلے تا اور فاکلمہ کے بعد الف زائد ہونا۔

**گردان:** تَقَابَلَ، یَتَقَابَلُ، تَقَابُلًا، (فَهُوَ) مُتَقَابِلٌ - وَ - تُقُوبِلَ، یُتَقَابَلُ، تَقَابُلًا (فَهُوَ) مُتَقَابَلٌ، الاَمْرُ مِنْهُ تَقَابَلْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَا تَقَابَلْ۔

✿ ان مصادر سے "صرف صغیر" سنائیں: التَّخَافُتُ (آہستہ گفتگو کرنا) • التَّعَارُفُ (ایک دوسرے کو پہچاننا) • التَّفَاخُرُ (آپس میں فخر کرنا) • التَّبَاعُدُ (ایک دوسرے سے دور ہونا) • التَّبَاغُضُ (آپس میں دشمنی کرنا)۔

✿ تفاعُل کے وزن پر اردو میں استعمال ہونے والے سات مصادر اور ان کے اسم فاعل واسم مفعول لکھیں۔

## تمرین

(۱) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کے تمام ابواب علامتوں اور مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

(۲) باب، فعل اور صیغہ بتائیے، پھر ترجمہ کیجیے۔

تباغضنا • لاتَبَاعدانِ • یتفاخرن • لم تتعارفا • مَاتَخافَتنَ • مُتقابلان • لَاتُجالسوا • لَیُقاتِلنَّ • لن نُلازِمَ • اِذهبي • مُخرَجۃٌ • قَدِّموا • لَاتُعجِّلنَ • نُصرتِ • اُدفَع • ما کُسِرَتْ • لایُضرَبون • مَنزِل • مِفتاحان • اُصبُر •

(۳) عربی بنائیے۔

دو زیادہ لکھنے والے • کھایا ہوا • دو مسکرانے والیاں • تو (ایک مؤنث) نہ پھیر • تم سب تعظیم کرو • قتل کرنے کے بہت سے آلے • ایک عبادت گاہ • وہ ضرور اعلان کرے گی • میں ہرگز قبول نہیں کروں گی • وہ دونوں کپڑا اوڑھتی ہیں • وہ دونوں جدا ہوئے • وہ دونوں شکار نہیں کریں گے • میں کبڑا نہیں ہوا • وہ نہیں بھیجا گیا • تو زخمی کی گئی • وہ قید کی جائے گی • تو نہیں روکا جائے گا •

## درس ۲۴

**رباعی مجرد کا ایک باب** ہے فَعْلَلَۃٌ کے وزن پر۔ جیسے البُعْثَرَۃُ (ابھارنا)۔ **علامت:** ماضی میں چار حروف اصلیہ ہونا اور کوئی حرف زائد نہ ہونا۔ **فائدہ:** اس باب سے لازم ومتعدی دونوں طرح کے افعال آتے ہیں۔

**گردان:** بَعْثَرَ، یُبَعْثِرُ، بَعْثَرَۃً (فَهُوَ) مُبَعْثِرٌ - وَ - بُعْثِرَ، یُبَعْثَرُ، بَعْثَرَۃً، (فَهُوَ) مُبَعْثَرٌ، الاَمْرُ مِنْهُ بَعْثِرْ، وَ النَّهْيُ عَنْهُ لَاتُبَعْثِرْ۔

✿ ان مصادر سے ''صرف صغیر'' سنائیں: اَلدَّحْرَجَۃُ (لڑھکانا) • اَلْعَسْکَرَۃُ (لشکر تیار کرنا) • اَلْقَنْطَرَۃُ (مال دار ہونا، پل باندھنا) • اَلزَّعْفَرَۃُ (زعفران سے رنگنا) • اَلتَّرْجَمَۃُ (ایک زبان کا معنی دوسری زبان میں بتانا)۔

**رباعی مزید فیه** کی دو قسمیں ہیں: (۱) بے ہمزۂ وصل (۲) با ہمزۂ وصل۔

**رباعی مزید فیه بے همزۂ وصل کا ایک باب** ہے تَفَعْلُلٌ کے وزن پر۔ جیسے اَلتَّسَرْبُلُ (کرتا پہننا)۔

**علامت:** ماضی میں چار حروف اصلیہ سے پہلے تا زائدہ ہونا۔ **فائدہ:** یہ باب لازم ہے اور قرآن پاک میں نہیں آیا ہے۔

